روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات میں

JULY-2015

ماہنامہ

خزینۂ روحانیات لاہور

جلد نمبر 6 | شمارہ نمبر 3

قیمت 50 روپے

رمضان المبارک

کاروبار نہیں چل رہا۔۔۔۔حل

رمضان المبارک کا خاص الخاص عمل

دریائے راوی پر چھل پیری کی خوفناک داستان

جنات بچے کو اٹھا کر پھینکتے ہیں

عمل طس۔۔۔ سیل بڑھانے کا لاجواب عمل

ایک وقت کا عمل، ایک ماہ میں حاجت پوری

بھیانک امراض و اثرات سے نجات کس طرح؟

سخت گرمی کے مہینے میں روزے ایسے گزریں جیسے دسمبر کا مہینہ

تمام قارئین کو ادارے کی جانب سے پیشگی "عید مبارک" ہو

دار العمل چشتیہ ٹرسٹ

کیا آپ چاہتے ہیں کہ مصائب، بلیات، آفات اور پریشانیوں سے محفوظ رہیں

آج ہر انسان پریشان ہے۔ پریشانیوں سے محفوظ رہنے کے لئے رسول اکرم ﷺ کا ارشاد ہے: ''بَادِرُوْا بِالصَّدَقَةِ فَاِنَّ الْبَلَاءَ لَا یَتَخَطَّاهَا''

ترجمہ: ''مصیبت آنے سے پہلے صدقہ دے دو کیونکہ (صدقہ دیوار کی طرح آڑے آجاتا ہے اور) مصیبت اس کو پھاند کر نہیں آسکتی''۔ (مشکوٰۃ ص 167)

اہل خیر کے دستِ سخا کے منتظر

کہاں ہیں وہ خوش نصیب! جو کارِ خیر میں مال خرچ کرنے سے مال کم ہو جانے کے شیطانی وسوسے کی بجائے اللہ کے اس وعدے پر ایمان رکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے راستے میں خرچ کرنے والوں کو بڑھا کر دینے کے علاوہ ان کی مغفرت بھی فرما دیتے ہیں۔

دار العمل چشتیہ کے اہداف

☆ **ٹرسٹ جمعیت تعلیم القرآن**

قریہ قریہ بستی بستی قرآن مجید کی تعلیم پھیلانے میں ان کا ساتھ دیجئے۔

☆ **مختلف دینی مدارس** میں مقیم غریب طلبہ کی کفالت یا ان کے اخراجات میں تعاون۔

☆ **ختم نبوت** کے مختلف پروجیکٹس میں مالی امداد کیجئے اور شفاعت نبی کریم ﷺ کے حق دار بنئے۔

آئیں مل کر رمضان المبارک میں مخلوق الٰہی کے دلوں سے محرومیوں اور غربت وافلاس کے کانٹے نکال کر ان کی ان گنت دعائیں لیجئے۔

☆ **نابینا افراد** کی مالی امداد کر کے ان کے مستقبل کو سنوارئے اور ان کی تعلیمی سرگرمیوں میں معاونت کیجئے۔

دعائیں جو سمیٹی نہ جاسکیں

شیخ سعدی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''کسی شخص نے اپنے دوست کو خواب میں دیکھا وہ چمن در چمن پھولوں میں ٹہل رہا ہے۔ جب اس سے پوچھا کہ تجھے یہ مقام کیسے ملا؟ وہ کہنے لگا ایک مرتبہ میں نے ایک غریب کے پاؤں سے کانٹا نکالا تھا اور یہ تمام پھول اسی کانٹے سے نکلے ہیں''۔

☆ **سحر وافطار فنڈ**

اس رمضان المبارک میں آپ بھی روزہ افطار کرائیں

الحدیث: ''جس نے کسی روزہ دار کا روزہ افطار کرایا اس کو اتنا ہی اجر ملے گا جتنا روزہ دار کو اور روزہ دار کے ثواب میں کچھ کمی نہ ہوگی''۔ (ابن ماجہ)

☆ روزہ داروں کو افطار ☆ مفلس افراد کا کھانا

☆ روزہ داروں کی سحری ☆ معتکفین کی سحری وافطاری

روزہ داروں کو روزہ افطار کرانے کے لئے سحر وافطار فنڈ میں بڑھ چڑھ کر دار العمل چشتیہ کے ساتھ مالی تعاون فرمائیں۔

روزوں کا فدیہ: جو حضرات وخواتین روزے رکھنے سے معذور ہیں وہ اپنے روزوں کا فدیہ بھی ٹرسٹ جمع کرا سکتے ہیں جو کہ مستحقین کو دیا جائے گا۔

صدقۃ الفطر: عید کی خوشیوں میں بے بس و ناچار افراد کو یاد رکھئے اور صدقہ فطر ادا کر کے ان کی جھولیاں خوشیوں سے بھر دیجئے۔ اس کے علاوہ ☆ علاج کروانے والے غریب بیماروں ☆ تعلیم حاصل کرنے والے نادار بچوں ☆ ماہانہ راشن کی تقسیم مفلوک الحال لوگوں میں ☆ ماہانہ وظیفہ حاصل کرنے والے لوگوں میں ☆ بنیادی ضرورتوں کے لئے فائدہ اٹھانے والے جیسے خدمت خلق کے کاموں میں ہمارا ہاتھ بٹائیں اور ہزاروں افراد کی دعائیں لیجئے۔ ان تمام صدقات جاریہ میں شرکت کے لئے زکوٰۃ، صدقات، فطرہ، عطیات دار العمل چشتیہ کو عنایت فرمائیے۔

نقد عطیات (صدقات، زکوٰۃ، خیرات، فطرانہ، فدیہ، کفارہ، قربانی کی رقم وغیرہ) پاکستان میں میزان بینک کی کسی بھی برانچ میں بنام خالد مقبول، اکاؤنٹ نمبر 021-20100377637 علامہ اقبال ٹاؤن برانچ، لاہور میں جمع کروائے جاسکتے ہیں یا بذریعہ منی آرڈر یا خود دفتر آکر جمع کرواسکتے ہیں۔ مزید تفصیلات کے لئے رابطہ فرمائیں: 042-35410586

0322-4773786 , 0332-4487877

بہت سی دعاؤں کے ساتھ منتظر

والسلام خادم المسلمین علی مقبول حفظہ اللہ

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ

خزینۂ روحانیات

لاہور

جلد 6 رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ......جولائی 2015ء شمارہ 3

سرکولیشن، اشتہارات وشکایات: 0322-4773786

خط وکتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال ''دو خاص نمبر'' شائع کرتا ہے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: magazine@darulamal.org
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت خاص نمبر	سالانہ ممبر شپ عام ڈاک	سالانہ ممبر شپ رجسٹرڈ ڈاک
50 روپے	650 روپے	900 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ موبی کیش (موبی لنک)۔ ٹائم پے (زونگ)۔ اومنی (یو بی ایل)۔ موبائل پیسہ (وارد)۔ HBL ایکسپریس کے ذریعہ 1-2610215-35202 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ sms کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔
ٹیلی نار 03437727721...... یو پیسہ 33343082867
موبی کیش 03028401977۔۔ یو بی ایل اومنی 03437772772

4 بینک ڈپازٹ: میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔ برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

نوٹ رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: **darulamal.org/payment**

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین.......جولائی ۲۰۱۵ء......رمضان المبارک ۱۴۳۶ھ

یاجبال الحرم یاجبال الحرم

میری نظروں میں تم ہو بڑے محترم
یا جبال الحرم یا جبال الحرم
یہ دعائے حرم لذتِ ملتزم
ہو عطا سب کو یہ نعمتِ مغتنم
اے خداہے فقط آپ کا یہ کرم
کررہے ہیں جو ہم سب طواف حرم
آ گیا سامنے روضۂ محترم
جس کی زیارت کویارب ترستے تھے ہم
رحمتِ دو جہاں کا ہے فیضِ اتم
جن کے صدقے میں مسلم و مومن ہیں ہم
آپ ہی کے شرف سے یہ رتبہ ملا
امتِ مسلمہ ہے جو خَیْرُ الْاُمَمْ
ہیں سلاطینِ عالم بھی احرام میں
بن کے حاضر ہوئے ہیں گدائے حرم
میرے مالک یہ اخترؔ کی سن لے دعا
ہو مقدر میں ہر سال دیدِ حرم

(عارف باللہ حضرت مولانا شاہ حکیم محمد اختر صاحب نور اللہ مرقدہٗ)

اعلان عام

☆ ملک بھر میں ماہنامہ خزینہ روحانیات کو ایجنٹوں کی ضرورت ہے۔ شائقین حضرات ایجنسی حاصل کرنے کے لئے اس نمبر پر رابطہ فرمائیں
فون: 0322-4773786

☆ جن قارئین وشائقین کو ان کے شہر/گاؤں/قصبہ/ضلع میں ماہنامہ خزینہ روحانیات نہیں مل رہا، وہ ادارہ کو فوراً مطلع فرمائیں اور اپنے قریبی بک سٹال یا ایجنسی پر رسالہ رکھوائیں۔ شکریہ۔

درود ان پر سلام ان پر، فدا ہو میری جاں ان پر

درود ان پر سلام ان پر فدا ہو میری جاں ان پر
نچھاور یہ زمین و آسماں کون و مکاں ان پر
وہ فخر دو جہاں، ختم رسل اور ہادی عالم ﷺ
کرے نازل ہزاروں رحمتیں رب جہاں ان پر
وہ ہیں شمس العلی بدر الدجی نور الہدیٰ اے دل
وہ محبوب دو عالم ہیں خدا ہے مہرباں ان پر
بہار جاوداں وہ ہیں کہ ہیں رونق گلستاں کی
وہ، وہ گل ہیں کہ ہے قربان سارا گلستاں ان پر
شفیع المذنبیں ہیں رحمۃ للعٰلمیں وہ ہیں
لگائے ہے شفاعت کی نظر سارا جہاں ان پر
کمالات نبوت ختم ہیں سب ان کی ہستی پر
مکمل ہو گئی عالم کی ساری داستاں ان پر
چمن میں ہر گل و برگ و شجر ہے مدح خواں ان کا
نچھاور اپنے نغمے کر رہی ہیں قمریاں ان پر
گرے جاتے ہیں پروانوں کی صورت ان کے دیوانے
فدا کرتے ہیں مثل شمع اپنی روح و جاں ان پر
زہے قسمت کہ ہے عارفؔ بھی ان کے مدح خوانوں میں
الٰہی کر فدا میری متاعِ دو جہاں ان پر

(شیخ الحدیث حضرت مولانا مشرف علی تھانوی صاحب مدظلہ العالی)

فعل عبث ہے کشف و کرامت کا انتظار
احوال و واردات و ولایت کا انتظار
عارفؔ غلام ہو کے مقامات پر نظر
اِک سجدۂ ریا پہ نبوّت کا انتظار

(شیخ الحدیث حضرت مولانا مشرف علی تھانوی صاحب مدظلہ العالی)

اداریہ

مولانا علی آفاق صاحب
(مدیر)

لیجئے آ گیا ماہ رمضان جس کا اللہ کے نیک بندوں اور ہم گنہگاروں کو انتظار رہتا ہے اور انتظار کیوں نہ ہو کہ خود نبی رحمت سرکار دو عالم ﷺ کو بھی رمضان المبارک کا انتظار رہتا تھا، آپ ﷺ تو اس کی تیاری اور استقبال میں کثرت سے روزے رکھا کرتے تھے اور رمضان کی آمد کے بعد خود بھی شب بیداری کا خاص اہتمام فرماتے تھے اور اپنے ازواج مطہرات ؓ کو بھی خصوصی تاکید اور ترغیب فرماتے تھے۔

یہ مہینہ ہمارے لئے روحانی مشق کا مہینہ ہے جیسا تقویٰ اور پرہیز گاری ،نوافل کا اہتمام، سچائی کا اہتمام، غیبت سے پرہیز، بدنظری سے حفاظت اور زبان کے درست استعمال کی مشق اس مبارک ماہ میں کرلیں گے، اللہ تعالیٰ کی ذات عالی آئندہ گیارہ ماہ اس ماہ کی مشق کے اثرات کو باقی رکھیں گے۔

روزہ پر بخشش کا وعدہ، روزہ کھلوانے پر بخشش کا پروانہ، سحری میں برکت، افطاری کی خصوصی تاکید ایسی عنایات الٰہی ہیں کہ ہر حکم پر بطور مسلمان فدا ہونے کو دل چاہتا ہے۔

رمضان المبارک انتہائی بابرکت مہینہ ہے، اس مہینے میں مسلمان کی شان یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے احکامات کی کامل تابعداری اور حضور ﷺ کی کامل اتباع اور اطاعت کو شیوہ بناتے ہوئے عزم کرلے کہ حرام سے ہمیشہ کیلئے توبہ کرتے ہیں۔ بطور مسلمان رمضان المبارک انتہائی اہمیت کا حامل ہے کہ 17 رمضان المبارک کو غزوہ بدر جیسا اہم واقعہ پیش آیا۔

ہماری شامت اعمال کی وجہ سے آج بھی مسلمان مختلف خطوں اور خصوصًا برما کے مسلمان کفار کے بدترین مظالم کا شکار ہیں۔ جس کی وجہ اور واحد وجہ مسلمانوں کی دنیا سے محبت اور موت سے نفرت ہے۔ اللہ تعالیٰ آج پھر سے تمام مسلمانوں کو ایسے ایمانی جذبات اور اعمال سے نوازیں کہ ہم مسلمان اسلام کی خاطر جان دینے کو زندگی کا مقصد جان سکیں۔ اللہ تعالیٰ ایک دفعہ پھر مسلمانوں کو ایمانی عروج اور عزت عطا فرمائیں۔ آمین

ایک اہم بات اور اللہ تعالیٰ کے حضور شکر گزاری کے الفاظ عرض کرنا اپنی سعادت سمجھتا ہوں کہ عوام الناس، قارئین اور ممبران خزینہ روحانیات نے جس دلچسپی اور توجہ سے رمضان المبارک کے خصوصی اعمال کی اجازت اور معلومات حاصل کی ہیں اس پر حضرت خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ و دیگر معاونین مبارکباد کے مستحق ہیں۔

اللہ تعالیٰ رمضان المبارک کے اعمال اور دیگر اعمال ادارہ سے کرنے اور حاصل کرنے والوں کو برکت اور ہر میدان میں فتح عطاء فرمائیں۔

ضروری گذارشات

رمضان المبارک میں فون کے اوقات

ادارے کے نمبرز پر فون کے اوقات میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔ صبح گیارہ تا شام پانچ بجے تک ہوں گے۔ ناغہ بروز جمعہ و اتوار۔ خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ سے رمضان المبارک میں رابطہ نہ فرمائیں۔

رمضان المبارک میں روحانی علاج گاہ کے اوقات

بروز اتوار دوپہر تین بجے تا چھ بجے۔ چھ بجے کے بعد آنے والوں سے معذرت۔


رمضان المبارک میں شاگردوں سے ملاقات

عام دنوں میں بروز اتوار شام سات تا ساڑھے آٹھ بجے شاگردوں کی خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ سے ملاقات کے اوقات ہوتے ہیں۔ رمضان المبارک میں ملاقات نہیں ہوگی۔

رمضان المبارک میں دعائیں کروانے والے متوجہ ہوں

جو لوگ رمضان المبارک کے خاص لمحات میں اپنے جائز مقاصد کی دعائیں کروانا چاہیں، وہ ادارے کے نمبر پر بذریعہ sms اپنا نام، مقصد اور شہر لکھ کر بھیج دیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، نام لے کر دعا کی جائے گی۔

نماز کی سنّتیں



حضرت مولانا مفتی عبدالحکیم رحمہ اللہ

پچھلے شمارے میں 19 سنتوں کا بیان ہوا تھا۔اب مزید پڑھیے۔

۲۰ سجدے سے سر اٹھاتے وقت اللہ اکبر کہنا۔

۲۱ پہلے سجدے سے اٹھ کر اس طرح بیٹھنا کہ بائیں پاؤں کو بچھا کر اس پر بیٹھ جائے۔دائیں پاؤں کو کھڑا رکھے کہ اس کی انگلیاں قبلہ رو رہیں اور ہاتھ کی انگلیوں کو بغیر قصد ملائے ،قبلہ رخ رکھے۔انگلیاں اس طرح رکھے کہ ہتھیلیاں ران پر رہیں اور انگلیوں کے سرے گھٹنوں تک رہیں۔اس کو جلسہ کہتے ہیں۔

۲۲ جلسہ میں بیٹھنا۔پھر اللہ اکبر کہہ کر دوسرے سجدے میں جانا۔

۲۳ جس طرح پہلے سجدے کے متعلق سنتیں بیان ہوئیں ہیں، ان سب کو ادا کرتے ہوئے دوسرے سجدے میں جانا (وہاں نفسِ سجدہ کرنا فرض ہے)

۲۴ دوسرے سجدے سے اٹھے تو پہلے پیشانی و ناک (یعنی سر) اٹھائے اور دونوں ہاتھوں کو دونوں گھٹنوں پر رکھ کر قدم کے پنجوں پر زور دے کر بغیر بیٹھے اور ٹیک لگائے سیدھا دوسری رکعت کے لیے کھڑا ہو جائے اور اللہ اکبر کہتا ہوا اٹھے۔

۲۵ دوسری رکعت میں بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر سورۂ فاتحہ پڑھے اور کوئی سورت یا چھوٹی تین آیات کی تلاوت کرے۔سورۂ فاتحہ اور سورت ملانے کے درمیان بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنا منفرد کے لیے اور سرّی نماز میں امام و منفرد کے لیے مستحسن ہے۔یہ دوسری رکعت پہلی رکعت کے مطابق سنتوں کا خیال رکھتے ہوئے پوری کریں۔

۲۶ دوسری رکعت میں دونوں سجدے ادا کرنے کے بعد اللہ اکبر کہہ کر پہلے قعدے میں بیٹھے اور جس طرح جلسہ میں تحریر کیا گیا ہے، اسی مسنون طریقے سے قعدہ میں بیٹھے اور التحیات پڑھے۔جب اشھد ان لا پر پہنچے تو کلمہ کی انگلی سے اشارہ کرے۔اس طرح کہ دائیں ہاتھ کی چھنگلی انگلی اور اس کے برابر والی انگلی دونوں کو ہتھیلی پر موڑ کر ملالے۔بیچ والی بڑی انگلی اور انگوٹھے کا حلقہ بنالے اور کلمہ کی انگلی کو لفظ لا پر کھڑا کرلے اور الا اللہ پڑھ کر نیچے ران ہی پر گرادے اور دائیں ہاتھ کو آخر تک اسی طرح بندھا ہوا رہنے دے۔التحیات ختم ہوتے ہی (نفلوں اور سنت غیر مؤکدہ میں) فوراً تیسری رکعت کے لیے کھڑا ہو جائے کہ یہ واجب ہے۔التحیات سے آگے نہ پڑھے۔

۲۷ فرضوں کی تیسری اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ سنت ہے اور سورۂ فاتحہ کے بعد سورۃ نہ ملانی چاہیے بلکہ فاتحہ کے بعد آمین کہہ کر رکوع میں چلے جائیں (فرضوں کے علاوہ باقی نفل سنت مؤکدہ ہوں یا غیر مؤکدہ یا وتر کی نماز...... سب میں تیسری یا چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ اور سورۂ فاتحہ کے بعد سورۃ کا ملانا واجب ہے)۔

۲۸ عورت جب التحیات میں بیٹھے تو دونوں پاؤں دائیں جانب کو نکال دے اور بائیں سرین کو زمین پر ٹیک کر اس پر بیٹھے۔

۲۹ آخری قعدے میں التحیات پڑھتے ہوئے (جس طرح اوپر مذکور ہوا، اشارہ کریں)۔التحیات کے بعد دونوں درود شریف پڑھیں اور کوئی دعا جو قرآن وحدیث میں آئی ہو، پڑھ کر سلام پھیر دیں۔

۳۰ دائیں بائیں سلام پھیرتے وقت چہرے کو موڑنا سنت ہے۔

۳۱ سلام پھیرتے وقت دونوں جانب یہ نیت کریں کہ میں اس طرف کے مقتدیوں اور فرشتوں کو سلام کر رہا ہوں۔امام جس طرف ہو، اس طرف نیت میں امام کو بھی شامل کریں۔

۳۲ امام کو دائیں طرف سلام پھیرتے وقت لفظِ سلام کو بہ نسبت بائیں طرف کے ذرا آواز بلند کرنا، بائیں طرف ذرا پست آواز سے سلام پھیرنا چاہیے۔

۳۳ مقتدی امام کے ساتھ ہی سلام پھیر دیں۔دیر نہ کریں۔

۳۴ جس کو کچھ رکعت جماعت کے ساتھ نہ ملی ہوں، اس کو مسبوق کہتے ہیں۔جب امام سلام پھیرے تو مسبوق کا امام کے دوسری طرف سلام پھیرنے تک انتظار کرنا سنت ہے۔امام جب بائیں طرف سلام پھیر دے تب مسبوق اپنی رہی ہوئی رکعت اٹھ کر پوری کرے (یہ تمام مسائل نورالایضاح سے لیے گئے ہیں)۔

نوجوان کی بدنظری کا علاج

انتخاب: سید محمد عامر صاحب

ایک نوجوان کو بدنظری کی عادت تھی۔ اس نے اپنے ایک بزرگ سے اپنی پریشانی کا ذکر کیا کہ وہ جب بھی باہر جاتا ہے تو بازار میں عورتوں کو دیکھنے سے باز نہیں رہ پاتا اور اس خراب عادت کو چھوڑنا چاہتا ہے۔ وہ کیا کرے کہ اس کی یہ بری عادت چھوٹ جائے۔ بزرگ نے اسے ایک دودھ سے لبالب بھرا گلاس دیا اور کہا کہ ''وہ بازار تک ہو کر آئے'' اور ایک اپنے شاگرد کو اس کے ساتھ کر دیا اور کہا کہ ''جب بھی گلاس سے دودھ کا ایک قطرہ بھی چھلکے تو اس کو سرعام مارنا''۔

نوجوان بازار گیا اور دودھ کا ایک قطرہ گرائے بغیر واپس آ گیا۔ بزرگ نے نوجوان سے پوچھا کہ ''تم نے بازار میں کتنی عورتوں کو دیکھا''۔ نوجوان نے جواب دیا کہ ''میں نے کسی کو نہیں دیکھا۔ میری ساری توجہ دودھ کے گلاس کی جانب مرکوز تھی اور میں ڈر رہا تھا کہ دودھ کا قطرہ گرا تو سب کے سامنے میری پٹائی ہو جائے گی''۔

بزرگ نے کہا کہ ''یہی حال ایک سچے مومن یا مسلمان کا ہے۔ ایک سچا مسلمان اللہ سے ڈرتا ہے اور قیامت کے دن سب کے سامنے شرمندہ ہونے سے ڈرتا ہے اور یہ ایمان والے کوئی گناہ کرنے سے ڈرتے ہیں کیونکہ ان کی توجہ آخرت میں ہر عمل کا جواب دینے پر ہوتی ہے''۔

یا اللہ ہمیں حضرت عثمانؓ والی شرم وحیا عطا فرما۔ آمین۔

....................*..........*..........*

یہ دین بڑا قیمتی ہے

انتخاب: قاری ممتاز صاحب

ایک استاد تھا۔ وہ اکثر اپنے شاگردوں سے کہا کرتا تھا کہ ''یہ دین بڑا قیمتی ہے''۔ ایک روز ایک طالب علم کا جوتا پھٹ گیا۔ وہ موچی کے پاس گیا اور کہا: ''میرا جوتا مرمت کر دو۔ اس کے بدلہ میں، میں تمہیں دین کا ایک مسئلہ بتاؤں گا''۔

موچی نے کہا: ''اپنا مسئلہ رکھ اپنے پاس، مجھے پیسے دے''۔

طالب علم نے کہا: ''میرے پاس پیسے تو نہیں ہیں''۔

موچی کسی صورت نہ مانا اور بغیر پیسے کے جوتا مرمت نہ کیا۔ طالب علم اپنے استاد کے پاس گیا اور سارا واقعہ سنا کر کہا: ''لوگوں کے نزدیک دین کی قیمت کچھ بھی نہیں''۔ استاد بھی عقل مند تھے۔ طالب علم سے کہا:

''اچھا تم ایسا کرو، میں تمہیں ایک موتی دیتا ہوں۔ تم سبزی منڈی جا کر اس کی قیمت معلوم کرو''۔

وہ طالب علم موتی لے کر سبزی منڈی پہنچا اور ایک سبزی فروش سے کہا: ''اس موتی کی قیمت لگاؤ''۔ اس نے کہا کہ ''تم اس کے بدلے یہاں سے دو تین لیموں اٹھا لو۔ اس موتی سے میرے بچے کھیلیں گے''۔ وہ بچہ استاد کے پاس آیا اور کہا: ''اس موتی کی قیمت دو یا تین لیموں ہے''۔

استاد نے کہا: ''اچھا اب تم اس کی قیمت سنار سے معلوم کرو''۔ وہ گیا اور پہلی ہی دکان پر جب اس نے موتی دکھایا تو دکاندار حیران رہ گیا۔ اس نے کہا ''اگر تم میری پوری دکان بھی لے لو تو بھی اس موتی کی قیمت پوری نہ ہو گی''۔ طالب علم نے اپنے استاد کے پاس آ کر ماجرا سنایا۔ استاد نے کہا:

''بچے! ہر چیز کی قیمت اس کی منڈی میں لگتی ہے۔ دین کی قیمت اللہ کی منڈی میں لگتی ہے۔ اس قیمت کو اہل علم ہی سمجھتے ہیں۔ جاہل کیا جانے دین کی قیمت کو''۔

....................*..........*..........*

وہ گناہ کی نیت سے نیچے آیا تھا

مجدی فتحی السید

بیان کیا جاتا ہے کہ دو بھائی تھے۔ ان میں ایک بڑا عابد اور دوسرا انتہائی گنہگار تھا۔ عبادت گزار کو ایک دن خیال آیا کہ اس نے اپنی ساری عمر اللہ کی عبادت کرتے گزاری ہے۔ کیوں نہ ذرا عیش وعشرت بھی کر لوں۔ بعد میں توبہ کر لوں گا کیونکہ اللہ بڑا ہی غفور رحیم ہے۔ چنانچہ اس نے سوچا کہ اس کا

بھائی جو گھر کی نیچے والی منزل میں رہتا ہے، میں اس کے پاس جا کر کچھ وقت عیش وعشرت وتفریح میں گزار آؤں۔ یہ سوچ کر وہ نیچے آیا۔

ادھر اس کے گنہگار بھائی نے سوچا، میں نے اپنی ساری زندگی اللہ کی نافرمانی میں گزار دی۔ میرا بھائی نیک، عبادت گزار ہے۔ وہ تو جنت میں چلا جائے گا اور میں جہنم میں۔ اللہ کی قسم! میں سچی توبہ کرتا ہوں اور میں اپنے بھائی کے پاس اوپر والی منزل پر جا کر نیکی وعبادت میں اپنے بھائی کے ساتھ شامل ہوتا ہوں۔ اب ساری زندگی اللہ کی عبادت میں گزاروں گا۔ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ میری مغفرت فرما دے گا۔ یہ توبہ کی نیت کر کے اوپر کی منزل پر جا رہا تھا اور وہ معصیت کی نیت سے نیچے آ رہا تھا۔ اچانک اوپر سے نیچے والے کا پاؤں پھسلا اور وہ اپنے بھائی کے اوپر جا گرا۔ دونوں مر گئے۔ عبادت گزار کا انجام برائی کے ارادہ پر اور گناہ گار کا انجام نیکی کے ارادہ پر ہوا۔

رسول اللہ ﷺ نے سچ فرمایا: ''ہر آدمی کا حشر اس کے انہی اعمال کی روشنی میں ہوگا جن پر اس کی موت آئی''۔

سبق: ان لوگوں کے لیے اس واقعہ میں خاص تنبیہ ہے جو مسلسل گناہوں کی زندگی گذار رہے ہیں اور گناہ پہ گناہ کرتے چلے جا رہے ہیں۔ موت تو آنی ہی ہے۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ اس وقت آ جائے جب گناہ کرنے جا رہے ہوں۔

......................*...........*...........*

قبر کی تیاری کو دیکھ کر رسول اللہ ﷺ کے آنسو نکل پڑے

خلیق الرحمان قدر صاحب

سیدنا براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم رحمت عالم ﷺ کے ساتھ موجود تھے۔ ہمیں ایک جگہ لوگوں کا مجمع نظر آیا۔ آپ ﷺ نے دریافت فرمایا: ''یہ لوگ کیوں جمع ہیں؟'' عرض کیا ''ایک قبر کے لیے گڑھا کھود رہے ہیں''۔ آپ ﷺ پر غم کے آثار نمودار ہو گئے۔ آپ ﷺ جلدی جلدی صحابہؓ کے ہمراہ قبر کے کنارے جا پہنچے۔ قبر کو دیکھ کر آپ ﷺ کے آنسو جاری ہونے لگے۔ روتے روتے اتنے آنسو نکل آئے جس سے زمین کی مٹی تر ہو گئی۔ پھر ہماری طرف متوجہ ہو کر فرمایا: ''یَا اِخْوَانِی لِمِثْلِ ھٰذَا فَاَعِدُّوْا'' ''بھائیو! اس قبر کے مرحلے کے لیے تیاری کر لو!''

(ابن ماجہ حدیث نمبر 4286۔ احمد، حدیث نمبر 18251)

''قبر کے لئے تیاری کر لو'' ...... یہ قول رحمت عالم ﷺ کا ہے۔ آپ ﷺ نے قبر کے کنارے کھڑے ہو کر امت کو قبر کے مرحلے کے لیے تیار رہنے کی نصیحت فرمائی۔ قبر کے تاریک گڑھے کو دیکھ کر سرکار انبیاء ﷺ کا یہ حال ہوا کہ آنسوؤں کی جھڑی لگ گئی، جس سے قبر کی تازہ مٹی بھی گیلی ہو گئی۔ ہم اور تم کیا چیز ہیں؟ تعجب تو ان لوگوں پر ہے جن کی عمر تیزی سے بیت رہی ہے۔ شب وروز کا گھڑیال یہ اعلان کرتا ہے کہ تمہاری عمر رواں کا ایک لمحہ گزر گیا ہے، تم ذرا اور قبر کے نزدیک آ گئے ہو، پھر بھی کوئی خوابِ غفلت سے جاگنے، خوف وتقویٰ اختیار کرنے، رب کو راضی کرنے اور گناہوں سے توبہ کرنے کی فکر نہیں کرتے۔

غافل تجھے گھڑیال دیتا ہے منادی
گردوں نے گھڑی عمر کی ایک اور گھٹا دی

......................*...........*...........*

حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان میں گستاخی کرنے والے کی سزا

مفتی ثناء اللہ صاحب

حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہ، حضرت سعد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حق میں گستاخی کی۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے شان میں کچھ نامناسب باتیں کیں تو حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ نے ان کے حق میں بد دعا کی تو اللہ نے اس بدبخت پر ایک اونٹنی مسلط فرما دی، اونٹنی نے اس شخص کو ہلاک کر ڈالا۔

حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ نے اس کے بعد قسم کھالی کہ آج کے بعد کسی کے لیے بددعا نہیں کروں گا اور پھر بددعا کے کفارے میں ایک غلام آزاد کیا۔

....................*..........*..........*

سات خوش نصیب افراد کون؟

مولانا محبوب الرحمٰن شاہ صاحب

دنیا کے سات مسافر آدمی بڑے ہی خوش نصیب ہیں، جن کے بارے میں حضور ﷺ نے خوشخبری سنادی ہے کہ وہ روز قیامت عرش کے سائے میں ہوں گے۔ قیامت کا دن کس قدر ہولناک اور دہشت ناک ہوگا۔ سورج سر پر ہوگا۔ لوگ پسینے میں شرابور ہوں گے۔ سارے لوگ گھبراہٹ میں ہر نبی کے پاس فریاد لے کر جارہے ہوں گے، جہاں سے ''ہائے میری جان، ہائے میری جان'' کی صدا آئے گی۔ اس عالم میں اگر کسی کو عرشِ خداوندی کے سائے یعنی آخرت کے ائیر کنڈیشنڈ مقام میں آرام کی جگہ مل جائے تو یہ آدمی کائنات بھر کے خوش نصیب افراد میں سے ہوگا۔ یہ خوش نصیب افراد سات قسم کے افراد پر مشتمل ہوں گے۔ اس کی تفصیل بخاری شریف کی درج ذیل روایت میں ہے:

ترجمہ: ''سات آدمیوں کو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اپنے عرش کے سائے میں جگہ عنایت فرمائیں گے۔ اس دن اس عرشِ خداوندی کے سائے کے علاوہ کوئی سایہ کی جگہ ہی نہ ہوگی۔

(۱) ایسا حکمران جو عدل کرنے والا ہو (۲) وہ آدمی جس نے جوانی ہی سے عبادت کرنی شروع کردی اور اسی پر قائم رہا (۳) وہ آدمی جس کا دل ہر وقت مسجد میں اٹکا رہے (۴) وہ آدمی جو صرف اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے باہمی محبت اور دوستی رکھے ہوئے تھے، ان کا اٹھنا بیٹھنا محض خدا تعالیٰ کی رضا ہی کی خاطر ہو (۵) وہ شخص جسے کسی بڑی حیثیت اور حسن و جمال والی عورت نے از خود گناہ کی دعوت دے دی مگر اس نے محض اللہ تعالیٰ کے خوف سے انکار کردیا (۶) وہ شخص جو اس طرح صدقہ کرتا ہو کہ کسی کو کانوں کان خبر ہی نہ ہونے دے اور (۷) خوش نصیب وہ شخص ہے جو تنہائی اور خلوت میں اس طرح اللہ تعالیٰ کا ذکر کرتا ہو کہ (خوفِ خدا سے) اس کے آنسو بہہ پڑتے ہوں''۔ (بخاری حدیث 1423، مسلم حدیث 1031)

....................*..........*..........*

بعض بیماریوں میں موت سے شہادت کا رتبہ ملتا ہے

مولانا خلیق الرحمٰن قدر صاحب

حضرت راشد بن حبیش رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ رسول کریم ﷺ نے اپنے صحابی عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ کو بیمار پا کر ان کی عیادت کی۔ دوران عیادت فرمایا ''کیا تم جانتے ہو کہ میری امت میں شہید کون کون ہیں؟'' تمام لوگ چپ رہے۔ عبادہ رضی اللہ عنہ نے کہا ''مجھے ٹیک لگا کر بٹھاؤ''، انہیں بٹھادیا گیا۔ پھر عبادہ رضی اللہ عنہ نے کہا ''یارسول اللہ! صبر کرنے اور اجر کی امید رکھنے والا شہید کا رتبہ پاتا ہے''۔

یہ سن کر رسول کریم ﷺ نے فرمایا ''تب تو میری امت کے شہداء بہت کم ہوں گے۔ جو شخص اللہ کی راہ میں مارا جائے وہ شہید ہے۔ غرق ہونے والا، پیٹ کی بیماری میں مرنے والا بھی شہید ہے، (بچے کی پیدائش کے بعد) حالت نفاس میں مرنے والی عورت کو اس کا بچہ آنول کے ساتھ کھینچ کر جنت میں لے جائے گا اور جل کر مرنے والا اور سل (پھیپھڑوں کی بیماری) کی وجہ سے مرنے والا بھی شہید ہے''۔ (مسند احمد)

حضرت جابر بن عتیق رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کی راہ میں جان دینے والے کے علاوہ سات قسم کے شہداء ہوتے ہیں (۱) پیٹ کی بیماری میں مرنے والا (۲) ڈوب کر مرنے والا (۳) ذات الجنب (ذات الجنب میں پسلی میں شدید درد اور نمونیہ ہوتا ہے) کی بیماری میں مرنے والا (۴) طاعون کی بیماری میں مرنے والا (۵) آگ سے جل کر مرنے والا (۶) وہ جو دیوار کے نیچے آکر ہلاک ہوجائے

(۷) وہ عورت جو بچے کی پیدائش (کے مرحلے میں) فوت ہو جائے۔ یہ تمام افراد شہادت کا رتبہ حاصل کرتے ہیں"۔

حضرت مالک بن اشعری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا "جو شخص اللہ کی راہ میں نکلے، اس کو موت آجائے یا قتل کر دیا جائے یا اپنے گھوڑے یا اونٹ سے گر جائے یا کوئی موذی جانور اسے ڈس لے یا اس کو بستر پر موت آجائے...... چاہے کسی بھی حالت میں موت آجائے، وہ شہید ہے اور اس کے لیے جنت ہے"۔ (ابوداؤد)

..........*.....*

اپنی ٹوپی ان کے قدموں پر رکھ دی

انتخاب: مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب

حضرت امیر شریعت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ بڑے عظیم آدمی تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی حق گوئی، بے باکی، پامردی، ہمت واستقلال اور سحر بیانی سب ہی بے مثال تھیں۔

ابتداء میں جب آپ رحمۃ اللہ علیہ کا اور شیخ حسام الدین صاحب کا تعلق بڑھا تو آپ رحمۃ اللہ علیہ شیخ صاحب کو نماز کی ادائیگی میں باقاعدگی اور ہمیشگی کی تلقین کرنے لگے۔ پھر جب شیخ صاحب کی عادت میں کچھ تبدیلی نظر نہ آئی تو یہ اصرار یہاں تک بڑھا کہ جیل کی رفاقت میں ایک دن شیخ صاحب کے سامنے بیٹھے ہوئے آپ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ٹوپی سر سے اُتاری اور شیخ صاحب کے پاؤں پر رکھ کر کہنے لگے:

"حسام! یہ ٹوپی کسی بڑے سے بڑے فرعون اور نمرود کے قدموں پر بھی نہیں جھک سکتی۔ میری تم سے صرف یہی التجاء ہے کہ اس ٹوپی کی لاج رکھ لو اور پنج وقتہ نماز کی ادائیگی میں سستی اور کاہلی نہ کیا کرو"۔

سبحان اللہ وبحمدہ سبحن اللہ العظیم

ف: آج کل عموماً اپنے اعمال کی کچھ فکر تو کر لی جاتی ہے مگر اپنے عزیز واقارب، ماتحت افراد اور رُفقائے کار کے اعمال کی اصلاح کی فکر، جو کہ ان کی حقیقی ہمدردی ہے...... نہیں کی جاتی ہے۔ یہ امر لائق توجہ اور ہمارے لیے لمحۂ فکر یہ ہے۔ حضرت شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اپنا حق رفاقت کس خوبی سے ادا کیا۔ اللہ والوں کی بات ہی کیا ہے۔ سبحان اللہ

..........*.....*

بڑھاپے کی فریاد

انتخاب: مولانا محمد عرفان صاحب

علامہ ابن الجوزی رحمہ اللہ فرماتے ہیں میں نے اندازہ کیا کہ بڑھاپے میں نفس کی آرزوئیں اور حرص بڑھ جاتی ہیں جیسا کہ حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا بھی ہے...... "یشیب ابن آدم ویشب منه خصلتان الحرص والامل" (آدمی بوڑھا ہوتا رہتا ہے اور اس کی دو خصلتیں جوان ہوتی رہتی ہیں...... لالچ اور آرزو)۔

اور زیادہ تر اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ ہاتھ دنیا سے خالی ہو جاتے ہیں جبکہ بال بچوں کی کثرت ہوتی ہے اور ضرورت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ لہٰذا انسان مجبور ہو جاتا ہے کہ مقصد کے حصول کے لیے ایسے کام میں لگے جو اس کی آبرو کو برباد کر دے۔

یہ سوچ کر میں نے کہا؟ اے خدا! کیا عرفات کے پہاڑ نظر آجانے کے بعد بھی میں بھٹک جاؤں گا؟ کیا حرم کے قریب پہنچ کر بھی بدوی قزاق مجھے گرفتار کر لیں گے؟ ہائے افسوس! کیا "نحر" کی فجر طلوع ہو جائے گی جبکہ ابھی میں عرفات نہیں پہنچا ہوں اور کیا زندگی کا سفر برباد ہو جائے گا اور مقصود نہیں حاصل ہو سکے گا......

قد کنت ارجوک لنیل المنی
والیوم لا اطلب الا الرضی

"پہلے میں تیری آرزو اپنی تمناؤں کے لیے کیا کرتا تھا لیکن اب میں صرف تیری رضا وخوشنودی کا طلبگار رہ گیا ہوں" پھر میں نے کہا "اے نفس! تیرے پاس کوئی پناہ گاہ نہیں ہے، سوائے اس کے کہ تو روئے گڑگڑائے اور ڈوبنے والے کی طرف فریاد کرے، پکارے، پھر اگر تجھ پر رحم ہو گیا تو کیا کہنا، ورنہ کتنی حسرتیں مٹی کے نیچے مدفون ہو کر رہ گئی ہیں"۔ (مجالس جوزیہ)

دیندار اور صاحبُ الرّائے لوگوں سے مشاورت اور اپنے عزائم پر پردہ رکھئے!

حضرت مولانا اظہار الحسن مدظلہٗ

اپنے عزائم اور ارادوں کو اس وقت تک پوشیدہ رکھنا جب تک کہ بالفعل آپ اس کام کو کرنہ گزریں، بہت مفید اور قابل ستائش امر ہے۔ داناؤں کا قول ہے کہ ''اپنے مستقبل کے ارادوں اور رازوں کو ان تک پہنچ جانے سے قبل افشا کر دینا، تنگ ظرفی اور قلت صبر کا نام ہے اور یہ تھوڑی بصیرت رکھنے والے مردوں، عورتوں اور بچوں کا مشغلہ ہے''۔

(یہ امام راغب کا قول ہے، موسوعۃ نضرۃ النعیم ۸/۳۲۰۶)

یہ بھی واضح رہے کہ کچھ باتیں پوشیدہ رکھنا ''مذموم امر'' ہے۔ بالخصوص ایسے معاملات میں، جہاں احکام شریعت ٹوٹتے ہوں اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانی عمل میں آرہی ہو۔ (یہ امام عز بن سلام کا قول ہے، حوالہ مذکورہ)

یوں غور کرنے پر ہمیں اس امر مذموم کی دو شکلیں نظر آتی ہیں:

۱۔ علم کا چھپانا ۲۔ گواہی کا چھپانا

ان دونوں سے متعلق اللہ تعالیٰ نے اپنی پاکیزہ کتاب میں یوں ارشاد فرمایا ہے: اِنَّ الَّذِيْنَ يَكْتُمُوْنَ مَآ اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنٰتِ وَالْهُدٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا بَيَّنّٰهُ لِلنَّاسِ فِى الْكِتٰبِ ۙ اُولٰٓئِكَ يَلْعَنُهُمُ اللّٰهُ وَيَلْعَنُهُمُ اللّٰعِنُوْنَ ﴿١٥٩﴾ (البقرۃ)

ترجمہ: بلاشبہ جو لوگ ہماری اتاری ہوئی روشن دلیلوں اور ہدایت کو چھپاتے ہیں باوجودیکہ ہم نے انہیں کتاب میں واضح بیان کر دیا ہے۔ ایسے لوگوں پر اللہ تعالیٰ اور تمام لعنت کرنے والے لعنت کرتے ہیں۔

(سورۂ بقرہ:159)

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ

''اور تم گواہی کو مت چھپایا کرو!'' (سورۂ بقرہ:283)

نیز اولُ الذکر چیز یعنی کتمانِ علم کے بارے میں ذہن میں یہ سوال آسکتا ہے کہ یہ درج ذیل حدیث کے منافی ہے لیکن ایسا نہیں ہے کیونکہ اس حدیث میں جس اظہارِ نعمت کا تذکرہ ہے، یہ نعمت مل جانے کے بعد کی بات ہے۔ فرمان نبوی ﷺ ہے:

التحدث بنعمة الله شكر و تركها كفر

''اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا اظہار شکر ہے اور ان کا تذکرہ نہ کرنا ناشکری ہے''۔ (جمع الجوامع، حرف التاء المثناۃ ۱/۱۰۶۸۸)

اسی طرح کسی سے نصیحت حاصل کرنے اور مشورہ چاہنے میں بھی یہ بات مانع نہیں ہے کیونکہ مشورہ اور نصیحت طلبی بھی انہی لوگوں سے ہوتی ہے جن کی دین داری، خیر خواہی اور مہارت پر اس شخص کو اعتبار ہوتا ہے۔ وہ اس مشورے کو امانت سمجھتے ہوں اور اس کے لیے خیر و برکت کی چاہت اور دعا رکھتے ہوں۔

اہل علم حضرات نے ان لوگوں کے لیے، جن سے انسان نصیحت اور مشورہ کا خواہاں ہوتا ہے، پانچ شرطوں کا ہونا لازم قرار دیا ہے۔

1. عقل سلیم اور اچھے تجربہ کا حامل ہو۔
2. دیندار اور پرہیزگار ہو۔
3. خیر خواہی اور محبت رکھنے والا ہو۔
4. اچھے افکار کا حامل ہو، غموں کا مارا ہوا اور پراگندہ خیال نہ ہو۔
5. جو مشورہ دے رہا ہو، اس میں ذاتی اغراض یا مفاد کا دخل نہ ہو۔

(موسوعۃ نضرۃ النعیم فی اخلاق الرسول الکریم ﷺ ۲/۲۳۶)

یہ بات بھی یاد رہے کہ مشاورت ایسی عمدہ چیز ہے جس کا خود رب العالمین نے اپنے پیارے حبیب نبی آخر الزماں حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو

حکم دیا ہے۔ فرمان باری تعالیٰ:

وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ (آل عمران:۱۵۹)

اور اہل ایمان کے اوصاف حمیدہ میں اس کو شمار کیا ہے۔ فرمان خداوندی: وَأَمْرُهُمْ شُورَىٰ بَيْنَهُمْ (سورہ شوریٰ:۳۸)

نیز جس مسلمان بھائی سے کوئی شخص اپنے کسی اہم کام کا مشورہ کرے تو اس پر لازم ہے کہ اسے درست اور بھلی بات کا ہی مشورہ دے۔

فرمان رسول عربی ﷺ ہے:

''جس شخص سے کوئی آدمی مشورہ چاہے، وہ امانت داری سے دے۔''

(جامع ترمذی، کتاب الادب، باب: ان المستشار مؤتمن)

اس کے ساتھ یہ ارشاد نبوی ﷺ بھی اس بات کو بخوبی واضح کرتا ہے:

ومن اشار علی اخیه بأمر یعلم ان الرشد فی غیره فقد خانه

''جس نے اپنے کسی مسلمان بھائی کو ایسی رائے دی جس کے بارے میں اسے علم ہے کہ یہ درست نہیں تو اس نے اس کے ساتھ خیانت کا ارتکاب کیا''۔ (سنن ابوداؤد، کتاب العلم، باب: التوقی فی الفتیا)

عزائم پوشیدہ رکھنے اور مشاورت سے برکت کیسے؟

سوجان لیجئے! کہ ہمارے پیارے آقا ﷺ کا ارشاد گرامی ہے:

''لوگوں سے اپنے کاموں کی انجام دہی کے بارے میں مشورہ کرو لیکن بات کو پوشیدہ رکھتے ہوئے، کیونکہ ہر صاحب نعمت سے حسد ضرور کیا جاتا ہے''۔ (صحیح الجامع، رقم:۹۴۳)

اور حسد تو بڑی خطرناک اور مہلک چیز ہے اور بسا اوقات سب کچھ جلا کر بھسم کر ڈالتی ہے۔ فرمان رسالت مآب ﷺ ہے:

''بے شک نظر انسان کو اللہ کے حکم سے اٹھا کر اونچا لے جاتی ہے اور پھر بلندی سے نیچے گرا دیتی ہے''۔ (مسند احمد، رقم الحدیث:۲۰۳۴۰)

ارشاد نبوی ﷺ ہے: ''بلاشبہ نظر کا لگ جانا درست بات ہے''۔

(صحیح الجامع، رقم:۴۱۴۵)

ارشاد فرمایا: ''نظر بد آدمی کو قبر میں پہنچا دیتی ہے اور اونٹ کو ہانڈی میں داخل کروا سکتی ہے''۔ (سبل الہدیٰ والرشاد ۱۲/۱۲۶، تفسیر ابن کثیر ۸/۲۲۴، وقال ہٰذا اسناد رجالہ کلہم ثقات ولم یخرجوہ)

یہ بات بھی پایۂ ثبوت کو پہنچی ہوئی ہے: ''کسی کام کو باقاعدہ طے کر لینے یا شروع کر لینے سے قبل ڈھنڈورا پیٹ دینا، کام کا سارا دم خم نکال دیتا ہے''۔

(موسوعۃ نضرۃ النعیم فی اخلاق الرسول الکریم ﷺ ۸/۳۲۰۵)

یوں ساری بات کا خلاصہ اور لب لباب یہ ہوا کہ اپنے اہم امور، عزائم اور ارادوں کا پوشیدہ رکھنا، اللہ کے فضل سے کاموں کی تکمیل کا سبب بنتا ہے۔

علاوہ ازیں جب آدمی کسی بات کا مسلمان بھائی سے مشورہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی اچھی بات کی جانب راہنمائی فرما دیتے ہیں۔

(ایضاً ۶/۲۴۲۶)

سیدنا عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ''مشاورت اور باہمی فکر مندی، اللہ تعالیٰ کی جانب سے رحمت و برکت کے دروازے کھلنے کا ذریعہ بن جاتی ہے۔ جس کے باعث درست رائے اپنے نشانے سے نہیں چوکتی اور احتیاط کا دامن تھامنے سے کبھی نامراد نہیں رہتا''۔ (ایضاً ۶/۲۴۳۷)

نیز ہر ذی فہم اور عقل مند آدمی کے لیے اس بات کا ادراک ضروری ہے کہ جب وہ کسی کام کا ارادہ کرے یا کوئی سوچ پروان چڑھے تو صاحب الرائے افراد سے گہری مشاورت کا اہتمام ضرور کرے۔ پھر ان کی آراء کی روشنی میں حتمی نتیجہ اخذ کرے۔ (ایضاً قالہ الامام الماوردی ۶/۲۴۳۸)

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے کیا خوب کہا ہے: ''بخدا! جب بھی لوگ کسی اہم چیز کے بارے میں باہم گہری مشاورت کرتے ہیں تو اپنی پہلی بات سے بہتر نتیجہ ان کے ہاتھ آجاتا ہے''۔

(موسوعۃ نضرۃ النعیم فی اخلاق الرسول الکریم ﷺ ۶/۲۴۳۸)

یوں اللہ تعالیٰ کی توفیق سے انسان مشاورت اور نصیحت طلبی کی بدولت بہترین فیصلے تک رسائی پا لیتا ہے اور کامیابی کے زینے پر چڑھنے لگتا ہے۔

(بقیہ ص:45)

اعمال رمضان کا تحفہ

از افادات: عارف باللہ حضرت ڈاکٹر محمد عبدالحئی عارفی رحمہ اللہ

اللہ پاک نے ہم کو بغیر استحقاق کے توفیق عطا کی ہے اور یہ ان کی عطا ہے۔ بندہ کی اس میں کوئی خصوصیت شامل نہیں۔ جس کام کی بھی اس ماہ میں توفیق عطا ہوگئی، اس پر شکر ادا کیجئے۔ الحمدللہ! مجھے اللہ کے فضل سے دونوں انعامات اس ماہ میں حاصل ہوئے۔ عزیمت میں بھی اور رخصت میں بھی۔ چنانچہ کچھ روز کیلئے بندہ بوجہ علالت روزے نہ رکھ سکا اور اس طرح رخصت پر بھی عمل کی توفیق مل گئی۔

رمضان کا مہینہ آیا تو سب کچھ دے کر چلا گیا۔ ایک شب ایسی تھی کہ جس کی نعمتوں کا کوئی ادراک بھی نہیں کر سکتا۔ اللہ پاک نے فرمایا ''اے ہمارے حبیب محمد ﷺ! **ہم عنقریب تم کو اتنا دیں گے کہ تم راضی ہو جاؤ گے''۔** تو حضور ﷺ فرماتے ہیں کہ ''**میں راضی ہی نہیں ہوں گا جب تک کہ میری ساری امت نہ بخشی جائے گی**''۔

تو اپنے گناہوں کا وزن نہ بڑھایئے۔ روزانہ کا حساب روز کرلیں۔ صبح کو اٹھ کر اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرو اور اپنی کوتاہیوں پر افسوس اور اللہ سے نیک اعمال کی اور گناہوں سے توبہ کی توفیق مانگئے اور حادثات اور دنیا کے فتنوں سے پناہ مانگئے اور ارادہ کرلیجئے کہ ہم سارے دن اچھے کام کریں گے اور برے کاموں سے بچیں گے۔ اور پھر رات کو سوتے وقت سارے دن کے گناہوں کی فہرست پر نظر ڈالیے اور معافی طلب کیجئے۔ ہمارے حضرت تھانوی رحمہ اللہ فرماتے تھے کہ ''**روزانہ توبہ کرنے سے یہ فائدہ ہے کہ جس دن تمہاری موت آئے گی، صرف اسی دن کے گناہ تم پر رہ جائیں گے اور وہ بھی خدا کی ذات سے امید ہے کہ معاف ہو جائیں گے**''۔

ایک ہر وقت خطا کار سمجھو اپنے آپ کو اور روزانہ مراقبہ کیا کرو کہ قبر میں کیا ہوگا؟ حشر میں کیا ہوگا؟ گناہوں پر عذاب اور نیکیوں پر کیا انعامات ملیں گے؟

اس پر روزانہ سوچا کیجئے اور کسی مخلوق کے سامنے یہ نہ کہا کیجئے کہ میں گنہگار ہوں۔ صرف اللہ کے آگے اپنی گنہگاری کا اعتراف کیا کرو اور اللہ کا پھر شکر ادا کرو کہ گنہگار ہونے کے باوجود اللہ پاک نے ستاری فرمائی اور تم کو لوگوں کی نظروں میں ذلیل و رسوا نہیں کیا۔

آج کل کی کرامت معنوی یہ ہے کہ جس کی صحبت سے نیک کاموں کی توفیق ہو جائے، صفائے باطن ہو اور ذکر الٰہی زبان پر آجائے اور ایسے لوگ طلب سے ملتے ہیں۔ اگر تم کو طلب ہو گی تو ایسے لوگ ہر زمانہ میں موجود رہتے ہیں۔ اور اس میں بھی توفیق ایزدی اصل ہے۔ اخلاق نبی ﷺ معلوم کرو۔ انہیں اعمال کی کوشش کرو...... دیانت، متانت، امانت، علم، صبر، شکر، عفو، خیر خواہی۔ یہ سب آپ ﷺ کے اخلاق تھے اور یہی دین ہے۔ نظام الاوقات مقرر کرو ہر کام کے لئے۔ اور حضور ﷺ کی پسند والی چیزوں کو اپناؤ۔ جس طرح ایک تنکا، چھوٹے سے چھوٹا کیڑا جو حرکات کرتا ہے، سب اللہ پاک کی نظر میں ہے اور اس طرح ہمالیہ پہاڑ بھی اس کی نظر میں ہے، کوئی بھی اس سے پوشیدہ نہیں۔

ارے! ایمان کی قدر کرو اور اس کی حفاظت کرو۔ اللہ پاک قرآن میں جگہ جگہ ارشاد فرماتے ہیں ''**اے ایمان والو، اے لوگو جو ایمان لائے**''، سبحان اللہ! کیسے اچھے، کتنے پیارے الفاظ ہیں۔ جو ان الفاظ میں اپنے بندہ کو یاد کرے، وہ اپنے بندوں کے دلوں کی باتیں نہیں جانتا؟ ارے کس غفلت میں پڑے ہو۔

ف: کم از کم رمضان المبارک میں یہ معمول رکھ لیجئے کہ صبح اٹھ کر یہ عہد کریں کہ پورا دن نیک کام کریں گے۔ گناہ کے کاموں سے حتی الامکان پرہیز کریں گے۔ اللہ جل جلالہ کو ناراض کرنے والے ہر چھوٹے سے چھوٹے کام سے اجتناب کریں گے۔

رات کو جب سونے کے لیے لیٹ جائیں تو پورے دن کا محاسبہ کریں کہ کیا کیا غلط کام کیے اور کیا اچھے کام کیے۔ جو اچھے کام ہیں، ان پر اللہ جل جلالہ کا شکر ادا کریں۔ جو گناہ ہوئے، ان پر استغفار کریں۔ ان شاء اللہ، یہ معمول آپ کی زندگی میں ایک نئی تبدیلی لائے گا۔ خ

فہرست کتب مکتبہ العارف

محسن الملت رئیس العاملین، استاذ العلماء ایڈیٹر ماہنامہ طلسماتی دنیا دیوبند (انڈیا) مولانا سید حسن الہاشمی کی شہرۂ آفاق کتب آج ہی منگوائیں جو کہ روحانی علوم کا گنجینہ بے بہا ہیں۔

کتاب	تفصیل	قیمت
آیت الکرسی کی عظمت وافادیت	یہ کتاب کئی اہم رازوں سے پردہ اٹھاتی ہے۔ یہ وہ عظیم آیت ہے جس کے نزول کے وقت 70 ہزار فرشتے برائے حفاظت آئے	160
اعداد کا جادو	بذریعہ اعداد ہزاروں سوالوں کا صحیح جواب دینے والی ایک نادر کتاب، خفیہ سوالوں کے حیران کن جوابات دینے والی ایک حیرت انگیز کتاب	250
سورۃ یٰسین کی عظمت وافادیت	افسران وحکام کو مہربان کرنے کے لیے، آسیب سے حفاظت، اچانک کسی مشکل میں پھنس جانا، ادائیگی قرض کے لیے، بری موت سے حفاظت کے لیے، جن یا جادو سے حفاظت کے لئے	150
بچوں کے نام رکھنے کا فن	علم دین، علم نجوم، علم اعداد اور علم الحروف کی روشنی میں اچھا نام، ماں باپ کی طرف سے اپنے بچوں کے لیے پہلا تحفہ	370
اعمال ناسوتی	صوفیوں، درویشوں اور ولیوں کے مخصوص اعمال	215
اعمال حزب البحر	روحانی علوم پر مشتمل ایک اثر انگیز کتاب، اس کتاب کا مطالعہ ضرور کریں، یہ کتاب آپ کو مقاصد حسنہ میں کامیابی سے ہمکنار ہونے کے گر بتائے گی	180
بسم اللہ کی عظمت وافادیت	بسم اللہ کے روحانی فوائد پر ایک قیمتی کتاب۔ بسم اللہ کے موضوع پر ایک عظیم کتاب جو اہم رازوں سے پردہ اٹھاتی ہے۔ بسم اللہ ایک عظیم دولت ہے جو امت محمدی ﷺ کو عطا کی گئی۔ بسم اللہ کے اہم راز اور فوائد کیا ہیں، بسم اللہ جیسی آیات سے کس طرح استفادہ کیا جاسکتا ہے، یہ جاننے کے لئے کتاب کا مطالعہ کریں	240
علم الاسرار	پوشیدہ اور مخفی علوم کا خزانہ، اپنے موضوع پر ایک مؤثر ترین کتاب	320
سورۃ مزمل کی عظمت وافادیت	ایک مؤثر ترین کتاب جو اہم موضوعات اور روحانی عملیات پر مشتمل ہے، کتاب روحانی خزانوں سے بھرپور ایک انمول کتاب	240
مجموعہ آیات قرآنی	منزل کی عظمت وافادیت، آیات حفاظت، آیات شفا، آیات رزق	190
کشکول عملیات	روحانی عملیات کا قابل قدر ذخیرہ، جو لوگ روحانی عملیات کی خدمت میں لگے ہوئے ہیں ان کے لیے ایک بیش بہا نعمت	500
علم الحروف	حروف کی حقیقت، اصلیت، قوت اور روحانیات کے موضوع پر ایک عظیم الشان کتاب، آپ کے نام میں جو حروف ہیں ان سے اپنی حقیقت کو سمجھئے	340
تعلقات اعداد	اعداد کی باہمی دشمنی اور دوستی پر مفصل روشنی ڈالنے والی ایک عجیب وغریب کتاب، اعداد کے ذریعہ جوابات حاصل کرنے کا ایک عجیب وغریب طریقہ، جن سوالوں کے جوابات آپ اپنی عقل وشعور اور اپنے علم کے ذریعہ حاصل کر سکتے ہیں، یہ کتاب ان سوالوں کے جوابات سے آپ کو روشناس کرائے گی اور آپ محفلوں میں حسن وخوبی سے سرخرو ہو سکیں گے	250
جانوروں کے طبی اور روحانی فائدے	جانوروں کو خواب میں دیکھنے کی تعبیر مختلف فارمولوں پر مشتمل ایک مفید کتاب	240
پتھروں کی خصوصیات	تم اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے، حق تعالیٰ نے نگینوں اور پتھروں میں خصوصی افادیت رکھی ہے، اس کتاب کا مطالعہ کر کے اپنی معلومات میں اضافہ کریں	300
اسماء حسنیٰ کے ذریعے علاج (اول، دوم)	اسماء حسنیٰ کے ذریعہ جسمانی وروحانی علاج، یہ کتاب اپنے انداز کی ایک منفرد اور دلچسپ کتاب ہے جو اسماء حسنیٰ کے معارف واسرار سے پردے ہٹاتی ہے	900

معتکف کیلئے مختصر دستور العمل

مسنون اعتکاف کی فضیلت

جو شخص خلوص کے ساتھ رمضان کے اخیر عشرہ کا اعتکاف کرتا ہے، اس کے پچھلے تمام گناہ معاف کردیے جاتے ہیں اور دو حج اور دو عمرے کا ثواب ملتا ہے۔ نیز چالیس دن تک سرحد اسلام کے محافظ کا درجہ حاصل ہوتا ہے اور جو چالیس دن تک سرحد اسلام کی حفاظت کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کو گناہوں سے اس طرح پاک صاف کردیتا ہے جیسا کہ نومولود بچہ کا حال ہوتا ہے۔ (بہشتی زیور)

1 مغرب کی نماز کے بعد کم از کم چھ رکعات اور زیادہ سے زیادہ بیس رکعات نفل اوّابین ادا کریں۔ اس کے بعد مختصر طعام اور مختصر آرام کریں۔ پھر نمازِ عشاء کی تیاری اور صف اول اور تکبیر اولیٰ کا اہتمام کریں۔

2 عشاء کی نماز اور تراویح سے فارغ ہو کر علم دین حاصل کرنے اور اس پر عمل کرنے کی نیت سے کسی مستند اور معتبر دینی کتاب کا مطالعہ کریں۔ جب سونے کو دل چاہے تو پوری طرح سنت کے مطابق قبلہ رو ہو کر سو جائیں۔

3 صبح صادق سے تقریباً سوا گھنٹہ پہلے بیدار ہو جائیں۔ وضو کرلیں اور تحیۃ المسجد، تحیۃ الوضو اور تہجد کی نفلیں ادا کریں۔ پھر خاموشی سے خوب رو رو کر اپنے جملہ مقاصد حسنہ اور فلاح دارین کی دعا مانگیں۔

4 صبح صادق سے کوئی پون گھنٹہ پہلے سحری کھائیں اور سحری سے فارغ ہو کر نماز فجر کی تیاری کریں۔ صف اول اور تکبیر اولیٰ کا خیال رکھیں۔ جب تک نماز کے انتظار میں رہیں، استغفار کرتے رہیں۔

5 نماز فجر کے بعد سبحان اللہ۔ الحمد للہ۔ اللہ اکبر۔ استغفر اللہ اور درود شریف کی ایک تسبیح پڑھیں۔

6 اشراق کے وقت کم از کم دو اور زیادہ سے زیادہ آٹھ رکعات نفل ادا کریں۔ پھر آرام کریں اور چاشت کے وقت بیدار ہو کر کم از کم دو رکعت اور زیادہ سے زیادہ بارہ رکعت ادا کریں۔ صحیح تلفظ کے ساتھ کلام پاک کی تلاوت کریں۔

7 جب زوال ہو جائے تو چار رکعت ظہر کی سنتیں ادا کریں اور نماز ظہر کے انتظار میں صف اول میں بیٹھیں۔ ظہر کی نماز سے فارغ ہو کر صلوٰۃ التسبیح پڑھیں اور تلاوت کریں۔ پھر اگر تھکن محسوس کریں تو کچھ آرام کرلیں۔

8 نماز عصر سے کوئی آدھا گھنٹہ پہلے بیدار ہو جائیں۔ وضو کر کے تحیۃ الوضو اور دیگر نوافل پڑھ کر نماز عصر کا انتظار کریں اور نماز عصر سے فارغ ہو کر مختصر تلاوت کریں۔ پھر وہ تسبیحات ادا کریں جو 5 نمبر میں لکھی گئیں ہیں۔

عصر کے بعد کا وقت نہایت گرانقدر ہے۔ اس کو افطاری کی تیاری میں ضائع نہ ہونے دیں۔ جو باتیں حالت اعتکاف میں منع ہیں، ان سے مکمل طور پر بچنے کی کوشش کریں۔ معتکف پر لازم ہے کہ صف اول میں خود آ کر بیٹھے۔ خود کہیں اور ہو اور تولیہ اور چادر وغیرہ سے جگہ نہ روکے رکھے اور اپنے ہر قول و فعل، نشست و برخاست اور طرز عمل سے دوسرے معتکف حضرات اور نمازیوں کو تکلیف پہنچنے سے بچانے کا اہتمام رکھے۔ اپنی صفائی کا بھی خاص خیال رکھے اور مسجد کی صفائی اور اس کے آداب کا بھی بہت اہتمام رکھے۔ (از مواعظ: مفتی عبدالرؤف سکھروی مدظلہم)

نوٹ: مساجد کے منتظمین حضرات اعتکاف میں بیٹھنے والوں کو پابند کریں کہ وہ مذکورہ دستور العمل کے مطابق اپنے اعتکاف کو مسنون اور قیمتی بنائیں۔ مجلس آرائی اور فضول گپ شپ سے باز رہیں تاکہ اللہ کے گھر میں گزرنے والا وقت کسی بھی بے ادبی کی وجہ سے گناہ کا ذریعہ نہ بنے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں عمل کی توفیق سے نوازیں، آمین۔

یا مُعِیْدُ کے خواص اور اثرات

مولانا انظر شاہ کشمیری نوراللہ مرقدہٗ

یہ اسم جلالی اور بعض کے نزدیک مشترک ہے اور اس کے اعداد ایک سو چوبیس (۱۲۴) ہیں۔

اچھے اخلاق و عادات کا حصول

اچھے اخلاق و عادات بنانے کے لیے روزانہ ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ اس اسم پاک کا وظیفہ پڑھے، کچھ دنوں کے بعد مقصد حاصل ہو۔

علوم الٰہی حاصل کرنا

اور اگر بوقت دوپہر یا جب آدھی رات گزر جائے، ننگے سر کھڑا ہو یا قبلہ رُو بیٹھ کر اکہتر (۷۱) مرتبہ روزانہ پڑھا کرے، علوم الٰہی حاصل ہوں اور اپنے علمی ارادوں کی تکمیل ہو جائے۔

مفرور اور لاپتہ کی واپسی

اگر کوئی بھاگ جائے اور لاپتہ ہو، اپنے گھر کے چاروں کونوں میں سات سات مرتبہ پڑھے اور دم کر دے۔ ایک ہفتہ کے اندر ان شاء اللہ غائب آجائے لیکن جب چاروں کونوں میں سات سات مرتبہ پڑھ لے، اللہ تعالیٰ سے دعا کرے اور کہے "**یا معید! فلاں شخص اپنے گھر واپس آجائے**"۔

مفرور کی واپسی

اگر کوئی یہ چاہے کہ بھاگا ہوا یا تو اپنے گھر آجائے یا اس کا پتہ چل جائے تو ستر (۷۰) مرتبہ ایک ایک کونہ میں گھر کے چاروں کونوں میں پڑھے اور اس کے بعد یہ کہے **یَامُعِیْدُ رَدِّ عَلَیَّ** (بحکم خدا سات دن میں واپس آجائے گا)

المعید کا نقش معظم:

۷۸۶

۲۳	۳۸	۳۷	۲۶
۳۵	۲۸	۲۹	۳۲
۳۰	۳۳	۳۴	۲۷
۳۶	۲۵	۲۴	۳۹

لڑکی والے رشتہ دینے پر راضی ہو جائیں

مولانا محمد عرفان

یہ عمل مولانا اعجاز احمد مدظلہٗ کا ہے۔ اگر کوئی شخص کسی لڑکی پر عاشق ہو اور اسے وہ لڑکی نہ دیں تو اس طلسم کو مشک و زعفران سے لکھ کر اس کی گزرگاہ میں دفن کر دیں اور چینی کی پلیٹ میں لکھ کر حلوہ سے اس پلیٹ کو صاف کر کے اس لڑکی کے متعلقین کو جو راضی نہ ہوتے ہوں، ان کو وہ حلوہ کھلائیں۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔ طلسم یہ ہے:

مححححححححححححح اںاک اںاک اںاک اںاک
ق مححح ق مححح ق مححح ق محح اںاک اںاک اںاک اںاک
اںاک دو دو دو دو دو امام امام امام امام امام امام امام امام
فلاں بن فلاں الحب فلاں بن فلاں

نوٹ: گزرگاہ میں جو طلسم لکھ کر دفن کیا جائے، اس میں یہ احتیاط رکھیں کہ اگر مقدس نام ہوں تو ان کو توڑ توڑ کر لکھیں۔ جیسے محمد کو م ح م د (خ)

شیطان اور کوئی نقصان دہ چیز آپ کو اور آپ کے اہل و عیال کو نقصان نہیں دے سکتی

خالد مقبول حفظہ اللہ

ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ''جس شخص نے سورۃ بقرہ کی پہلی چار آیات، آیۃ الکرسی، آیۃ الکرسی کے بعد کی دو آیات اور سورۃ بقرہ کی آخری تین آیات پڑھیں

لَمْ يَقْرَبْهُ وَلَا أَهْلَهُ يَوْمَئِذٍ شَيْطَانٌ، وَلَا شَيْءٌ يَكْرَهُهُ...

(رواہ الدارمی)

ترجمہ:...... ''تو اس دن شیطان نہ تو اس شخص کے پاس اور نہ اس کے گھر والوں کے قریب آئے گا اور نہ کوئی چیز ان کو نقصان پہنچا سکے گی۔''

سبحان اللہ! کیا خوب عمل ہے۔ جادوگر زیادہ تر شیاطین ہی کی مدد سے جادو کرتے ہیں۔ یعنی جادو میں زیادہ شیاطین ہی استعمال ہوتے ہیں۔ پھر خود شیاطین بھی انسانوں پر جادو کرتے ہیں اور اللہ ﷻ کے راستہ سے ہٹانے کے لیے تو شیاطین قیامت تک اپنا کام جاری رکھیں گے۔ ان سب پریشانیوں سے محفوظ رہنے کے لیے کتنا آسان اور مختصر عمل دیا گیا ہے جو ہر شخص بآسانی کر سکتا ہے۔

سب سے بڑھ کر اس کا فائدہ کہ دوسرے اعمال میں آپ عمل کرتے ہیں تو اس کا فائدہ آپ کو ہوتا ہے۔ اس عمل کو پڑھیں گے تو اپنے ساتھ، گھر والوں کی بھی حفاظت ہوگی۔ اول و آخر ایک بار درود ابراھیمی پڑھ کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں اور آیات پڑھیں۔ پھر دعا مانگ لیں۔ اس عمل کو صبح شام معمول بنا لیں۔

قارئین کی آسانی کے لیے آیات تحریر کی جاتی ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ۚ﴿۱﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛۚ فِيْهِ ۛۚ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ﴿۴﴾

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۲۵۵﴾ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ڐ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۤ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵۶﴾ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ڛ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰۗــــُٔــھُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵۷﴾

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ۭ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۸۴﴾ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗىِٕكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۣ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ڭ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸۵﴾ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۭ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۭ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَي الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۪ وَاغْفِرْ لَنَا ۪ وَارْحَمْنَا ۪ اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَي الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ﴿۲۸۶﴾

نوٹ: یہ مسنون عمل ہے۔ اس میں کسی سے اجازت کی ضروری نہیں۔ خ

شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی صاحب رحمہ اللہ کے عملیات

سانس کی تکلیف کا علاج

”یَا حَمِیْدُ“ روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھا کریں اور چودھویں رات میں کورے برتن میں سورۂ ناس لکھیں اور اس میں پانی بھر کر کچھ پئیں اور باقی سے وضو کریں۔

دودھ کی کمی دور کرنے کا عمل

پسے ہوئے نمک پر باوضو گیارہ گیارہ مرتبہ درج ذیل آیات پڑھ کر پھونکیں اور وہ نمک ماش کی دال میں ڈال کر عورت کو کھلایا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔ وَالْوَالِدٰتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَھُنَّ حَوْلَیْنِ کَامِلَیْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ یُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ (البقرۃ:۲۳۳)

اِنَّ لَکُمْ فِی الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُّسْقِیْکُمْ مِّمَّا فِیْ بُطُوْنِهٖ مِنْ بَیْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِلشّٰارِبِیْنَ (مؤمنون:۲۱)

گمشدہ لڑکی یا چیز کی بازیابی کے لیے

اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَ اَصْبَحْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ۔

سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں۔

جادو کا علاج

سفید مرغ کو باوضو ذبح کر کے اس کے تازہ خون سے ایک کاغذ پر ”جادو برسر جادوگر“ لکھ کر جہاں مریض سویا ہو وہاں اس کاغذ کو چھت پر اس طرح لٹکا دیں کہ کاغذ مریض کے سینہ کے مقابل رہے۔

آنکھوں کی گئی ہوئی بینائی واپس لانے کیلئے

کَمْ اَبْرَاَتْ وَصِیْبًا بِاللَّمْسِ رَاحَتُهٗ

اَوْ اَطْلَقَتْ اَوْبًا مِنْ رِبْقَةِ اللَّمَمِ

روزانہ سات مرتبہ باوضو پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کر دیا کریں۔

ڈاکٹر سید مولانا محمود الحسن صاحب رحمہ اللہ کے عملیات

سحر خلائق

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِنُصْرَةِ الضُّعَفَآءِ وَ الْخَلْقُ عَجَزُوْا عَنْ ذَالِكَ۔ اَللّٰھُمَّ سَدِّدْ لِسَانَ اَعْدَاءِ وَلَا تُشْمِتْ بِهٖ الْاَعْدَاءَ وَاظْفُرْلِیْ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَعْدَآءِ قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرَ۔ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ وَیُحِقُّ اللّٰهُ بِکَلِمٰتِهٖ وَلَوْ کَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ۔

اس دعاء کو روزانہ پانچ بار کسی وقت پڑھ لیا جائے۔ عام مخلوق اچھی نظر سے دیکھے گی۔ زبان بندی، صحت یابی، گفتگو اور خیر کی بات زبان سے نکلے گی۔

تیر بہدف عمل برائے حاجات دینی و دنیوی

روزانہ ایک بار صبح اور ایک بار شام سورۂ یٰسین شریف پڑھ لیا کریں۔ تمام آفات سے حفاظت رہے گی اور فراخی رزق ہوگی۔ ہر کام بخیر وخوبی پورا ہوگا۔ تمام لوگ ہمیشہ خوش رہیں گے۔ نیز کوئی شخص نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ جو دعا مانگیں گے، ان شاء اللہ تعالیٰ، قبول ہوگی۔

خوب یاد رکھیے کہ کلام پاک کا قلب سورۂ یٰسین شریف ہے۔ (حضرتؒ کا معمول ایک وقت کا تھا اور اس کو پڑھنے سے بہت فائدہ پہنچا۔ آپ سب بھی اس عمل پر پابندی کر کے فائدہ اٹھائیں)

بدمزاج عورت کی اصلاح کے لئے

اگر زوجین میں اختلاف رہتا ہے اور کسی طرح نہیں بنتی تو ذیل کی آیات کو روزانہ ہر نماز کے بعد ایک تسبیح پڑھیں۔ صبح وشام سجدہ میں جا کر دعا مانگیں کہ: ”اے پروردگار! میری بیوی کو میرا مطیع اور فرماں بردار بنادے“۔ ہفتہ عشرہ نہ گذرے گا کہ کمال محبت ہو جائے گی۔ وہ آیت پاک یہ ہے: ان ولی اللہ الذی نزل الکتاب وھو یتولی الصالحین۔ (اعراف)

ایک وقت کا عمل...... ایک ماہ میں حاجت پوری (ان شاء اللہ)

(انتخاب) حضرت مولانا حسن الہاشمی دامت برکاتہم

باموکل مجرب عمل

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فی زمانہ تیز رفتاری کی وجہ سے ہر شخص کسی نہ کسی مسئلہ کی وجہ سے ازحد پریشان ہے۔ ایسے افسردہ لوگوں کو لوٹنے کے لیے اشتہاری عاملوں نے چرب زبانی اور دھوکے کا جال بچھا رکھا ہے۔ میں ہر پریشان حال مومن بھائی، بہن، نوجوان اور بیٹیوں کو دعوت دیتا ہوں کہ نیا چاند نظر آنے پر نوچندی جمعرات کو (شبِ جمعہ) بعد نماز عشاء اول ایک تسبیح درود پاک 99 بار ''اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّد'' پھر ۷۸۶ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم ورد کریں۔ پھر دو رکعت نفل بہ نیت قضائے حاجت پڑھیں۔ اسی طرح بارہ بار اول تسبیح درود پاک ۹۹ بار، دوم بسم اللہ الرحمن الرحیم ۷۸۶ بار، سوم دو رکعت نماز نفل پڑھیں۔ کل ۱۱۸۸ بار درود پاک، ۹۴۳۲ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم اور ۲۴ رکعت نماز نفل مکمل ہوگی۔ عبادت کی جگہ پاک وصاف ہو اور یکسوئی ہو۔ عمل میں خلل نہ آئے۔ عمل مکمل ہونے پر یہ عزیمت ۹۰ بار پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ اَقْسَمْتُ وَعَزَّمْتُ عَلَیْکُمْ بِرَبِّ الْمَلٰٓئِکَۃِ الْمُقَرَّبِیْنَ بِحَقِّ یَااَللہُ یَاھَادِیُ یَاکَرِیْمُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَاحَلِیْمُ یَاعَلِیْمُ یَاعَلِیُّ یَاعَظِیْمُ یَاحَیُّ یَااِلٰھِیُ یَافَتَّاحُ یَاقَیُّوْمُ یَادَائِمُ یَاقَائِمُ یَابَاقِیُ یَارَزَّاقُ یَاعَالِمُ یَاوَاحِدُ یَاوَلِیُّ یَامَتِیْنُ یَانَاصِحُ یَامُنْعِمُ یَاحَیُّ الَّذِیْ یَرْزُقُ کُلَّ شَیْءٍ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِحَقِّ الٓمٓ وَ الٓمٓصٓ وَ الٓرٰ وَ الٓمٓرٰ وَ طٰہٰ وَ طٰسٓمٓ وَ یٰسٓ وَ صٓ وَ حٰمٓ وَ حٰمٓ وَ حٰمٓ وَ نٓ وَ قٓ وَ انْصُرْنِیَ الْعَجَلْ اَلسَّاعَۃَ اَلْوَحَا۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِفَضْلِ بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اَرْفِعْ قَدْرِیْ یَااَللہُ وَ یَسِّرْ اَمْرِیْ یَااَللہُ وَاشْرَحْ صَدْرِیْ یَااَللہُ وَاَغْنِ فَقْرِیْ یَااَللہُ یَامَنْ ھُوَ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاغْفِرْلِیْ وَ انْصُرْنِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓعٓسٓقٓ یَااَللہُ یَااَللہُ لَااِلٰہَ اِلَّا اِلَّا ھُوَالْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بِاسْمِ الْقُدْرَۃِ وَالْقُوَّۃِ وَالْعَظْمَۃِ وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْکَ فَتْحًا مُّبِیْنًا وَنَصْرًا فِیْ مُصِیْبَۃٍ یَارَبَّ الْعٰلَمِیْنَ وَاَدْرِکْنِیْ بِفَضْلِکَ یَااَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ وَصَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ وَ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

عزیمت مکمل ہونے پر بارگاہ رب العالمین میں دست دعا بلند کرکے اپنے مقصد کی التجا کریں۔ آئندہ چاند نظر آنے سے قبل ان شاء اللہ، حاجت روائی ہوگی۔

اس نقش کے لوح کے فوائد میں شک کی کوئی گنجائش نہیں۔ بارہا مجرب ہے۔ میری طرف سے مکمل اجازت ہے۔ ہر مقصد کے لیے مجرب ہے۔ جو کرم فرمایہ عمل مکمل کرنے سے قاصر ہوں، وہ یہ لوح کاغذ پر نوچندی جمعرات کو محلول زعفران سے بنا کر پلاسٹک کوٹ کرکے اپنے پرس میں رکھیں۔ جس پرس میں لوح رکھیں، اس کا رنگ سیاہ نہ ہو بلکہ زرد، سرخ، پیلا، نیلا، سفید، سبز ہو یا اس لوح کو چاندی پر لکھوا کر سونا پالش کروا کر اپنے پرس میں رکھیں۔ لوح میں نقش مربع چال بادی ہے۔ یہ بسم اللہ الرحمن الرحیم (۷۸۶) کا مکمل اصولی نقش ہے۔ جو میرے سینے کا راز تھا۔ اس کی پشت پر مکمل عزیمت ضرور درج کریں۔ جو اوپر مذکور ہو چکی ہے۔ تعویذ ص 54 پر ہے۔

رمضان المبارک کے دو خاص تحفے

1 اللّٰہُ

پہلے گیارہ روز سوالاکھ کے کھلے ورد کی نیت کر کے پڑھیں۔ ہر وقت پڑھتے رہیں اور ساتھ ممکن ہو تو لکھتے رہیں ورنہ جو مناسب طریقہ آپ کو لگے، اس سے حساب رکھیں۔ تہجد کے وقت چار ہزار چار سو چوالیس (۴۴۴۴) مرتبہ خانہ کعبہ کا مراقبہ کر کے پڑھیں۔ مراقبہ میں یہ تصور کریں کہ خانہ کعبہ کے اوپر اللہ کے نور کی بارش ہو رہی ہے اور خانہ کعبہ پر سے ہوتے ہوئے اس نور کے چھینٹے آپ پر بھی گر رہے ہیں۔ اگر اس تصور میں سر درد ہونے لگے تو مراقبہ کے بغیر تعداد پوری کریں۔ روزانہ رات کو ایک نشست میں پڑھنا ہے۔ باقی دن میں جتنا مرضی پڑھیں۔ کوشش کریں کہ اس دوران بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔ اگر کسی قسم کا گوشت نہ کھائیں تو بہت اچھا ہے۔ جو بھی کیفیات اور خواب نظر آئیں، کسی کو ہرگز نہ بتائیں۔ اپنے شیخ و مرشد کو بتائیں یا پھر بندے کو لکھ کر بھیج دیں۔ پڑھنا ''اللہ'' ہے، ''یا اللہ'' نہیں پڑھنا۔ نیز اللہ کی تشدید پر دھیان دے کر پڑھیں۔

2 صلی اللہ علیہ وسلم

تیرھویں (۱۳) روزے سے سوالاکھ کے کھلے ورد کی نیت کر کے پڑھیں۔ پندرہ (۱۵) دن یا سترہ (۱۷) دن کی نیت کریں۔ پندرہ دن کے حساب سے ستائیسویں (۲۷) روز ختم ہوگا۔ روزانہ اکتیس سو (۳۱۰۰) مرتبہ بوقت تہجد، حضور ﷺ کے روضہ مبارک کا مراقبہ کر کے پڑھیں۔ مراقبہ میں یہ تصور رکھیں کہ روضہ مبارک کے اوپر اللہ کے نور کی بارش ہو رہی ہے اور روضہ مبارک پر سے ہوتے ہوئے اس نور کے قطرے آپ پر بھی گر رہے ہیں۔ اگر اس تصور میں سر میں درد ہونے لگے تو مراقبہ کے بغیر تعداد پوری کریں۔ روزانہ رات کو ایک نشست میں پڑھنا ہے۔ باقی دن میں جتنا مرضی پڑھیں۔ کوشش کریں کہ اس دوران بڑے گوشت سے پرہیز کریں۔ اگر کسی قسم کا گوشت نہ کھائیں تو بہت اچھا ہے۔ جو بھی کیفیات اور خواب نظر آئیں، کسی کو ہرگز نہ بتائیں۔ اپنے شیخ و مرشد کو بتائیں یا پھر بندے کو لکھ کر بھیج دیں۔

دعا گو خالد مقبول عفا اللہ عنہ، پوسٹ بکس، 9119 لاہور۔ spiritualist77@gmail.com

عمل آلمرٰ

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ

یہ عمل بھی دوسرے اعمال کی طرح بے حد قیمتی اور مؤثر ہے۔ اس عمل کے اعداد دوسو اکہتر (۲۷۱) ہیں۔ اس کا تعلق آسمانی بلاؤں اور آسمانی راحتوں سے ہے۔ جن بیماریوں کا تعلق آسمانی آفتوں سے ہو مثلاً ہیضہ، طاعون، ٹی بی وغیرہ یا گردش لیل ونہار سے متعلق ہو مثلاً ستاروں کی نحوست یا تقدیر کی الٹ پھیر وغیرہ...... ایسے تمام معاملات میں یہ عمل تیر کی طرح کام کرتا ہے اور عمل کرنے والے کو ان تمام آفتوں سے بفضل رب، نجات دلاتا ہے۔ اس عمل کو سورج نکلنے کے بعد سے سورج غروب ہونے تک کسی بھی وقت پڑھ لینا چاہیے۔ سورج غروب ہونے کے بعد اس کا پڑھنا ٹھیک نہیں ہے۔ اس عمل کو روزانہ نو سو (۹۰۰) مرتبہ پڑھنا چاہیے۔ اکہتر (۷۱) دن تک، ایک دن کا بھی ناغہ نہیں ہونا چاہیے، ورنہ سارا عمل بے کار اور بے اثر ہو جائے گا۔ پرہیز کسی قسم کا بھی نہیں ہے۔ چلّے کے بعد اگر عامل کسی ایک شخص کا یا بہت سے اشخاص کا یا کسی بستی اور شہر کا اور وبائی امراض یا ناگہانی آفتوں کے بچاؤ کے لیے علاج کرنا چاہے تو یہ عمل دوسو اکہتر (۲۷۱) مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے دے دے۔ یہ پانی ان درختوں پر چھڑک دیا جائے اور ان کی جڑوں میں ڈال دیا جائے جو بستی کے کناروں پر ہوں۔ علاوہ ازیں یہ پانی بستی کے چار داخل ہونے والے راستوں پر چھڑک دیا جائے۔ یہ پانی مریضوں کو پینے کے لیے بھی دیا جائے۔

کسی ایک گھر کے لیے یہ عمل کیا جاسکتا ہے۔ اس صورت میں گھر کے دروازے پر یہ پانی چھڑک دیا جائے اور گھر کے چاروں کونوں میں یہ پانی چھڑک دیا جائے۔

اس عمل کا نقش وبائی امراض سے بچاؤ کے لیے گھروں میں آویزاں کیا جائے۔ جہاں جہاں یہ نقش آویزاں ہوگا، وہاں اللہ کی رحمت سایہ فگن رہے گی۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۶۷	۷۰	۷۴	۶۰
۷۳	۶۱	۶۶	۷۱
۶۲	۷۶	۶۸	۶۵
۶۹	۶۴	۶۳	۷۵

جس بستی میں وبائی مرض پھیلا ہوا ہو اور بستی کے لوگ عامل کو بلانا چاہیں تو عامل کو چاہیے کہ بے خوف وخطر وہاں چلا جائے اور جانے سے پہلے دوسو اکہتر (۲۷۱) مرتبہ یہ عمل پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے۔ اس کے بعد اللہ پر یقین کامل رکھتے ہوئے اس بستی میں چلا جائے اور بستی کے کسی بھی مکان کی چھت پر بیت اللہ کی طرف رخ کر کے اس عمل کو دوسو اکہتر (۲۷۱) مرتبہ پڑھ کر سات (۷) تالیاں بجائے۔ ان شاء اللہ پوری بستی وبائی مرض سے نجات پالے گی۔

یہی عمل بستی کے لوگ رحمتوں کے نزول کے لیے بھی پڑھوا سکتے ہیں۔ اس صورت میں عامل کسی مکان کے صحن میں کھڑے ہو کر یہ عمل کرے گا اور دوسو اکہتر (۲۷۱) مرتبہ پڑھ کر نو (۹) تالیاں بجائے گا۔

عامل کو چاہیے کہ یہ عمل بغیر ہدیہ کے نہ کرے اور ہدیہ اپنے مریض سے وصول نہ کرے۔ بلکہ یہ تفصیل ذہن میں رکھے۔ اگر عامل اپنے ٹھکانے پر بیٹھ کر پانی پر دم کر کے دے رہا ہے تو وہ نوے (۹۰) روپے وصول کرے۔ اگر عامل اس نقش کو بنا کر اور اس نقش پر دوسو اکہتر (۲۷۱) مرتبہ مذکورہ عمل پڑھ کر دے رہا ہے تو اس کا ہدیہ عامل ایک سونو (۱۰۹) روپے وصول کرسکتا ہے۔ دوسرے کے گھر یا بستی میں جا کر اگر عامل عمل کرے تو اس کے نو سو (۹۰۰) روپے وصول کرسکتا ہے۔ ہر ہر صورت میں عامل کو چاہئے کہ وہ ہدیہ کی رقم کا نو (۹) فیصد خیرات کر دے۔ ورنہ عامل کا عمل بے اثر ہو جائے گا۔

اگر عامل چاندی کی تختی پر یہ عمل کندہ کرا کے نابالغ بچوں کے گلے میں ڈال دے تو وہ بچے آسمانی آفات سے محفوظ رہیں۔ ان کا ہدیہ عامل نوے (۹۰) روپے وصول کرسکتا ہے۔ چاندی کی تختی اس طرح تیار کرائے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ا ل م ر ا

حاجات پوری ہونے کے لیے رمضان المبارک کے مہینے میں کرنے کا ایک خاص عمل ....خالد مقبول حفظہ اللہ

یہ عمل سینے کا راز ہے جو عوام الناس کی بھلائی کے لیے تحریر کیا جا رہا ہے۔ یہ عمل قرآن پاک کی چودہ آیاتِ سجدہ پر مشتمل ہے۔ یہ عمل سیدی و مرشدی شیخ الحدیث حضرت مولانا مشرف علی تھانوی دامت برکاتہم العالی نے ایک خاص مجلس میں ارشاد فرمایا تھا۔

رمضان المبارک کے حوالے سے خیال ہوا کہ اس طرح کے خاص اعمالِ اولیاء، عوام الناس کو بھی بتلائے جائیں تاکہ وہ بھی اس عمل سے استفادہ کریں۔ یہ عمل عام قسم کی حاجات کے لیے نہ کیا جائے۔

ایک عمل ...... ایک ہی حاجت کے لیے کیا جائے۔ زیادہ حاجتوں کے لیے کرنا ہو تو گھر کے مختلف افراد الگ الگ کریں۔

سیدی و مرشدی نے رمضان کی قید نہیں لگائی تھی۔ رمضان المبارک کے لیے ایک خاص ترتیب غیبی ذریعے سے عطا ہوئی۔ وہ تین طریقوں پر مشتمل ہے۔ جس کو جس طریقے پر عمل کرنا ہو، وہ کر سکتا ہے۔

طریقہ عمل

دو رکعت صلوٰۃ الحاجت پڑھیں۔ سلام پھیر کر اول گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر چودہ آیاتِ سجدہ پڑھیں۔ اس طرح کہ ایک پڑھیں اور سجدہ تلاوت کریں۔ پھر دوسری پڑھیں اور سجدہ تلاوت کریں۔ اسی طرح چودہ آیاتِ سجدہ پڑھیں اور پھر گیارہ بار درود شریف پڑھ کر اپنی خاص حاجت کے لیے خوب گڑگڑا کر دعائیں مانگیں۔

اب وہ تین طریقے لکھے جاتے ہیں:

طریقہ اول: رمضان المبارک کی ہر شبِ جمعہ کو کیا جائے۔ یہ طریقہ کسی خاص حاجت کے لیے ہے، جو پوری نہ ہو رہی ہو یا کسی مشکل سے نجات نہ مل رہی ہو۔ مثلاً بیٹی کا رشتہ نہیں ہو رہا، پیسے واپس نہیں مل رہے، ترقی نہیں مل رہی، نوکری نہیں مل رہی، کاروبار صحیح نہیں چل رہا، صحت یاب نہیں ہو رہا، دشمن جان نہیں چھوڑ رہا، جادو اور جنات سے نجات نہیں مل رہی وغیرہ۔

طریقہ دوم: رمضان المبارک کے آخری عشرے میں طاق رات میں پڑھا جائے۔ اس طریقے میں وہ حاجت رکھی جائے، جو آپ چاہتے ہیں کہ سارا سال، اگلے رمضان تک آپ کو حاصل رہے۔ جیسے صحت، اپنی اور اہل و عیال کی حفاظت، رزق کی فراوانی وغیرہ۔

طریقہ سوم: رمضان المبارک میں ایک شبِ جمعہ سے آغاز کر کے اگلی شبِ جمعہ تک پڑھا جائے۔ یہ طریقہ اس حاجت کے لیے ہے، جو بہت جلد آپ حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ مثلاً کسی کا آپریشن ہے اور صحت یابی کے لیے پریشانی ہے، کوئی مقدمہ ہے اور فیصلہ آنے والا ہے، امتحان کا نتیجہ آنے والا ہے، رشتہ کی بات ہوگئی ہے اور چاہتے ہیں کہ اسی جگہ ہو جائے وغیرہ۔

آیاتِ سجدہ

آیاتِ سجدہ فقہ حنفی کے مطابق کل چودہ ہیں۔ اسی کے مطابق اس عمل کو کرنا ہے۔ دسویں آیتِ سجدہ جو سورۂ ص کی ہے، وہ فقہ حنفی کے مطابق ہے، مگر شافعی کے مطابق نہیں۔ فقہ شافعی کے مطابق سورۂ حج کی ۷۷ نمبر آیت، آیتِ سجدہ ہے۔ فقہ شافعی والے سورۂ ص کی آیت نہ پڑھیں، وہ سورۂ حج کی آیت پڑھ لیں۔ آیت یہ ہے

*...... يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ارْكَعُوا وَاسْجُدُوا وَاعْبُدُوا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۩ (الحج: ۷۷)

فقہ حنفی والوں کے لیے آیاتِ سجدہ یہ ہیں:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱ ... اِنَّ الَّذِیۡنَ عِنۡدَ رَبِّکَ لَا یَسۡتَکۡبِرُوۡنَ عَنۡ عِبَادَتِہٖ وَ یُسَبِّحُوۡنَہٗ وَ لَہٗ یَسۡجُدُوۡنَ ﴿۲۰۶﴾ (الاعراف:۲۰۶)

۲ ... وَ لِلّٰہِ یَسۡجُدُ مَنۡ فِی السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ طَوۡعًا وَّ کَرۡہًا وَّ ظِلٰلُہُمۡ بِالۡغُدُوِّ وَ الۡاٰصَالِ ﴿۱۵﴾ (الرعد:۱۵)

۳ ... یَخَافُوۡنَ رَبَّہُمۡ مِّنۡ فَوۡقِہِمۡ وَ یَفۡعَلُوۡنَ مَا یُؤۡمَرُوۡنَ ﴿۵۰﴾ (النحل:۵۰)

۴ ... وَ یَخِرُّوۡنَ لِلۡاَذۡقَانِ یَبۡکُوۡنَ وَ یَزِیۡدُہُمۡ خُشُوۡعًا ﴿۱۰۹﴾ (بنی اسرائیل:۱۰۹)

۵ ... اُولٰٓئِکَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمَ اللّٰہُ عَلَیۡہِمۡ مِّنَ النَّبِیّٖنَ مِنۡ ذُرِّیَّۃِ اٰدَمَ ٭ وَ مِمَّنۡ حَمَلۡنَا مَعَ نُوۡحٍ ۫ وَّ مِنۡ ذُرِّیَّۃِ اِبۡرٰہِیۡمَ وَ اِسۡرَآءِیۡلَ ۫ وَ مِمَّنۡ ہَدَیۡنَا وَ اجۡتَبَیۡنَا ؕ اِذَا تُتۡلٰی عَلَیۡہِمۡ اٰیٰتُ الرَّحۡمٰنِ خَرُّوۡا سُجَّدًا وَّ بُکِیًّا ﴿۵۸﴾ (مریم:۵۸)

۶ ... اَلَمۡ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ یَسۡجُدُ لَہٗ مَنۡ فِی السَّمٰوٰتِ وَ مَنۡ فِی الۡاَرۡضِ وَ الشَّمۡسُ وَ الۡقَمَرُ وَ النُّجُوۡمُ وَ الۡجِبَالُ وَ الشَّجَرُ وَ الدَّوَآبُّ وَ کَثِیۡرٌ مِّنَ النَّاسِ ؕ وَ کَثِیۡرٌ حَقَّ عَلَیۡہِ الۡعَذَابُ ؕ وَ مَنۡ یُّہِنِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنۡ مُّکۡرِمٍ ؕ اِنَّ اللّٰہَ یَفۡعَلُ مَا یَشَآءُ ﴿ؕ۱۸﴾ (الحج:۱۸)

۷ ... وَ اِذَا قِیۡلَ لَہُمُ اسۡجُدُوۡا لِلرَّحۡمٰنِ قَالُوۡا وَ مَا الرَّحۡمٰنُ ٭ اَنَسۡجُدُ لِمَا تَاۡمُرُنَا وَ زَادَہُمۡ نُفُوۡرًا ﴿۶۰﴾ (الفرقان:۶۰)

۸ ... اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡعَظِیۡمِ ﴿۲۶﴾ (النمل:۲۶)

۹ ... اِنَّمَا یُؤۡمِنُ بِاٰیٰتِنَا الَّذِیۡنَ اِذَا ذُکِّرُوۡا بِہَا خَرُّوۡا سُجَّدًا وَّ سَبَّحُوۡا بِحَمۡدِ رَبِّہِمۡ وَ ہُمۡ لَا یَسۡتَکۡبِرُوۡنَ ﴿۱۵﴾ (السجدۃ:۱۵)

۱۰ ... قَالَ لَقَدۡ ظَلَمَکَ بِسُؤَالِ نَعۡجَتِکَ اِلٰی نِعَاجِہٖ ؕ وَ اِنَّ کَثِیۡرًا مِّنَ الۡخُلَطَآءِ لَیَبۡغِیۡ بَعۡضُہُمۡ عَلٰی بَعۡضٍ اِلَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَ قَلِیۡلٌ مَّا ہُمۡ ؕ وَ ظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰہُ فَاسۡتَغۡفَرَ رَبَّہٗ وَ خَرَّ رَاکِعًا وَّ اَنَابَ ﴿۲۴﴾ (صٓ:۲۴)

۱۱ ... فَاِنِ اسۡتَکۡبَرُوۡا فَالَّذِیۡنَ عِنۡدَ رَبِّکَ یُسَبِّحُوۡنَ لَہٗ بِالَّیۡلِ وَ النَّہَارِ وَ ہُمۡ لَا یَسۡـَٔمُوۡنَ ﴿۳۸﴾ (حٰم سجدہ:۳۸)

۱۲ ... فَاسۡجُدُوۡا لِلّٰہِ وَ اعۡبُدُوۡا ﴿۶۲﴾ (النجم:۶۲)

۱۳ ... وَ اِذَا قُرِئَ عَلَیۡہِمُ الۡقُرۡاٰنُ لَا یَسۡجُدُوۡنَ ﴿۲۱﴾ (انشقاق:۲۱)

۱۴ ... سَنَدۡعُ الزَّبَانِیَۃَ ﴿۱۸﴾ کَلَّا ؕ لَا تُطِعۡہُ وَ اسۡجُدۡ وَ اقۡتَرِبۡ ﴿۱۹﴾ (العلق:۱۹)

رمضان المبارک کے علاوہ طریقہ عمل

یہ عمل عام دنوں میں بھی کیا جا سکتا ہے۔ جب ضرورت ہو، لگا تار تین دن کریں۔ بہتر ہے کہ شبِ بدھ، شبِ جمعرات اور شبِ جمعہ۔ پھر نتیجہ اللہ ﷻ پر چھوڑ دیں۔ ایک ماہ میں تین دن لگا تار کر لیں۔

دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ہر شبِ جمعہ کو عمل کر لیا جائے۔ جب تک حاجت پوری نہ ہو، عمل کرتے رہیں۔

اجازتِ عمل

اگرچہ اس طرح کے اعمال کے لیے اجازت ضروری نہیں ہوتی، پھر بھی لوگ اجازت کے لیے رابطہ کرتے رہتے ہیں۔ اس لیے ہر کسی کو عام اجازت ہے۔ انتظامیہ اور ادارے کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔

ضروری گذارش

اس عمل کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچائیں۔ یہ ایک صدقۂ جاریہ ہے۔ رمضان المبارک میں ایک نیکی کا ثواب ستر (۷۰) گنا زیادہ ملتا ہے۔ آپ جتنے افراد کو یہ بتائیں گے اور وہ مزید جتنے لوگوں کو بھی آگے بتائیں گے، سب کا ثواب آپ کو ملتا رہے گا۔ اس موقع کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ کیا پتہ اگلا رمضان ہمیں دیکھنا نصیب ہو یا نہ ہو۔

دعا کرتے وقت مجھے، میرے والدین و اہل و عیال، مشائخ کرام اور اساتذہ کرام اور معاون انس و جن کو ضرور یاد رکھیں۔ جزاک اللہ خیرا

تسخیر مؤکلات باطنی

عدیل احمد

تسخیرات کی دنیا میں جنات، مؤکلات، ہمزاد، دیوی دیوتا کا موضوع جتنا دلچسپ اور حسین ہے، اس سے کہیں زیادہ اس راستے کی مشکلات اور صبر آزما مراحل ہیں۔ مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ آج کل شاعری میں ہر شخص میر تقی میر، مرزا غالب اور عملیات میں رام پوری اور غوث گوالیار بنا پھرتا ہے۔ حالانکہ چند عشروں پہلے تک ایسا کچھ بھی نہیں تھا۔ آج کل ہر دوسرے شخص کی کوشش ہے کہ وہ ان مخلوقات کا راتوں رات، کروڑ پتی سکیم کی طرح عامل بن جائے اور پھر ہمارے چند لکھنے والے علم دشمن حضرات جلتی پر تیل کا کام کر رہے ہیں اور مجبور بے بس عوام کی بے بسی کا فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ میرا عقیدہ ہے کہ اس گھناؤنے فعل کی پاداش میں اللہ تبارک تعالیٰ کے حضور اس دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی ان کی ضرور باز پرس ہوگی۔

تسخیرات کی دنیا میں سالوں کی ریاضت کے بعد اگر کچھ ہاتھ آجائے تو کامیابی جانیں۔ ہاں ''نگاہ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں'' کا معاملہ برعکس ہے۔ اس لیے احقر کا مشورہ ہے، جہاں اچھے اساتذہ کی تلاش جاری رکھیں، وہاں کسی کامل ولی اللہ...... جو مسند ولایت پر فائز ہو...... کی روحانی نظرِ کرم کے طالب ضرور بنیں۔

ذیل میں تسخیر مؤکلات باطنی کا آسان سا ابجدی عمل پیش کر رہا ہوں جو مختلف کتب میں موجود ہے مگر ادھورا ہے۔ مگر میرے ایک استادِ محترم نے تقریباً 14 سال پہلے مجھے کروایا تھا۔ یہ ان لوگوں کے لیے ایک اچھا عمل ہے جو کہتے ہیں کہ ہمیں ابھی تک عملیات میں کامیابی حاصل نہیں ہوئی۔ عمل کی اجازت خالد مقبول حفظ اللہ صاحب سے لیں جو صاحب عمل اور صاحبِ طریقت شخصیت ہیں۔ آپ کو مزید راہنمائی کی ضرورت ہو تو مجھ سے ادارے کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

عمل کی ابتداء عروجِ ماہ، پنجشنبہ کے دن سے کریں۔ جمالی پرہیز کریں۔ بعد نمازِ عشاء مقررہ وقت اور مقررہ جگہ پر کریں۔ بلاناغہ چوبیس 24 یوم عمل کریں۔ اس کے مؤکلات ظاہری طور پر نہ حاضر ہوتے ہیں نہ آپ کوشش کریں۔ باطنی طور پر حاضر ہوں گے۔ نشانی یہ ہے کہ عمل کے دوران یا عمل کے آخری دن آپ کو محسوس ہوگا کہ میرے ساتھ کوئی دوسری ذی روح مخلوق بھی کمرے میں موجود ہے۔ عمل کی کامیابی کے بعد جب بھی کوئی کام لینا ہو تو تنہائی میں جا کر عزیمت پڑھیں۔ جب آہٹ محسوس ہو تو اپنا مقصد بیان کریں اور کمرے سے باہر آجائیں۔ ایک ساعت کے بعد کمرے میں دوبارہ جائیں۔ اگر یہاں دھیمی دھیمی خوشبو محسوس کریں تو سمجھیں آپ کا کام ہوگیا۔ روزانہ مداومت کے طور پر ایک تسبیح روزانہ ورد میں رکھیں۔ اب طریقہ سمجھ لیں۔

طریقہ عمل

اپنا نام معہ والدہ کے ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور مربع آتشی چال سے پُر کریں۔ خانہ نمبر 9 پر پہنچیں تو پورے اعداد کی بجائے، احد لیں۔ اگر احد کے بجائے عشرات ہے تو دوسرا عدد لے کر نقش مکمل کریں۔ اب ان آخری 8 خانوں کو جوڑی ترتیب دے کر ان کے حروف بنالیں۔ پھر آگے کلمہ ائیل لگا کر مؤکل بنائیں۔ آپ کے پاس 4 مؤکل آجائیں گے۔ ان چار مؤکلات کو درج عزیمت کے ساتھ اعداد خود، مؤکلات اور اسمائے حسنی کی تعداد کے مطابق 24 یوم پڑھیں۔ ''عزمت و اقسمت علیکم (مؤکلات کے نام) احضرو و اطیعو بحق یا حی یا قیوم۔

آپ کے مسائل اور ان کا روحانی حل

خالد مقبول حفظہ اللہ

نفسیاتی ساس

سوال میری جہاں شادی ہوئی ہے، وہاں جا کر میں کسی طرح سکون سے نہیں ہوں۔ اصل وجہ میری ساس ہیں۔ وہ میری شوہر کی سوتیلی والدہ ہیں۔ ان سے تین بچے ہیں مگر وہ تینوں میرے شوہر سے چھوٹے ہیں۔ میرے شوہر کی والدہ کے انتقال کے بعد میرے سسر نے دوسری شادی کی تھی۔ مسئلہ یہ ہے کہ میری ساس کسی طرح بھی مجھے برداشت نہیں کر پا رہی ہیں۔ میں جو بھی کام کروں، اس میں نقص نکالتی ہیں۔ مجھے کچن میں کام نہیں کرنے دیتیں۔ اور جب میرے شوہر شام کو گھر آتے ہیں تو میری شکایتیں بھی لگاتی ہیں۔ مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہا ہے کہ میں کیا کروں۔ مجھے بتائیں کہ کیا کسی نے ہم لوگوں پر یا مجھ پر کوئی جادو تو نہیں کروایا؟ (فرحین، لاہور)

جواب آپ پر یا آپ کے شوہر اور ساس پر کسی نے کچھ نہیں کروایا۔ اصل میں آپ کی ساس اُن عورتوں کی طرح ہیں، جو گھر میں صرف اپنی حکمرانی چاہتی ہیں۔ اور اگر کوئی ایسا آ جائے جس سے ان کو ذرا بھی ڈر ہو کہ میری حکمرانی میں اب یہ دخل دے گا تو وہ اُس کی انتہا درجہ کی مخالف ہو جاتی ہیں۔ یہ ایک نفسیاتی مسئلہ ہے اور آپ کی ساس کافی حد تک ایک نفسیاتی مریضہ ہیں۔ عام بندے پر محبت کا عمل جلد اثر کرتا ہے مگر جو لوگ نفسیاتی مریض ہوتے ہیں، ان پر جلدی اثر نہیں کرتا۔ نفسیاتی مریض کے لیے جہاں کوئی عمل کیا جائے، وہیں نفسیاتی علاج بھی جاری رکھا جائے۔ پھر فائدہ جلدی اور زیادہ ہوتا ہے۔ اب آپ کی ساس کا نفسیاتی علاج تو ہو نہیں سکتا کیونکہ کون اتنی جرات کرے گا کہ ان کو کہے کہ "آپ کسی نفسیاتی معالج سے رجوع کریں"۔

دو عمل لکھ رہا ہوں۔ پابندی سے کچھ عرصہ یہ دونوں عمل کرتی جائیں۔

۱)...... رات کو تصور میں ساس کو سامنے کھڑا دیکھیں اور اکتالیس بار سورۂ اخلاص پڑھ کر ان کے دل و دماغ پر دم کریں اور جیسا آپ ساس کو دیکھنا چاہتی ہیں، ویسا تصور کریں کہ وہ ہو گئی ہیں۔ دو سے تین ماہ لگاتار یہ عمل کریں۔ ناغہ کے دنوں میں نہ پڑھیں۔

۲)...... فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ (البقرہ:۱۳۷)

اس آیت کو باطہارت کاملہ ایک کاغذ پر زعفرانی سیاہی سے لکھ کر یا لکھوا کر پاک کپڑے میں لپیٹ کر بازو پر باندھیں اور کثرت سے اس کو پڑھتی رہیں۔ جب بھی ساس کے سامنے جائیں تو تعویذ بندھا ہوا ہو۔ اور کم از کم گیارہ بار پڑھ کر ساس پر دم کر دیا کریں۔ جتنا موقع ملے، گیارہ بار پڑھ کر دم کر دیا کریں۔

ان شاء اللہ تعالیٰ، کافی بہتری آ جائے گی۔

............................*..............*

دکان مسلسل خسارے میں

سوال میرا کاروبار 2002 سے بہت اچھا چلا۔ پھر آہستہ آہستہ کام کم ہوتا گیا۔ میں بیکری کا کام کرتا ہوں۔ اب تو یہ حالات ہیں کہ نہ تو گھر کا خرچہ نکلتا ہے اور نہ دکان کا۔ مہربانی فرما کر کچھ کریں۔ میں یہ سوچ رہا ہوں کہ دکان بیچ دوں۔ آپ اس بارے میں کیا کہتے ہیں؟ (محمد سلیم، لاہور)

جواب آپ کے اوپر اور دکان پر سخت نظر اور حسد کا معاملہ ہے۔ بندش بھی لگائی گئی ہے۔ اس کے لیے باقاعدہ علاج کریں۔ جہاں تک دکان فروخت کرنے کا معاملہ ہے، اس کے بارے میں استخارہ کریں۔ اللہ جل جلالہ ہی بہتر جانتے ہیں کہ فروخت کرنا بہتر ہے یا نہیں۔

دکان اور آپ پر سے اثرات دور ہونے کے لیے یہ عمل کریں:

۱)...... ہماری روحانی دکان سے جادو اور جنات کو جگہ سے دفع کرنے والی اگربتی منگوائیں۔ صبح دکان کھولنے کے بعد اور مغرب کی نماز کے فوری بعد پوری دکان میں دھونی دیں۔

۲)...... ہفتہ میں ایک بار سورۂ بقرہ پڑھیں اور وافر مقدار پانی پر دم کریں۔

جس دن پڑھیں، اس دن گھر میں پاک جگہ پر (جیسے چھت، باغ) کھڑے ہو کر اپنے اوپر بہائیں۔ شلوار پہنے رہیں، اوپر کے کپڑے اتار دیں۔ خیال رہے کہ پانی کسی گندی نالی میں نہ جائے۔

باقی پانی صبح و شام گھر اور دکان کے پاک کونوں اور دیواروں پر چھڑکیں۔ اور پینے میں بھی یہی پانی استعمال کریں۔

۳)...... تین دن لگا تار اکتالیس بار سورۂ مزمل کو دکان پر بیٹھ کر پڑھیں یا پڑھوائیں۔ تین دن بعد اکیس دن، اکیس مرتبہ پڑھیں یا پڑھوائیں۔ پھر گیارہ بار معمول رکھیں۔ پڑھنی دکان پر ہی ہے۔

۴)...... اپنے اوپر سے روز نظر اتاریں اور اس وقت تک اتارتے رہیں، جب تک نظر نہ اترے۔ نظر اتارنا نہ آتا ہو تو فون کر کے طریقہ سمجھ لیں۔

۵)...... روزانہ کچھ نہ کچھ صدقہ کی عادت ڈالیں۔ چاہے کسی غریب بچے کو ایک کیلا ہی دے دیں۔ کچھ ٹافیاں ہی دے دیں۔ صدقہ جب دیں تو اسی وقت اللہ ﷻ سے دعا بھی کریں اس معاملے کے لیے، جس کی وجہ سے آپ نے صدقہ دیا ہے۔

۶)...... رزق کی تنگی کی ایک بڑی وجہ گناہوں کی کثرت ہے۔ کوشش کریں کہ اللہ ﷻ کو ناراض کرنے والے کاموں سے دور رہیں اور گھر کے ماحول پر بھی توجہ دیں۔ دکان پر کوئی بھی ایسی چیز فروخت نہ کریں، جو شریعت میں منع ہو۔ حرام آمدنی، حلال کو بھی خراب کر دیتی ہے۔

دعا کرتا ہوں کہ اللہ ﷻ آپ کے حالات میں جلد بہتری کے اسباب پیدا فرما دے۔ (آمین)

........................*............*

آسیب کی وجہ سے بخار

سوال میری بیٹی کا نام حنا ہے۔ اس کا بخار نہیں اتر رہا۔ بہت علاج کروا چکی ہوں۔ دن بدن کمزور ہوتی جا رہی ہے۔ آپ تشخیص کریں کہ کیا معاملہ ہے؟ اس کو کیوں صحت نہیں ہو رہی؟ (مسرت، لاہور)

جواب آپ کی بیٹی آسیبی اثرات کا شکار ہے۔ جب تک آپ آسیبی اثرات کو ختم کرنے کا علاج نہیں کروائیں گی، اس وقت تک شفا نہیں ہوگی۔ آپ صرف جسمانی علاج پر توجہ دے رہی ہیں۔ جسمانی علاج کے ساتھ ساتھ روحانی علاج بھی کریں۔

سورۂ جن روزانہ سات بار پڑھ کر پانی پر دم کریں اور بیٹی پر بھی دم کریں۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ یہ پانی سارا دن بیٹی کو پلائیں۔ کوشش کریں کہ دوسرا پانی استعمال نہ ہو۔ یہ عمل گیارہ روز کریں۔ ان شاء اللہ، آسیبی اثرات ختم ہو جائیں گے۔ ان گیارہ روز میں بیٹی کو گھر سے باہر کم سے کم جانے دیں۔

........................*............*

دو بار منگنی ٹوٹ گئی

سوال میری عمر ۲۲ سال ہے۔ دو بار منگنی ہو کر ٹوٹ گئی ہے۔ میری راہنمائی کریں تاکہ میری اب منگنی ہو کر نہ ٹوٹے اور بغیر کسی مشکل کے نکاح ہو جائے۔ (ماریہ، اسلام آباد)

جواب محترمہ! آپ اپنی روحانی تشخیص کروائیں تاکہ وضاحت ہو سکے کہ آپ پر کسی قسم کے برے اثرات تو نہیں۔ میری تشخیص میں جادو کا معاملہ ہے اور صرف آپ کے رشتہ پر ہی ہے۔ لیکن بہت زیادہ خطرناک نہیں۔

آپ درج ذیل دو اعمال پابندی سے کریں۔ ان شاء اللہ، بندش کا معاملہ ختم ہوگا۔ جتنے دن آپ عمل کریں، شادی کے سلسلے میں کسی کو گھر نہ بلائیں۔ جس دن پاکی کا غسل کریں، اسی دن سے یہ اعمال شروع کریں۔

۱)...... روزانہ وقتِ مقرر پر سورۃ طٰہٰ ایک بار روزانہ پڑھ کر اپنے اوپر اور پانی پر دم کریں۔ پانی پینا ہے اور روزانہ صبح و شام دم شدہ پانی سے پاک جگہ پر اپنا چہرہ دھونا ہے۔ اس عمل کو مسلسل اکیس یوم تک کرنا ہے۔

۲)...... ستمبر 2014 کے ماہنامہ خزینۂ روحانیات میں اکیس یوم میں بندش ختم کرنے کا عمل ہے۔ جس دن آپ درج بالا عمل کا آغاز کریں، اسی دن اس عمل کا بھی آغاز کریں۔

ان شاء اللہ، اکیس یوم میں بندش ختم ہو جائے گی۔

حاجت پوری ہونے کا مجرب ترین عمل

مرتب: سید محمد عامر علوی

حاجت روائی کے لیے آیت کریمہ تریاق مجرب ہے اور اس کے دو طریقے ہیں:

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۸۷﴾
فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ ۙ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ ۭ وَكَذٰلِكَ نُـْۨجِی الْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۸۸﴾

(الانبیا: 87-88)

(۱)......آیت کریمہ کو سوالاکھ مرتبہ اجتماعی حالت میں ایک مجلس میں پڑھا جائے (اور پھر دعا کی جائے)۔

یہ طریقہ صرف بڑے اور اہم مقاصد اور پریشانیوں سے نجات کے لیے کیا جائے۔ مثلاً عدالت میں اہم فیصلہ ہونا ہے، کوئی دشمن اور ظالم شخص ہے اور اس سے نجات مطلوب ہے، کسی جادوگر سے نجات مطلوب ہے، کسی جادوگر کی تمام طاقتیں اور اعمال ضائع کرنا چاہتے ہیں، بیمار شخص زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہے، کاروبار میں کسی بڑے نقصان کا اندیشہ ہے، مال کہیں پھنس گیا ہے اور کروڑوں کا نقصان ہوسکتا ہے وغیرہ وغیرہ۔

(۲)......ایک شخص اس آیت کو تن تنہا تین سو بار بعد نمازِ عشاء کے تاریک (اندھیرے) مکان میں بیٹھ کر شرائط طہارت اور استقبالِ قبلہ کے ساتھ پڑھے۔ ایک پیالہ پانی کا بھر کر پاس رکھ لے اور لحہ لحہ اس پانی میں اپنا ہاتھ ڈال کر بدن اور منہ پر پھیرتا رہے۔ تین، سات، اکیس یا چالیس روز تک اسی ترتیب سے پڑھے۔ ان شاء اللہ، جو بھی جائز حاجت ہوگی، وہ پوری ہوگی۔

یہ عمل ہر اس حاجت کے لیے کیا جاسکتا ہے، جس کے حصول میں کسی قسم کی رکاوٹ آ رہی ہو۔ مثلاً کوئی شخص پیسے واپس نہیں کر رہا جب کہ اس کے پاس موجود ہیں۔ اس کے لیے تین دن یا سات یا چالیس والے طریقے پر عمل کریں۔ تین دن پڑھیں اور چوتھے دن لازمی بات کریں۔ تین دنوں میں اس شخص سے بات نہیں کرنی، جس سے پیسے لینے ہیں۔ اگر بات بن جائے تو ٹھیک، ورنہ مزید چار دن پڑھ کر سات دن پورے کریں۔ اس بار بھی اسی طرح کرنا ہے کہ پڑھائی والے دنوں میں اس شخص سے بات نہیں کرنی اور مدت پوری کر کے اگلے روز لازمی بات کرنی ہے۔ اسی طرح عمل کرتے جائیں ...... ان شاء اللہ تین، سات، اکیس یا چالیس روز میں حاجت پوری ہوگی۔

اسی طرح اگر رشتہ کے لیے راضی نہ ہو رہے ہوں تو اس عمل کو کیا جائے۔ اسی ترتیب سے کرنا ہے اور بات کرنی ہے، جیسے لکھا گیا ہے۔

افسر بات جائز نہیں مان رہا، جائز ترقی نہیں ہو رہی، نوکری اہل ہونے کے باوجود کسی اور کو ملنے کا امکان ہے، کسی بیماری سے جان نہیں چھوٹ رہی اور صحیح تشخیص نہیں ہو رہی، امتحان میں کامیابی مطلوب ہے وغیرہ۔ الغرض یہ عمل ہر جائز حاجات کے لیے کیا جاسکتا ہے۔ سب کو اس کی اجازت ہے۔

نوٹ: دونوں آیات کو ملا کر پڑھنا ہے۔

روحانی تشخیص کی ضرورت

مولانا علی آفاق صاحب

روحانی حوالے سے ہمارے پاس علاج کی غرض سے آنے والے بالمشافہ یا فون پر اپنی مختلف ضرورتوں اور پریشانیوں کے لیے وظائف طلب کرنے والے افراد عموماً اس بات سے نابلد اور ناواقف ہوتے ہیں کہ ان کو مسئلہ کیا درپیش ہے یعنی وہ جادو، جنات، نظر بد کا شکار ہیں یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے آزمائش یا پکڑ میں ہیں؟

اس سلسلے میں یہ بات ذہن نشین رکھنا ضروری ہے کہ روحانی معالج اور عامل سے متعلق 3 چیزیں ہیں۔

① جادو ② جنات ③ نظر بد

ہر فرد، خاندان، دکان، فیکٹری، مکانات وغیرہ کا ان تین چیزوں سے پاک ہونا انتہائی ضروری ہے۔ بعض لوگ بغیر تشخیص کے وظائف کی اتنی کثرت کرتے اور کرواتے ہیں کہ خدا کی پناہ! آخر کار مریض بے چارہ مزید مشکلات، معاشی بندشوں، رشتوں کی بندش، گھریلو ناچاقیوں، اولاد کی نافرمانیوں سمیت بے شمار غیر مرئی (Unseen) رکاوٹوں کا شکار ہوتا چلا جاتا ہے۔

اس لیے سب سے پہلے تشخیص کا مرحلہ ہے تاکہ بے جا محنت، مشقت اور قرآن سے مایوسی اور ناامیدی کی کیفیت سے بچا جا سکے۔ اگر تشخیص میں جادو، جنات اور نظر بد سے پاک اور صاف معاملہ نظر آئے تو پھر وظائف کی جانب، عاجزی اور انکساری سے متوجہ ہوجانا ایمان کی علامت ہے۔ کیونکہ وہ اللہ ہی کارساز اور مشکل کشا ہے۔

تشخیص کی اہمیت کو ایک مثال سے واضح کرتا ہوں کہ ایک خاتون نے کہا کہ میں اپنے نافرمان بچے کے لیے لاکھوں کی تعداد میں وظائف کر چکی ہوں۔ مگر حالات روز بروز بگڑ رہے ہیں۔ اس عورت کے بچے کی تشخیص کی اور معمولی سا چند دن کا علاج دیا۔ اللہ تعالیٰ نے اس بچے کو مکمل فرمانبردار بنا دیا۔ معلوم ہوا کہ جادو جنات کے شکار ہونے کی وجہ سے وظائف کام نہیں کر رہے تھے۔

اسی طرح عموماً عورتیں بچوں کے چڑچڑاپن، کہنا نہ ماننا، کھانا شوق سے نہ کھانا وغیرہ کی شکایات کرتی ہیں۔ ان کو تشخیص کرنے کے بعد نظر اتارنے کا طریقہ تجویز کیا جاتا ہے تو بچہ دنوں میں بہتری کی جانب گامزن ہوجاتا ہے۔ اس لیے وظائف شروع کرنے، کسی خاص عمل مثلاً منزل، آیۃ الکرسی، سورۂ بقرہ، سورۂ مزمل وغیرہ کی سالہا سال ایسی پابندی کہ جس کے باوجود حالات بگڑتے جا رہے ہوں...... تشخیص کروائیں اور خود بھی تشخیص کرنا سیکھیں تاکہ کوئی بھی فرد آپ کو جادو، جنات کے نام پر ورغلا کر، دھمکا کر پیسہ نہ بٹور سکے۔ ہمارے ادارے میں تشخیص کا عمل سکھایا جاتا ہے۔ جو سیکھنا چاہیں، وہ روحانی درسگاہ میں رابطہ کریں۔

عاملین کے مسائل اور ان کا حل

خالد مقبول حفظہ اللہ

جنات بچوں کو اٹھا کر پھینکتے ہیں

سوال میرے ایک مریض، جو پہلے کشمیر میں تھے، اب راولپنڈی میں آ گئے ہیں۔ ان کے گھر عجیب معاملہ ہے۔ جنات واضح ان کی بیٹی کو نظر آتے ہیں۔ ان کے بچوں کو تھپڑ مارتے ہیں۔ امتحان دینے نہیں دیتے۔ امتحان دیتے وقت سب کچھ بھلا دیتے ہیں۔ گھر میں اٹھا کر زمین پر پھینک دیتے ہیں۔ میں نے ان کے گھر عمل کیا، تین دن والی ھانڈی کے بھی دو عمل کئے مگر حالات قابو میں نہیں آ رہے ہیں۔ اس سلسلے میں میری رہنمائی فرمائیں۔

(ا ب، راولپنڈی)

جواب یہ کیس ھانڈی والا نہیں۔ ھانڈی سے حالات مزید بگڑنے کا اندیشہ ہے۔ دوسری بات یہ کہ جنات صرف گھر کی حد تک تکلیف دینے تک محدود نہیں۔ وہ باہر بھی کھلے عام تکلیف دے رہے ہیں۔ گھر میں جتنی مرضی ھانڈیاں جلائیں، اگر جنات گھر سے باہر ہوں اور وہ تکلیف باہر ہی دیں تو پھر بھی ھانڈیوں کا کوئی خاطر خواہ فائدہ نہ ہوگا۔

اس کے لیے سب سے پہلے اپنے جنات کو استعمال کریں اور ان کو، مریض اور اس کے اہل وعیال کو تنگ کرنے والے جنات سے بات چیت کا کہیں اور کسی طرح ان کا غصہ ٹھنڈا کروائیں۔ پھر بات چیت کے ذریعے مسئلے کا حل کریں۔ مخالف جنات جو بھی مانگیں، اپنے جنات سے مشورہ کر کے دے دیں۔ کوشش کریں کہ لڑائی نہ ہی کرنی پڑے۔ پہلے ہی مخالف جنات ظاہری طور پر بہت زیادہ تکلیف دے رہے ہیں۔ ایسا بہت کم ہوتا ہے۔ اور جہاں بھی ہوتا ہے، وہ باغی قسم کے جنات ہوتے ہیں۔ کسی بھی حد تک چلے جاتے ہیں۔ اس لیے کہہ رہا ہوں کہ لڑائی نہ ہی کرنی پڑے۔

اس دوران مریض کا علاج جاری رکھیں۔ کوئی بھی ایسا عمل نہ دیں، جو جنات کو جلانے کے لیے ہو۔

ایک عمل مجھے اپنے سلسلے کے ایک بزرگ جن سے ملا تھا۔ انہی کی اجازت سے آپ کو دے رہا ہوں۔ اور ان سے سارا معاملہ عرض بھی کر دیا ہے۔ انہی کی تجویز ہے کہ صرف یہی عمل کریں۔ باقی کوئی عمل نہ کریں۔ ان شاءاللہ، کسی اور عمل کی ضرورت نہیں پڑے گی۔

سورۂ بقرۃ ہفتہ میں ایک بار اس گھر میں پڑھیں۔ وافر مقدار میں پانی دم کریں۔ تمام گھر میں پاک جگہوں پر پانی کی چھینٹیں لگائیں۔ جس دن پانی دم کیا جائے، اس دن جتنا ممکن ہو سکے، گھر کو دھونا ہے۔ اور دھونے کا طریقہ یہ ہے کہ ایک بالٹی پانی لے کر اس میں کپڑا بھگو کر فرش پر پھیریں۔ اور بہت احتیاط رکھیں کہ اس پانی کی بے ادبی نہ ہو۔ کپڑا جو پھیریں، اس کو دوسرے برتن میں نچوڑتے رہیں۔ پھر مستعمل پانی کو پاک جگہ بہا دیں۔ جن کمروں میں بے ادبی کا امکان ہو، اس جگہ نہ کریں۔ جو راستہ گھر کے اندر باہر جانے کا ہو، اس پر نہ کریں۔ خاص خاص کمروں میں کر لیں۔ جہاں کرنا آسان ہو، وہاں کریں اور خشک ہونے دیں۔ جلدی خشک کرنے کے لیے صاف کپڑا بھی پھیرا جا سکتا ہے۔

باقی چھ دن پانی چھڑکنا اور پینا ہے۔ ان شاءاللہ، دو یا تین ہفتوں میں جنات ظاہری تکلیف دینا چھوڑ دیں گے۔

گھر میں تمام افراد کو کہیں کہ حفاظت کے زیادہ سے زیادہ اعمال کریں اور روزانہ صلوٰۃ الحاجت پڑھ کر اللہ جل جلالہ سے اس پریشانی سے نجات کی خوب دعا کریں۔

ایک ماہ کے اندر بندش رشتہ ختم اور رشتے آنا شروع ہو جائیں

پیرزادہ سید محمد عثمان صاحب

جس کسی بچے یا بچی کا رشتہ بوجہ سحر باندھ دیا گیا ہو اور کسی بھی حالت میں رشتہ نہ آتا ہو یا آ کر ٹوٹ جاتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل عطیۂ روحانی حضرت نظام الدین چشتی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ (سنام شریف) بے حد مفید اور زود اثر ہے۔

اس مقصد کے لیے ذیل کے تین عدد نقش لکھیں۔ دو سفید کاغذ پر اور ایک سبز ریشمی پارچہ پر زعفران وگلاب سے ساعت زہرہ میں تیار کریں اور ان پر سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ شریف تین سو تیرہ (۳۱۳) مرتبہ اور آیت سحر سات سو ستر (۷۷۰) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ ریشمی پارچہ والا نقش خوشبو لگا کر بچے یا بچی کے گلے میں موم جامہ کر کے پہنا دیں۔

ایک نقش پانی میں حل کر کے اس سے وہ بچہ یا بچی سات یوم تک غسل کرے اور کپڑے پہننے سے پہلے اپنے اوپر سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کرے۔

دوسرا نقش کسی گتہ پر چسپاں کر کے اپنے مکان کی بیرونی چوکھٹ کے اندر کی جانب دیوار پر لٹکا دیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

جبرائیل | اولم یرالذین کفروا ان السموٰت والارض کانتا رتقاً ففتقنہما ھما وجعلنا من الماء کلّ | میکائیل

(دائیں جانب:) قل جاء الحق و زھق الباطل ان الباطل کان زھوقا

(بائیں جانب:) شیٔ حی افلا یومنون باطل باطل باطل فغلبوا ھنالک وانقلبوا صاغرین


یالطیف | القی السحرة ساجدین بحق ایاک نعبد وایاک نستعین | یالطیف

(اندرونی دونوں جانب:) القی السحرة ساجدین بحق ایاک نعبد وایاک نستعین

الحمد لله	رب العالمین	الرحمن	الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اهدنا	الصراط
رب العالمین	الرحمن	الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اهدنا	الصراط	المستقیم
الرحمن	الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اهدنا	الصراط	المستقیم	صراط الذین
الرحیم	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اهدنا	الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت
مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین	اهدنا	الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیهم
ایاک نعبد	وایاک نستعین	اهدنا	الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیهم	غیر المغضوب
وایاک نستعین	اهدنا	الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیهم	ولا المغضوب	علیهم
اهدنا	الصراط	المستقیم	صراط الذین	انعمت	علیم	ولا المغضوب	علیهم	ولا الضالین
یالطیف	یالطیف	یالطیف	یالطیف	یالطیف	یالطیف	یالطیف	یالطیف	یالطیف


یالطیف | القی السحرة ساجدین بحق ایاک نعبد وایاک نستعین | یالطیف

اسرافیل | قال موسیٰ جئتم بہ السحر ان اللہ سیبطلہ ان اللہ لا یصلح عمل المفسدین | عزرائیل



۷۸۶

۲۶	۱۹	۲۴
۲۱	۲۳	۲۵
۲۲	۲۷	۲۰



سحری بندش فلاں بنت فلاں ختم شود ختم شود

ان شاء اللہ العزیز الحکیم ایک ماہ کے اندر اندر رشتے آنا شروع ہو جائیں گے۔

نوٹ: غسل کرتے وقت یہ بات دھیان میں رکھیں کہ پانی گندی نالی یا کسی ناپاک جگہ پر نہ جائے۔ اس طرح غسل کریں کہ پانی کسی پاک جگہ پر جائے۔

جو لوگ خود تیار نہ کر سکیں، وہ ھدیہ اور ڈاک خرچ ادا کر کے گھر بیٹھے ادارے سے منگوا سکتے ہیں۔

بزم درویش سلسلہ نمبر سوئم

سرمایہ درویش (اعمال ووظائف کا انسائیکلوپیڈیا) (نئی کتاب)

مجرب ترین اعمال ووظائف کے صدیوں پرانے سربستہ رازوں کا پہلی بار انکشاف عاملین کاملین، فقیروں، درویشوں، قلندروں، حکیموں کے مجربات اور ایک درویش خدامست کے ذاتی خاندانی مخفی رازوں پر مشتمل لاجواب بے مثال سب سے بڑا (61 ابواب) اسلامی، روحانی، مجرب اور جامع ترین اعمال ووظائف کا انسائیکلوپیڈیا۔

مصنف: پروفیسر عبداللہ بھٹی عام قیمت: 750 روپے رعائتی قیمت: 600 روپے

ایک کامل درویش کی زندگی بھر کا نچوڑ ذہنی، جسمانی، مالی، روحانی بیماریوں، مسلسل ناکامیوں، جادو بندش آسیبی اثرات، خاندانی جھگڑوں، دم توڑتی خواہشوں، امیدوں، الجھنوں اور زندگی کے تمام مسائل اور مشکلات سے فوری نجات، کامیابی اور کامرانی کے مجرب اور آسان ترین اعمال ووظائف کا گنجینہ خاص

ابواب اسماء الحسنیٰ ☆ اسماء النبی ﷺ ☆ اسم اعظم ☆ قرآنی سورتیں ☆ قرآنی آیات ☆ درود شریف ☆ مسنون دعائیں ☆ زیارت رسول کریم ﷺ ☆ زیارت حضرت علیؓ ☆ روح سے ملاقات ☆ کشف القبور ☆ عشق الٰہی ☆ کشف الصدر ☆ سیف زبان ☆ روحانی ترقی ☆ روحانی امراض ☆ استخارہ کے اعمال ☆ مستجاب الدعوۃ ☆ سحر (جادو) ☆ نظر بد ☆ جنات کی حقیقت ☆ جنات سے دوستی ☆ ہمزاد ☆ حاضرات ☆ حصار ☆ دفع نحوست وسیارگان ☆ حروف مقطعات ☆ متفرق وظائف ☆ فراخی رزق ودست غیب ☆ ادائے قرض ☆ ملازمت ☆ حل مشکلات ☆ خیر وبرکت ☆ حفاظت جان ومال ☆ حب وتسخیر ☆ نکاح وشادی ☆ ترقی حافظہ ☆ قید سے رہائی ☆ گمشدہ اشیاء کی دستیابی ☆ بغض وہلاکئ دشمنان ☆ جسمانی امراض ☆ زہریلے جانور کے کاٹے کا علاج ☆ جلدی امراض ☆ بخار کا علاج ☆ سردرد کا علاج ☆ امراض چشم ☆ ناک، کان، گلا ☆ دانتوں کے امراض ☆ سینے اور دل کے امراض ☆ پیٹ کے امراض ☆ مردانہ امراض ☆ خواتین کے امراض ☆ گردہ مثانہ کے امراض ☆ بچوں کے امراض ☆ بواسیر کا علاج ☆ مرگی کا علاج ☆ شوگر کا علاج ☆ بلڈ پریشر ☆ جگر وہیپاٹائٹس ☆ موٹاپے سے نجات ☆ ڈپریشن، خوف، وہم، متفرق امراض، اعمال اکبر۔

رابطہ: 042-35410586, 0332-4487877

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, info@darulamal.org

تسخیر مہر وقہر یعنی اعمال حزب البحر

مصنف: حضرت خواجہ حسن نظامی صاحب امپورٹڈ کاغذ (فوٹوسٹیٹ)

یکسوئی ہر عمل کی بنیاد، اچھے برے کام کی فطری پہچان، دھوکہ سے بچنے کا علاج، دعائے اعتصام طلب عصمت کی دعا، تندرستی کا خاص عمل، حزب البحر کا عمل (اول) ہر مراد کی کنجی، حزب البحر کا دوسرا عمل قہر دشمن، مسخر کرنا یعنی عمل تسخیر، نقش تسخیر کا عمل، کشائش رزق کا عمل تسخیر، حزب البحر بڑے دشمن پر غلبہ، قبر کی دعا، دروازہ کی برکت، حزب البحر یعنی حصول اولاد، نقش حب یقینی، حصار ردِ سحر، نظر بد کا تعویذ، ردِ مصائب، دعائے خاص کے اعمال۔

صفحات: 120 قیمت: 410 روپے ڈاک خرچ بذریعہ خریدار

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, info@darulamal.org

عملیات حب وتسخیر اور حاضر مطلوب پر ایک جامع ومستند کتاب
محبت میں کامیاب کرنے والے عملیات وتعویذات کا انسائیکلوپیڈیا

تحفہ حُبّ

قیمت: 300 روپے

دو دلوں کو ملانے اور روٹھے ہوؤں کو منانے کیلئے لازوال اور بے مثال عملیات وتعویذات کا انمول ومجرب خزانہ

مصنف: روحانی وجسمانی معالج پروفیسر حکیم حافظ عبدالرؤف

☆ حب کا نہایت مفید عمل ☆ لڑکی یا لڑکے کے گھر والوں کو راضی کرنا ☆ میاں اور سسرال سے ہمیشہ محبت ملے ☆ ساس کو بہو کے تابع کرنے کا عمل ☆ بہن بھائیوں میں محبت ہونے کا وظیفہ ☆ مرد وعورت میں محبت والفت پیدا کرنا ☆ معشوق تڑپ کر حاضر ہو ☆ عورت کو اپنی محبت میں بیقرار کرنے کا عمل ☆ حُب کے لیے الائچی ☆ میاں بیوی میں زائد محبت کیلئے ☆ کسی کو اپنا عاشق بنانا ☆ مخصوص جگہ پر شادی کیلئے ☆ کسی بھی مرد یا عورت کو اپنی محبت میں پریشان کرنا ☆ کسی کو اپنا گرویدہ کرنا۔

مکتبۃ العارف 042-35410586, 0332-4487877
darulamal.org/bookshop, info@darulamal.org

اعمال اولیاء سیکھنے کے لیے تفصیل darulamal.org/ruhanidarsgah/amals/aamaale_aulia

آلۂ یکسوئی



ایسا آلہ جو انسان کی چھپی ہوئی نگاہ کو متحرک کر کے ماورائی دنیا کو سامنے لے آتا ہے (اس کے استعمال سے عملیات میں کامیابی مقدر بن جاتی ہے)۔ قیمت:800 روپے

لوبان اگر بتی (جدید)



حسد، نظرِ بد، جادو، سایہ و شیطانی نحوست کے اثرات کا خاتمہ، ہر قسم کی بندش کا ازالہ۔ کاروباری بندش کا ازالہ۔ روحانی عمل و پڑھائی کی تاثیر اور روحانی طاقت میں کئی گنا اضافہ۔ قیمت فی عدد 5 روپے اسکے استعمال سے آپ خود واضح طور پر فرق محسوس کریں گے۔

روحانی طلسماتی تیل
(خاص الخاص دم شدہ)




جسم میں کہیں بھی درد ہو۔ پٹھوں میں درد ہو۔ غرض کہ آپ کو کہیں بھی درد ہو۔ دارالعمل چشتیہ کا تیار کردہ روحانی طلسماتی تیل ضرور آزمائیں ان شاء اللہ آپکو یقینی فائدہ ہوگا۔

نوٹ: جنات کے حاضری کے مریض، جادو کے مریض، جسمانی دردوں (جوڑوں کے درد)، دماغی اثرات وغیرہ کیلئے نسخہ اکسیر۔ قیمت:200 روپے (100ML)

تعویذ دفع بندشِ رشتہ
ہدیہ:1100 روپے

رشتہ کی بندش کو توڑنے کا مجرب تعویذ۔ تعویذ کے ساتھ اکیس یوم کا وظیفہ بھی دیا جاتا ہے۔ رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، منگنی یا رشتہ طے ہو کر ٹوٹ جانا، خاص جگہ پر شادی ہونے میں رکاوٹ وغیرہ الغرض رشتے کی تمام اقسام کی بندشوں میں یہ تعویذ نہایت مجرب ہے۔ اس کے استعمال سے رشتے (بحکم خداوندی) خوب آتے ہیں، ہر قسم کی بندش دور ہو جاتی ہے اور جلد اور بہترین رشتہ مل جاتا ہے۔

حیرت انگیز حافظہ



علماء، طلباء، وکیل، ڈاکٹر اور دماغی کام کرنے والوں کیلئے حافظے میں اضافے کا مفید کورس۔ ہدیہ 2400 روپے

تعویذِ خیر و برکت
ہدیہ 750 روپے

اس تعویذ کی بدولت خیر و برکت آتی ہے اور نحوست ٹل جاتی ہے۔ جادو، جنات، شیاطین اور ہر طرح کی نقصان دہ غیبی مخلوق کو بھگانے کیلئے یہ تعویذ تیر بہدف ہے۔

روحانی بھکی



جادو جنات سے متاثرہ افراد کے معدوں کے جملہ امراض کیلئے مفید ہے۔ قیمت:30 روپے

آبِ شفاء



لاعلاج اور جان لیوا امراض میں مبتلاء مریضوں کیلئے نوید شفاء۔ ہدیہ فی بوتل 50 روپے

تعویذ خوشحالی
ہدیہ:1100 روپے برائے عوام
ہدیہ:900 روپے برائے ممبران

1 برکت یہ ہے کہ تھوڑی رقم میں زیادہ کام انجام پا جائیں اور مختصر آمدنی میں گھر کے تمام کام بآسانی ہو جائیں اور قرض نہ پڑے۔ 2 اگر کوئی شخص کم آمدن کے سبب پریشان رہتا ہو اور اس کا گزارہ مشکل سے ہوتا ہے، قرض پر قرض چڑھتا جاتا ہے لیکن آمدنی میں اضافہ نہیں ہوتا۔ جتنی محنت اور کوشش کرتا ہے کامیابی نہیں ہوتی اس لئے اکثر فکر مند اور پریشان رہتا ہے۔ آرام و سکون نہیں ملتا۔ قرض خواہ الگ تنگ کرتے ہیں، ہر تدبیر ناکام ہو جاتی ہے۔ اسی پریشانی کو دور کرنے کے لئے "تعویذ خوشحالی" ہے۔ مسلسل پابندی کے ساتھ باندھے رکھیں بدل بدل ہو کر نہ چھوڑیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند دنوں کے اندر اس کے اثرات ظاہر ہوں گے۔

تعویذ بغض و جدائی
ہدیہ:550 روپے

جائز جگہ پر دو افراد کے درمیان جدائی کا خاص تعویذ جو اسلامی مہینے کی آخری منگل کو تیار کیا جاتا ہے۔ عرصہ سے دارالعمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ میں دیا جا رہا ہے۔ صرف اس سائل کو دیا جاتا ہے، جس کا معاملہ شرعی طور پر جائز ہو ایسے دو اشخاص جن میں خلاف شرع یا خلاف قانون اور خلاف تہذیب میل ملاپ ہو اور ان کا اکٹھا رہنا معاشرہ میں خرابی کا باعث بن رہا ہو۔ یا کسی مرد و عورت میں ناجائز تعلقات ہوں یا دو افراد کا اکٹھا رہنا آپ کی عزت کو خاک میں ملانے کا سبب بن رہا ہو۔ اگر کوئی دشمن بلا وجہ آپ کی جان کا دشمن بن چکا ہو۔ غرضیکہ ایسے دو افراد جن میں عداوت اور جدائی خلاف شرع نہ ہو ان سب کے لیے یہ تعویذ دیا جا سکتا ہے۔ یہ تعویذ اپنے اثرات میں تیر بہدف ہے مگر خلاف شرع کام لینے کی صورت میں اس کی رجعت فوری ہوتی ہے۔ اگر کسی مرد اور عورت میں طلاق کی صورت پیدا کرنا جائز ہو تو بھی اس تعویذ سے فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔

روحانی سکونی تیل
پیکنگ:100 گرام قیمت:400 روپے

روحانی علاج گاہ کا تیار کردہ تیل جس پر خاص دم کیا گیا ہے، ان افراد کے لیے بہت مفید ہے جن کو صحیح نیند نہیں آتی اور نیند کی گولیاں کھانی پڑتی ہیں۔ انتہائی خوشگوار، خوشبودار تیل جو ڈپریشن، ٹینشن کو ختم کرنے اور دماغ کو سکون پہنچانے میں لاجواب اثر رکھتا ہے۔

روحانی نمک
قیمت:50 روپے فی پیکٹ

روحانی نمک کے استعمال سے جسم میں موجود جادو یا جنات کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں۔ ان اثرات سے پیدا شدہ بیماریاں ٹھیک ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔

روحانی چینی
قیمت:100 روپے فی پیکٹ

روحانی چینی کے استعمال سے جسم میں موجود جادو یا جنات کے اثرات ختم ہو جاتے ہیں۔ ان اثرات سے پیدا شدہ بیماریاں ٹھیک ہونا شروع ہو جاتی ہیں۔

عطرِ حفاظت



اس کے استعمال سے انسان، جنات، جادو شیاطین، نظر بد اور تمام ناگہانی آفات سے محفوظ رہتا ہے۔ قیمت:150 روپے

روحانی دکان، دارالعمل چشتیہ، لاہور
فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0334-4312272

darulamal.org/ruhanishop
info@darulamal.org

جنات، آسیب، عفریت، شیاطین وغیرہ سے لڑنے اور ان کو جلانے کا خاص عمل
ہر قسم کے جادو کو ختم کرنے، اور جادو کو واپس کرنے کا خاص عمل
ہر قسم کی نظرِ بد اور لاعلاج امراض کا علاج کرنے کا خاص عمل



ھانڈی کا عمل

الحمدللہ دار العمل چشتیہ کی روحانی درسگاہ نے جادو، جنات و شیاطین کا علاج کرنے والے عاملین کے لئے ھانڈی کے مختلف اعمال ترتیب دیئے ہیں، جن کی مدد سے باآسانی جادو اور جنات کے متاثرہ مریضوں کا جلد علاج کیا جا سکتا ہے۔ یہ اعمال صرف وہی عاملین کر سکتے ہیں، جن کے حصار مضبوط ہوں۔ ورنہ رجعت کا خطرہ رہتا ہے۔ ہم ان عاملین کی طرح نہیں جو یہ دعوٰے کرتے ہیں کہ ہم سے سیکھنے والوں کو رجعت نہیں ہوتی۔ ہم واضح کہتے ہیں کہ جو غلط استعمال کرے گا، اس کو رجعت ضرور ہوگی۔ اسی لئے اعمال کے ساتھ ساتھ مختلف ھدایات تفصیل سے دی گئی ہیں جن پر عمل کر کے رجعت سے بچا جا سکتا ہے اور ھانڈی کے اعمال کے سلسلے میں بہت تفصیل دی گئی ہے جس کو پڑھ کر، ھانڈی کے اعمال کا صحیح طریقہ آ جائے گا اور عمل کرنے میں غلطی کا امکان بھی نہ ہونے کے برابر ہوگا۔ ہم ان عاملین کی طرح نہیں جو تفصیل اس لئے نہیں بتاتے کہ اگر ایک بار ہی سب بتا دیا تو "ہمارے پاس کون آئے گا"۔

درجہ اول ھدیہ: -/5500 روپے

درجہ دوم ھدیہ: -/10500 روپے

دو طرح سے ھانڈی کے اعمال سکھائے جاتے ہیں۔

درجہ اول اس میں سات اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ ان اعمال سے جادو، جنات، نظرِ بد، شیاطین، دیو، پری، بھوت، چڑیل اور اسی طرح کی دیگر نقصان دہ مخلوق کے اثرات کا علاج کر سکتے ہیں۔ اسی طرح لاعلاج بیماریوں کا بھی علاج کر سکتے ہیں۔

درجہ دوم اس میں کل دس اعمال سکھائے جاتے ہیں۔ دو خاص الخاص اعمال ہیں جو سخت سے سخت جادو، بڑے بڑے شیاطین، جنات اور جادوگروں کو سبق سکھانے اور ان کا خاتمہ کرنے کے لئے ہیں۔ ان کی تعداد چاہے جتنی بھی ہو۔ آخر میں ھانڈی کا ایک خاص عمل دیا گیا ہے جو محبت، مفرور کو واپس لانے، رشتہ کے لئے ہاں کروانے میں مفید ہے۔

ان تمام اعمال کے لئے کچھ ریاضتیں بھی کروائی جاتی ہیں تاکہ عامل کے پیچھے جنات کی غیبی مدد بھی شامل رہے۔ صرف طریقے نہیں بتائے جاتے۔

رابطہ مولانا محمد عرفان (ناظم درسگاہ) 0321-4661681 دوپہر 2 تا 5 (علاوہ جمعہ و اتوار)

ایک ہی دن میں مکان میں رہنے والے کافر اور سخت جن کو سورۃ یٰسین سے جلا دینا

مرتب: مولانا محمد عرفان

اس دعا کو پاک پانی پر تین بار پڑھیں اور جس مکان میں کافر اور سخت جن نے قبضہ کیا ہوا ہے یا رہائش پذیر ہے، اس مکان کی تمام پاک دیواروں اور کونوں پر چھڑکیں۔ جس جگہ بھی وہ جن ہوگا، پانی کی چھینٹیں پڑنے سے، اسی وقت جل جائے گا، ان شاءاللہ۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ اللَّعِيْنِ الرَّجِيْمِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰسٓ يٰسٓ يٰسٓ يٰسٓ يٰسٓ يٰسٓ

يٰسٓ ﴿١﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿٢﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٣﴾ عَلٰى
صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٤﴾ تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿٥﴾ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ
اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿٦﴾ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ
فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٧﴾ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى
الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ﴿٨﴾ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا
وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ﴿٩﴾ وَسَوَآءٌ
عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ﴿١٠﴾ اِنَّمَا تُنْذِرُ
مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ
وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿١١﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا
وَاٰثَارَهُمْ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ﴿١٢﴾

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَحَنَانَيْكَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَتَعَالَيْتَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَالْعِزُّ إِزَارُكَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَالْعَظَمَةُ رِدَاءُكَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَالْكِبْرِيَآءُ سُلْطَانُكَ سُبْحَانَكَ مِنْ عَظِيْمٍ مَا أَعْظَمَكَ سُبْحَانَكَ سُبِّحْتَ فِي الْمَلَاءِ الْاَعْلٰى تَسْمَعُ وَتَرٰى مَا تَحْتَ الثَّرٰى سُبْحَانَكَ أَنْتَ شَاهِدُ كُلِّ نَجْوٰى سُبْحَانَكَ مَوْضِعُ كُلِّ شَكْوٰى سُبْحَانَكَ حَاضِرُ كُلِّ مَلَاءٍ سُبْحَانَكَ عَظِيْمُ الرَّجَاءِ سُبْحَانَكَ تَرٰى مَا فِي قَعْرِ الْمَآءِ سُبْحَانَكَ تَسْمَعُ أَنْفَاسَ الْحِيْتَانِ فِي قُعُوْرِ الْبِحَارِ سُبْحَانَكَ تَعْلَمُ وَزْنَ السَّمٰوَاتِ سُبْحَانَكَ تَعْلَمُ وَزْنَ الْاَرَضِيْنَ سُبْحَانَكَ تَعْلَمُ وَزْنَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ سُبْحَانَكَ تَعْلَمُ وَزْنَ الظُّلْمَةِ وَالنُّوْرِ سُبْحَانَكَ تَعْلَمُ وَزْنَ الْفَيْءِ وَالْهَوَآءِ سُبْحَانَكَ تَعْلَمُ وَزْنَ الرِّيْحِ كَمْ هِيَ مِنْ مِثْقَالِ ذَرَّةٍ سُبْحَانَكَ قُدُّوْسٌ قُدُّوْسٌ قُدُّوْسٌ سُبْحَانَكَ عَجَبًا مَنْ عَرَفَكَ كَيْفَ لَا يَخَافُكَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ

بِسْمِ اللّٰهِ اَمْسَيْنَا بِسْمِ اللّٰهِ اَصْبَحْنَا بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ يَمْتَنِعُ بِهٖ وَبِقُوَّةِ اللّٰهِ الَّتِيْ لَا تُرَامُ وَلَا تُضَامُ وَبِسُلْطَانِ اللّٰهِ الْمَنِيْعِ نَحْتَجِبُ وَبِاَسْمَاءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى كُلِّهَا نَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنَ الْبَلِيَّةِ وَمِنَ الشَّيَاطِيْنِ الْمُتَمَرِّدِيْنَ وَمِنْ شَيَاطِيْنِ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ مُغْلَقٍ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ مُفْتَحٍ وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ بِاللَّيْلِ وَيَكْمُنُ بِالنَّهَارِ وَيَكْمُنُ بِاللَّيْلِ وَيَخْرُجُ بِالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَاءَ وَذَرَاءَ وَمِنْ اِبْلِيْسِ اللَّعِيْنِ وَجُنُوْدِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ وَمِنْ شَرِّ مَا يَتَّقِيْ

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ وَمِنْ
شَرِّ مَا خَلَقَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ﴿١﴾
جب اس چوتھے درجہ کے ہوپس ہیلرز کو مل جاتے ہیں تو یہ انرجی بیدار ہو جاتی ہے تو اس کی رفتار روشنی کی رفتار سے کئی سو ارب (Billion) گنا زیادہ ہوتی ہے اس کا رابطہ کائنات میں پائی جانے والی تیز رفتار توانائیوں کے ساتھ بھی منسلک کیا جاسکتا ہے۔ چوتھے درجہ کی ہیلنگ انرجی سے ہیلر دور فاصلے سے علاج کرسکتا ہے۔ سپیریچوئل طریقہ علاج ایک ایسا زود اثر اور حیرت انگیز طریقہ علاج ہے کہ ہوپس لینے کے بعد چند مہینوں کے اندر اندر مریض ہزاروں کی تعداد میں آنا شروع ہو جاتے ہیں۔ اس درجہ سے مجموعی علاج یعنی (Group Healing) کی جاتی ہے۔ جو کہ بہت ہی مفید ہے، اس کا مددگار چھٹا درجہ ہے۔ جب سپیریچوئل ہیلر کے مریضوں کی تعداد ہزاروں لاکھوں تک بڑھ جائے تو چوتھے اور چھٹے درجہ سے کام لیا جاتا ہے۔ بہت سے مریضوں کو ایک جگہ مثلث کی شکل میں بٹھا کر ہر طرح کی بیماریوں کا علاج منٹوں میں کیا جاسکتا ہے۔ انرجی کے لئے فاصلہ کوئی اہمیت نہیں رکھتا، مریض چاہے دور ہو یا نزدیک اس کا اثر ایک ہی جیسا ہوتا ہے۔ سپیریچوئل ہیلنگ انرجی کے ضرورت مند دنیا میں جہاں کہیں بھی ہوں سپیریچوئل ہیلر سے ٹیلی فون پر رابطہ کر کے اپنی بیماریوں کے بارے میں بتا کر علاج کروا سکتے ہیں۔ اس طریقہ کار میں سپیریچوئل ہیلر مریض کو کوئی ٹائم بتا دیتا ہے کہ اس وقت پر آپ بیٹھ جائیں یا لیٹ جائیں میں آپ کو سپیریچوئل ہیلنگ انرجی بھیج دوں گا۔ اس طریقہ علاج میں ٹائم سیٹ کرنا بہتر ہوتا ہے کیونکہ کبھی کبھی مریض پر اتنے سکون کی کیفیت طاری ہو جاتی ہے کہ وہ نیند کی آغوش میں چلا جاتا ہے۔ اس لئے وقت مقرر کرنا ایک بہتر طریقہ ہے۔

سپیریچوئل ہیلنگ انرجی درجہ پنجم

اس درجہ کی انرجی کا تعلق جسم کے تمام بڑے انرجی سینٹرز سے ہے۔ جب اس پانچویں درجہ کے ہوپس ہیلرز کو مل جاتے ہیں تو یہ انرجی بیدار ہو جاتی ہے۔ جب یہ انرجی بیدار ہو جاتی ہے تو جسم کی تمام غیر منظم اور غیر متوازن قوتیں منظم اور متوازن ہو جاتی ہیں۔ اس کے بیدار ہونے سے اس درجہ کی انرجی لہریں جسم کے Aura (مثالی جسم) میں شامل ہو جاتی ہیں۔ اس طرح جسم کے کسی بھی حصہ سے دوسرے لوگوں کا علاج کیا جاسکتا ہے۔ مگر اس درجہ سے زیادہ تر ہیلرز اپنے بدن کے انرجی سینٹرز کو طاقت ور کرنے کے لئے استعمال میں لاتے ہیں۔

سپیریچوئل ہیلنگ انرجی درجہ ششم

اس درجہ کی بیداری یعنی سپیریچوئل پاور ماسٹر سے ہوپس لینے کے بعد ہوتی ہے۔ جب اس درجہ کے ہیلرز کو ہوپس مل جاتے ہیں تب اس کی سانسیں جسم سے باہر کی سپیر نیچرل انرجی سے منسلک ہو جاتی ہیں اور سپیریچوئل ہیلنگ انرجی درجہ چہارم کی طرح دور سے ہی ہیلر سانسوں کے ذریعے مریضوں کا علاج کرسکتا ہے، زمینی فاصلہ خواہ کتنا ہی کیوں نہ ہو چند لمحوں میں مریضوں تک ان شفائی لہروں کو پہنچا کر اسے بیماری سے نجات دلائی جاسکتی ہے۔ ایک براعظم سے دوسرے براعظم تک مریض اس شفائی

انرجی کو کم ازکم پانچ منٹ تک محسوس کرتا ہے۔ یہ درجہ چوتھے درجہ سے زیادہ طاقتور اور زیادہ تیزی سے کام کرتا ہے۔ فاصلاتی مریضوں کا علاج کرنے کے لئے یہ درجہ اللہ تعالیٰ کی ایک خاص نعمت ہے جس سے سپیریچوئل ہیلر چند لمحوں میں مریضوں کو شفائی لہریں بھیج کر انہیں بیماریوں سے نجات دلاسکتا ہے۔


سپیریچوئل ہیلنگ انرجی درجہ ہفتم

اس درجہ کے ہوپس لینے کے بعد اس کی انرجی بیدار ہوجاتی ہے۔ اس کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ ہر طرح کی قوتوں کا مقابلہ کرسکتی ہے۔ اس درجہ کی انرجی سے مریضوں کے آپریشن کئے جاتے ہیں۔ بدن انسانی میں ضرر رساں چیزوں مثلاً گردوں کی پتھری، مثانہ کی پتھری، پتہ کی پتھری، غدودوں کا بڑھ جانا، بدن کے کسی بھی حصہ میں رسولیاں بن جانا، امراض دل، امراض معدہ وغیرہ حتیٰ کہ تمام تر قابل آپریشن امراض کا علاج اس درجہ کی انرجی سے کیا جاتا ہے۔ اس درجہ سے کیے جانے والے آپریشن بے ضرر ہوتے ہیں، پھر لطف یہ کہ مریضوں کو جراحی کے تکلیف دہ مراحل سے بھی نہیں گزرنا پڑتا اور مریض کا آپریشن بھی ہوجاتا ہے۔ مگر چند یوم مریض کو پرہیز ضرور کرنا پڑتا ہے جیسا کہ جراحی آپریشن کے بعد پرہیز ہوتا ہے۔

سپیریچوئل ہیلنگ انرجی درجہ ہشتم

ہیلرز کو جب اس آٹھویں درجہ کے ہوپس سپیریچوئل پاور ماسٹر سے مل جاتے ہیں تب ہیلرز میں اس درجہ کی انرجی بیدار ہوجاتی ہے۔ اس درجہ کی انرجی سے انسان اپنا اور دوسرے لوگوں کا حسن بڑھا سکتا ہے۔ یہ انرجی جنسیات سے متعلق ہے جنسی کشش، پیاس اور سرکشی کا باعث یہی انرجی ہے۔ یہ انسانی زندگی اور حیات کو ارتقا بھی دیتی ہے اور ختم بھی کرسکتی ہے۔ اس انرجی سے انسان زندگی میں اپنی مرضی سے خوشیاں لاسکتا ہے اور اپنی صلاحیتوں کو بڑھا بھی سکتا ہے۔ اس کے ذریعے مرد اور عورت کے تمام تر جنسی امراض کا علاج کیا جاتا ہے۔ جنسی اعضاء کی خوبصورتی کے لئے بھی اس درجہ کی انرجی کو استعمال میں لایا جاتا ہے۔ جنسی قوتوں کو کنٹرول بھی کیا جاسکتا ہے اور انہیں بڑھایا بھی جاسکتا ہے۔ چہرے کی خوبصورتی اور کشش کے لئے بھی یہ انرجی خوب کام کرتی ہے۔ علاوہ ازیں اپنے وزن اور عمر پر کنٹرول کیا جاسکتا ہے۔ اس انرجی کے ذریعے آپ اپنے وزن اور قد کو نارمل کرسکتے ہیں ۔ چہرے کی جھریاں ختم کرکے انتہائی پُرکشش بنایا جاسکتا ہے۔ خواتین اپنے برسٹوں کو اس سے سڈول کرنے کے علاوہ خود کو پرکشش بناسکتی ہے۔

بقیہ تعویذص19



فوری چربی پگھلانے کا قدرتی مشروب

انتخاب: ہومیو ڈاکٹر مولانا علی آفاق صاحب

گرمی کا موسم اپنے عروج پر ہے اور ایسے میں اگر ایسا مشروب مل جائے جو نہ صرف پیاس بجھائے بلکہ آپ کے جسم کی تمام اضافی چربی کو پگھلا دے تو یقیناً آپ ضرور یہ مشروب پئیں گے۔ آج ہم آپ کو ایک ایسا مشروب بتائیں گے جو رات کو سونے سے پہلے پینے سے آپ کے جسم کی تمام اضافی چربی ختم ہو جائے گی اور آپ کا پیٹ اور تمام اعضاء بھدی چربی سے پاک ہو جائیں گے۔ رات کو جب ہم سوتے ہیں تو ہمارا میٹابولزم اپنا کام شروع کر دیتا ہے اور اگر ایسے میں یہ مشروب پیا جائے تو میٹابولزم کی کارکردگی مزید تیز ہو جاتی ہے اور ہمارا وزن تیزی سے کم ہونے لگتا ہے۔



اگر آپ اپنے پیٹ کی چربی سے نجات حاصل کرنا چاہتے ہیں تو کھیرے کا استعمال باقاعدگی سے کریں۔ کھیرے میں موجود پانی اور فائبر کی مقدار ہمارے معدے کو تروتازہ کرنے کے ساتھ وزن میں کمی میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اس طرح لیموں بھی ان سبزیوں میں سے ایک ہے جو ہماری جلد اور دیگر چیزوں کے لیے بہت فائدہ مند ہے۔ اسی طرح ادرک میں یہ خاصیت موجود ہے کہ یہ جسم میں بادی کو ختم کرتا ہے اور ہمارے معدے کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

آیئے آپ کو وہ جادوئی مشروب بنانے کا طریقہ بتاتے ہیں جو رات کو سونے سے قبل آپ کو ضرور پینا چاہیے۔ اس سے نا صرف آپ کے پیٹ کی اضافی چربی ختم ہو گی اور جسم چاک و چوبند رہے گا بلکہ یہ آپ کو ہلکا پھلکا اور تروتازہ کر دے گا۔

اجزاء: کھیرا ایک عدد۔ لیموں ایک عدد۔ ایک چمچ کترا ہوا ادرک۔ ایک چمچ کوار گندل کا رس۔ آدھ گلاس پانی

بنانے کی ترکیب: تمام اجزاء کو اچھی طرح پیس کر باریک کر لیں اور رات کو سونے سے قبل استعمال کریں۔

کیا آپ کے گھر پر جادو اور جنات کے اثرات ہیں؟

موجودہ دور میں جادو اور جنات کے اثرات ایک ایسی مسلمہ حقیقت ہے جس کو کسی طرح بھی جھٹلایا نہیں جا سکتا۔ ان کا ہونا اور برے اثرات مرتب کرنا، ایک عام بات ہو گئی ہے۔ افسوس اس بات کا ہے کہ بہت سے لوگ متاثر ہوتے ہیں، ان کے گھر بھی متاثر ہوتے ہیں مگر صحیح علاج کی طرف نہیں آتے۔ خود ہی علاج کرتے رہتے ہیں اور آخرکار جب معاملہ حد سے تجاوز ہو جاتا ہے تب کسی روحانی معالج سے رجوع کرتے ہیں۔ خدارا! اثرات کے معاملے میں سستی نہ کریں۔

گھروں پر اثرات ہونے کی صورت میں درج ذیل علامات ہوتی ہیں

✿ گھر والوں کا آپس میں لڑنا ✿ بے برکتی ہونا ✿ بچوں کا پڑھ نہ سکنا ✿ بچوں کا نافرمان ہونا ✿ بیماریوں کا گھر سے نہ جانا ✿ گھر سے باہر سکون ملنا ✿ چھوٹی چھوٹی بات پر لڑائیاں ہونا ✿ گھر کے افراد میں غصہ کی زیادتی ہونا ✿ پیسہ کا نہ آنا یا آکر خرچ ہو جانا ✿ چیزوں کا خراب ہوتے رہنا ✿ مسلسل نقصانات ہونا ✿ پُرسکون نیند نہ آنا ✿ گھر کے کسی حصے سے خوف آنا ✿ کیڑے مکوڑوں کی زیادتی ہونا ✿ خون یا پانی کے چھینٹے پڑنا ✿ گھر کے اندر یا باہر گندگی، گوشت، دال، چاول، مرا ہوا پرندہ وغیرہ پڑے ملنا ✿ کسی کسی وقت یا خاص جگہ سے خوشبو یا بدبو آنا ✿ کسی خاص حصے میں جائیں تو بوجھ پڑنا یا جسم کا پکڑے جانا وغیرہ وغیرہ

اگر خدانخواستہ آپ کے گھر میں درج بالا علامات میں سے کچھ علامتیں ہیں تو آپ کا گھر متاثر ہے۔

سخت گرمی کے مہینے میں روزے ایسے گزاریں جیسے دسمبر کا مہینہ

حکیم خالد محمود صاحب

سخت گرمی کے مہینے میں روزے ایسے گزاریں جیسے دسمبر کا مہینہ چل رہا ہے۔ پیاس اور تھکاوٹ کے احساس کو ختم کیجئے۔

رمضان کے اس مہینے میں ایک شربت سے متعارف کراتا ہوں جس کا تعلق دورِ نبوی ﷺ کے معمولات سے ہے۔ احادیث کی کتابوں میں نبوی غذاؤں کا جب مطالعہ کرتے ہیں تو نبیذ ایک ایسی اصطلاح ملتی ہے جس کا استعمال اہلِ عرب اب بھی کرتے ہیں لیکن عجم میں اس کا استعمال ختم ہو گیا ہے۔

کھجور کا استعمال گرمی اور تری دکھاتا ہے لیکن اگر اسی کھجور کو پانی میں بھگو کر اور اس کا شربت بنایا جائے تو اس سے زیادہ پرتاثیر اور تسکین سے بھرپور شاید کوئی شربت ہو گا۔ ویسے بھی اس وقت پوری دنیا میں دل کے امراض، انجائنا، ہارٹ اٹیک کیلئے کھجور کا استعمال بہت تیزی سے رواج پکڑ رہا ہے کیونکہ دنیا واپس فطرت کی طرف پلٹ رہی ہے اور کھجور فطرت ہے۔ آئیں! ہم ذرا کھجور کا شربت آپ کی خدمت میں پیش کرتے ہیں کہ رمضان میں اس سے بھرپور لطف اٹھائیں۔

ایک صاحب مجھ سے کہنے لگے کہ ''رمضان کا مہینہ آرہا۔ گرمی کا مہینہ ہے، پیاس، لو، حدت اور حبس مجھ سے ویسے ہی برداشت نہیں ہوتی۔ پھر روزے کے ساتھ کیسے برداشت ہو گی؟'' میں نے کہا ''بالکل آسان ہے۔ آپ ایسا کریں کہ روزہ رکھنے کے بعد دو بڑے چمچ گلاب کے پھولوں کا گلقند کھا کر اوپر سے ایک گلاس پانی پی لیں یا پھر اس سے بہتر ہے کہ گلاب کے پھولوں کے دو چمچ کھا کر اوپر سے کھجور کا شربت پی لیں۔ اسی طرح افطار کے وقت کھجور سے افطار کر کے چسکی چسکی کھجور کا شربت پئیں۔ گھونٹ گھونٹ نہ پئیں۔ پیاس، گرمی، حدت، جلن، سارے جسم کی نڈھالی...... پل بھر میں ختم ہو جائے گی''۔

ویسے بھی سحری کے بعد گلقند کھانے والا اور کھجور کے گلاس کا ایک شربت پینے والا سارا دن ایسے تروتازہ رہے گا کہ اسے احساس تک نہیں رہتا کہ روزہ ہے کہ نہیں ہے۔ جتنا بھی پُر مشقت کام کرے اور جتنی زیادہ گرمی اور لو میں دن کا جتنا وقت گزارے، اسے زیادہ سے زیادہ یہی احساس ہو گا کہ میرا روزہ ہے۔ اس سے زیادہ احساس بالکل نہیں ہو گا کیونکہ کھجور کا شربت اور گلقند اپنے اندر ایک انوکھی افادیت رکھتے ہیں۔ میں نے جب اس بندے کو یہ طریقہ بتایا تو وہ مطمئن ہو گیا اور پورا رمضان اسی ترکیب کے ساتھ گزارا۔ رمضان کے درمیان ملا تو کہنے لگا ''**بہت مطمئن ہوں۔ روزے کا احساس تک نہیں بلکہ اب تو جی چاہتا ہے کہ رمضان دو ماہ کا ہو جائے۔ اس سے پہلے تو ایک دن کے روزے کیلئے بھی طبیعت میں بوجھ محسوس ہوتا تھا۔**''

ایک نہیں، بے شمار مثالیں میرے پاس ہیں۔ جب بھی کسی کو میں نے کھجور کے شربت پینے کی ترکیب دی، سارا گھر کھجور کا شربت پینے لگا اور کھجور کا شربت پینے سے جہاں قلب وجگر کی تسکین ہوتی ہے، وہاں کھجور کا شربت خود ہیپاٹائٹس، معدے کی تیزابیت، پیاس کی شدت، ہاتھ پاؤں کی جلن، منہ کی خشکی، لعاب دہن کا کم ہونا، پیشاب کی جلن اور قبض کا خود بہترین علاج ہے۔ ایسے لوگ جو کسی بھی ہٹیلی پیچیدہ مرض میں مبتلا ہوں اور روزہ رکھنے سے قاصر ہوں، وہ مایوس اور پریشان نہ ہوں کیونکہ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے بارے میں سیرت کی کتابوں میں یہ بات ملتی ہے کہ وہ گرمی کے روزے اور سردیوں کی تہجد کی دعائیں مانگتے تھے کیونکہ گرمی کے دن بڑے ہوتے ہیں اور سردیوں کی راتیں بڑی ہوتی ہیں۔

آئیں آپ کو احادیث کے حوالے سے نبیذ سے متعارف کرائیں۔ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ، سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نبیذ بنانے کیلئے خشک اور کچی کھجور، خشک انگور اور خشک کھجور کے ملانے، کچی اور تر

کھجور کے ملانے سے منع فرمایا اور فرمایا ہر ایک سے الگ الگ نبیذ بناؤ۔
(رواہ مسلم)

نبیذ بنانے کا طریقہ

حسب مقدار کھجور لے کر شام کو (اگر کھجوریں خشک ہوں تو ان کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرلیں اور گٹھلیاں نکال دیں) پانی میں بھگو دیں یعنی اگر کھجور ایک پاؤ ہو تو اس میں پانی تقریباً دو کلو ہو۔ صبح اٹھ کر کھجور کو ہاتھوں سے ملیں۔ ملتے ملتے تمام کھجور اور اس کے ریشے پانی میں حل ہو جائیں گے۔ جی چاہے، چھان لیں اور نوش جان کریں۔ ورنہ بغیر چھانے بھی استعمال کرسکتے ہیں۔ اگر کھجوریں تازہ ہوں تو انہیں مت توڑیں اور ثابت ہی بھگو دیں۔ صبح اٹھ کر مل چھان کر یا مل کر گٹھلیاں نکال دیں اور نوش کریں۔ چاہیں تو کھجور کے شربت میں دودھ بھی ملا سکتے ہیں۔ اس طرح اس کی افادیت بھی بڑھ جاتی ہے اور جنت کے دو میوے یعنی دودھ اور کھجور اکٹھے ہو جاتے ہیں۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کی زندگی میں اکیلا کھجور کا شربت پینا بہت زیادہ ثابت ہے۔ شہنشاہ اورنگزیب عالمگیر رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ صبح ناشتے میں نبیذ کا استعمال کرتے۔ بڑے بڑے محدثین اولیاء صالحین حضرت پیران پیر شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ بھی نبیذ کا استعمال زیادہ کرتے۔ جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ سے بھی نبیذ کا استعمال ثابت ہے۔

احتیاط

نبیذ کا شربت بنا کر اگر گرمی کا موسم ہے، ٹھنڈی جگہ یا فریج میں رکھیں۔ صبح کا بھگویا ہوا شام کو استعمال کریں اور شام کا بھگویا ہوا صبح استعمال کریں۔ اگر فریج میں رکھیں تو خراب نہیں ہوتا لیکن احتیاطاً 12 گھنٹے سے زیادہ نہ رکھیں۔ بھگونے کے ایک گھنٹے بعد گرائینڈ کر کے بھی فوری استعمال کرسکتے ہیں۔ ایک دن گزرنے سے اور شدید گرمی سے اس کے اندر خمیر پیدا ہوتا ہے اور خمیر کا پیدا ہو جانا اس کے استعمال کو مشکوک بنا دیتا ہے۔ لہٰذا کوشش کریں اس کو تازہ ہی استعمال کریں۔

تبخیرِ معدہ

حکیم غلام یزدانی قریشی

تبخیر معدہ ایک عام بیماری ہے۔اس مرض میں معمولات زندگی میں بے اعتدالی کی وجہ سے کئی ایک خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔معدہ ہوا سے بھرا ہوا معلوم ہوتا ہے، قوتِ ہضم کمزور ہو جاتی ہے۔اس کا اثر کبھی دل اور کبھی اعصاب پر ہوتا ہے۔تکلیف کے ڈر سے مریض کھانا پینا چھوڑ دیتا ہے۔جس کا نتیجہ خون کی کمی اور کمزوری کی شکل میں برآمد ہوتا ہے اور اس کے علاوہ وہم



ووحشت، بے تحاشا ڈکاریں، ریح کا اخراج کم اور کبھی زیادہ، لعاب دہن کی کثرت، بات بات پر غصہ، نیند کی کمی، مایوسی، قبض وغیرہ بھی نمودار ہو جاتے ہیں۔ ایسی حالت میں غذا بالکل نہ کھانا مرض میں زیادتی کا باعث ہوتا ہے۔حسبِ طبیعت اور ضرورت غذا کھانی چاہیے، بالکل بھوکے نہ رہیں۔البتہ غذا زود ہضم ہو مثلاً غیر چربیلے گوشت کا شوربا، جس میں مسالہ جات کم ڈالے جائیں، صرف الائچی، پودینہ، زیرہ، دھنیا، نمک وغیرہ ہوں۔پھلوں سے کنوں، انار، سیب، کشمش، گنڈیری چبا چبا کر کھائیں۔سبزیوں سے ٹماٹر، پودینہ، شلغم چٹنی، رائتہ، سرکہ جیسی چیزیں مفید ہیں۔پھل خالی پیٹ نہیں کھانے چاہئیں اور بہتر ہے کہ اسے نمک مرچ سیاہ لگا کر کھائیں۔دودھ نہ پئیں۔اگر سخت عادت ہو تو کم سے کم اور اس میں بھی الائچی، سونف یا پان کی جڑ جوش دے دیں۔مربہ جات سے آملہ، گاجر، سیب، آم اور سونٹھ استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

علاوہ ازیں مریض کو خوش وخرم رکھیں۔لطائف وحیل سے اس کے توہمات دور کریں۔صاف ستھرا رہنا، نہانا، سیر کرنا، خوشبو لگانا اور کچھ نہ کچھ کام کرتے رہنا بھی لازمی ہے۔معدے کو درست رکھنے کے لیے مندرجہ ذیل امور پر عمل کریں:

- ...... ہمیشہ تازہ، خوش ذائقہ اور اچھی مگر سادہ غذا...... اچھے موڈ میں اطمینان کے ساتھ کھائیں۔کھانے کے دوران کم سے کم پانی پئیں۔
- ...... ایک ہی وقت میں مختلف الکیفیت غذائیں مثلاً دہی، چائے، سرد مشروبات اور کون آئس کریم وغیرہ نہ کھائیں۔
- ...... صبح ناشتہ اور رات کو ہلکا پھلکا کھانا ضرور کھائیں۔
- ...... مقوی اور مرغن غذائیں اکثر کھانے سے گریز کریں۔
- ...... رات کا کھانا خواہ صرف دودھ ہی کیوں نہ ہو، کھا پی لیں اور فوراً نہ سوئیں۔غذا ہمیشہ ایک ڈیڑھ گھنٹہ کم از کم پہلے لیں۔
- ...... دوپہر کے کھانے کے بعد تھوڑا، بہت آرام کریں۔
- ...... عمر رسیدہ حضرات مقوی مگر کم غذا کھائیں۔
- ...... غذا کھا لینے کے فوراً بعد کوئی قوی حرکت جنسی اختلاط، بھاگ دوڑ نہ کریں۔
- ...... اسی طرح کھانے سے پہلے اور بعد ہاتھ، دانتوں اور منہ کو صاف کریں۔
- ...... کھانے پینے کے برتن بھی ہمیشہ صاف ستھرے رکھیں۔
- ...... غذا گرم گرم نہ کھائیں۔ کچھ ٹھنڈی ہو لینے دیں کہ تازہ جیسی ہو جائے اور بآسانی کھائی جا سکے۔اسی طرح سخت سرد پانی بھی مضرِ صحت ہے۔
- ...... معدے کی اصلاح کے لیے سونٹھ، دانہ الائچی خورد وکلاں، پودینہ کوہی، مرچ سیاہ، زیرہ سیاہ، انار دانہ، سادہ نمک ہم وزن لے کر سفوف بنا رکھیں اور بوقت ضرورت بقدر 1 تا 2 ماشے استعمال کریں۔

اعصاب اور دل ودماغ کی تقویت کے لیے عود غرقی، گل گاؤ زبان، بہمن سفید، درونج عقربی، بالچھڑ، مغز کشنیز......ہم وزن، چینی تین گنا ملا لیں اور سفوف بنا کر اسے ۲ ماشے تک استعمال کریں۔

روزہ اور انسانی صحت

ڈاکٹر جاوید اقبال (راولپنڈی)

ماہِ رمضان کی مبارک ساعتیں شروع ہونے کو ہیں، اس بابرکت مہینے میں دُنیا بھر کے مسلمان اللہ کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے روزہ رکھتے ہیں اور اس روزے کی وجہ سے نہ صرف نیکیاں سمیٹتے ہیں بلکہ اپنے لیے روحانی، ذہنی اور جسمانی صحت وتندرستی کا بھی سامان کرتے ہیں۔

جدید سائنسی تحقیقات کی روشنی میں روزہ کے کئی مفید پہلو سامنے آرہے ہیں اور اس سلسلے میں ماہرین اس بات پر متفق ہیں کہ روزہ کی بدولت کئی مزمن امراض سے نجات مل جاتی ہے۔ روزہ رکھنے سے انسان ذہنی، جسمانی، روحانی اور جذباتی تندرستی حاصل کرلیتا ہے اور اپنے جسم کے تمام افعال کے توازن کو بحال رکھنے میں کامیاب رہتا ہے۔ انسانی جسم پر روزہ رکھنے کے جو بہتر اثرات مرتب ہوتے ہیں، وہ بے شمار ہیں، ان صفحات پر چند ایک فوائد بیان کیے جارہے ہیں۔

روزہ اور بلڈ پریشر

رہن سہن، ذہنی تناؤ و دباؤ اور تفکرات کو کم کرنے سے ہائی بلڈ پریشر کو کنٹرول کیا جاسکتا ہے چونکہ روزہ رکھنے سے انسان کو قلبی و روحانی سکون ملتا ہے اور روزے کی حالت میں وہ ہر قسم کے نشہ اور بدعادت سے بچا رہتا ہے اس لیے یہ کہا جاسکتا ہے کہ روزہ ہائی بلڈ پریشر سے بچاؤ کا بہترین ذریعہ ہے۔ مختلف ممالک میں کی جانے والی تحقیقات کی روشنی میں بھی یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ لگاتار روزے رکھنے سے ہائی بلڈ پریشر سے متاثرہ افراد کو بہت زیادہ فائدہ پہنچا ہے۔

روزہ اور بانجھ پن

جدید تحقیقات سے یہ ثابت ہوچکا ہے کہ باقاعدہ روزہ رکھنے والی خواتین میں بانجھ پن کا عارضہ اوّل تو پیدا ہی نہیں ہوتا اور اگر پیدا ہو بھی جائے تو انہیں باقاعدہ روزے رکھوانے سے یہ مسئلہ بخوبی حل ہوجاتا ہے نیز روزے رکھنے سے کسی بھی طریقہ علاج کے دوران بہترین معاونت فراہم ہوجاتی ہے۔ جاپان میں کی جانے والی ایک ریسرچ رپورٹ کی روشنی میں یہ ثابت ہوچکا ہے کہ ایسی خواتین جو موٹاپے کے باعث بچے پیدا کرنے کے قابل نہ تھیں، انہیں کچھ عرصہ باقاعدگی سے روزے رکھوائے گئے تو ان کا یہ مسئلہ حل ہوگیا۔ تحقیق دانوں نے واضح کیا ہے کہ موٹاپے کے باعث زنانہ ہارمونز میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے جس کی وجہ سے بیضہ ریزی کا عمل متاثر ہونے لگتا ہے اور اگر یہ سلسلہ کچھ عرصہ لگاتار چلتا رہے تو عورت مستقلاً بانجھ پن کا شکار ہوسکتی ہے۔ اس لیے ایسی صورت حال میں روزہ ہی وہ واحد ڈھال ہے جو کہ مختلف موذی امراض سے بچا کر خواتین کی گود ہری کرسکتی ہے۔

مردانہ بانجھ پن کے حوالے سے بھی روزے رکھنے سے بہتری واقع ہوتی ہے اس سلسلے میں کیلی فورنیا میں کی گئی ایک تحقیق کی روشنی میں یہ پتہ چلا ہے کہ ایسے مرد حضرات جو کہ لاولد تھے انہیں جب روزے یا فاقے کرائے گئے اور اسی دوران ادویہ بھی استعمال کرائی گئیں تو ایسے افراد کے مقابلے میں جنہیں دوائیں تو دی گئیں لیکن روزے نہ رکھوائے گئے، کے مقابلے میں بہت جلد بہتری واقع ہوئی۔

روزہ اور ترکِ تمباکو نوشی

روزہ کی حالت میں انسان کو اپنے اوپر اس قدر کنٹرول حاصل ہوجاتا ہے کہ وہ نشہ آور اشیاء کو چھوڑ سکتا ہے۔ تمباکو نوشی کرنے والے افراد عموماً رمضان

المبارک کے مقدس مہینے میں اس موذی عادت سے جان چھڑا لیتے ہیں۔ یاد رکھیں کہ اگر آپ آج تمباکو نوشی ترک کر دیں تو جو خطرات اس ضمن میں آپ کو درپیش ہیں ان میں ایک دم کمی واقع ہونی شروع ہو جائے گی۔ چونکہ نکوٹین ایک نشہ ہے' اس لیے شروع میں اس سے جان چھڑانا مشکل نظر آتا ہے' لیکن اگر قوتِ ارادی سے کام لیا جائے تو یہ کیفیت چند ہفتوں میں ختم ہو جاتی ہے۔

روزہ اور دمہ

رمضان کا مہینہ دمے کے مریضوں کے لیے ایک آئیڈیل مہینہ ہے کیونکہ دمے کو موجب بننے والے ایک بہت بڑے سبب تمباکو نوشی کے سبب پھیلنے والی آلودگی ہے اور اس سے مریض محفوظ ہو جاتے ہیں۔ ایسے مریض جو کہ دن کے وقت کسی مسئلے کا شکار ہوتے ہیں وہ انہیلر کے ذریعے سے اپنی طبیعت بحال کر سکتے ہیں۔ موجودہ دَور میں جب کہ الرجی کی کیفیت بھی اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ موجود رہتی ہے تو روزہ الرجی کے لیے بھی انتہائی مفید مانا گیا ہے۔

نوٹ روزے کی حالت میں انہیلر کا استعمال اختلافی مسئلہ ہے، مفتیان کرام سے مشورہ کر کے استعمال کریں (ادارہ)۔

روزہ اور دل

دن بھر میں روزے کی حالت میں خون کی مقدار میں کمی واقع ہوتی ہے، یہ اثر دل پر انتہائی فائدہ مند آرام مہیا کرتا ہے۔ یہ تو ہم سب جانتے ہیں کہ دل ہمارے جسم کا ایک ایسا عضو ہے جو چوبیس گھنٹے بغیر کسی ریسٹ کے انسانی زندگی کو رواں دواں رکھتا ہے اور اگر یہ عضو ریسٹ کرے تو انسانی زندگی باقی نہیں رہتی۔ لیکن روزے کے دوران دل کے پٹھوں کو بھی آرام مل جاتا ہے اور اہم بات یہ ہے کہ خلیات کے درمیان Intercellular مائع کی مقدار میں کمی کی وجہ سے ٹشوز یعنی پٹھوں پر دباؤ کم ہو جاتا ہے۔ پٹھوں کا دباؤ یعنی ڈایاسٹولک دباؤ دل کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہوتا ہے۔ روزے کی حالت میں ڈایاسٹولک پریشر ہمیشہ کم سطح پر ہوتا ہے یعنی اس وقت دل آرام و سکون کی حالت میں ہوتا ہے۔ روزے کی بدولت مفید قلب چکنائیاں جنہیں ایچ ڈی ایل (HDL) کہا جاتا ہے' ان کی سطح میں اضافہ ہوتا ہے جبکہ مضر قلب چکنائیاں جنہیں ایل ڈی ایل (LDL) کہا جاتا ہے کی سطح میں کمی واقع ہوتی ہے۔ ایچ ڈی ایل کے بڑھنے اور ایل ڈی ایل کے کم ہونے کے سبب دل کے کئی امراض سے تحفظ ملتا ہے اور شریانوں میں خون کا دوران بہتر ہو جاتا ہے۔

روزہ اور ذہن و اعصاب

عموماً دیکھا جاتا ہے کہ روزے کے دوران انسان میں چڑچڑاپن پیدا ہو جاتا ہے اور کئی بار (عام طور پر موسم گرما کے روزوں کے دوران) معمولی معمولی باتوں پر لڑائی جھگڑے ہونے لگتے ہیں۔ لیکن چند ایک افراد میں نظر آنے والے چڑچڑاپن اور بے دلی کا اعصابی نظام سے کوئی تعلق نہیں ہوتا' یہ عادت ان افراد کے اندر عام دنوں میں بھی پائی جاتی ہے اور یہ ان کی انانیت (Egotistic) یا طبیعت کی سختی کی وجہ سے ہوتی ہے۔ اس کے برخلاف روزہ کے دوران اعصابی نظام مکمل سکون اور آرام کی حالت میں ہوتا ہے بالخصوص ایسے افراد جو کہ روزے کو اس کے صحیح غرض و غایت کے ساتھ رکھتے ہیں یعنی محض کھانے پینے کی پابندی کو اپنے اُوپر سوار نہ کیا جائے بلکہ اس کے دیگر لوازمات جیسے نمازِ پنجگانہ اور نمازِ تراویح کا خصوصی اہتمام کیا جانا چاہیے۔ روزہ دار افراد عموماً اس مہینے میں عبادات کا بھی خاص خیال رکھتے ہیں اور یہ ایک حقیقت ہے کہ عبادات بالخصوص نماز پنجگانہ کی ادائیگی سے انسان کے ذہن و اعصاب پُرسکون ہو جاتے ہیں' جبکہ رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں نمازِ تراویح کی ادائیگی سے یہ فائدہ دو چند ہو جاتا ہے۔ نمازِ تراویح سے ذہنی و اعصابی صحت بہتر ہو جاتی ہے اور انسان عام دنوں کے مقابلے میں اس مہینے کے دوران زیادہ ذہنی سکون محسوس کرتا ہے۔

نماز تراویح سے انسان ذہنی سکون کیوں محسوس کرتا ہے اس سلسلے میں سائنسدان کہتے ہیں کہ جب نمازِ تراویح کی ادائیگی کے کوئی فرد تیاری شروع کرتا ہے تو اُسی وقت سے اس کے جسم میں اینڈ ارفین ہارمون کی خیزش بڑھ جاتی ہے جو کہ انسان کو ذہنی سکون مہیا کرتی ہے اور ہونے والے دُکھ درد کو بھی نا صرف برداشت کرنے کی ہمت عطا کرتی ہے بلکہ اس سے چھٹکارا بھی دلا دیتی ہے۔ اسی لیے جب ہم اپنے اردگرد نمازی افراد کو ملاحظہ کریں تو محسوس ہوتا ہے کہ وہ بہت زیادہ مطمئن اور خوشگوار زندگی گزارتے ہیں اور ان کے چہرے سے ان کی بشاشت کا اندازہ ہو جاتا ہے، اس کے برعکس بے نمازی افراد روزے رکھنے کے باوجود اس قدر چُست اور مطمئن نہیں ہوتے۔

روزہ اور جگر

جگر پر روزہ کی برکات میں سے ایک وہ ہے جو خون کے کیمیائی عمل پر اس کی اثر اندازی سے متعلق ہے۔ جگر کے انتہائی مشکل کام میں سے ایک کام اس توازن کا برقرار رکھنا بھی ہے جو غیر ہضم شدہ خوراک اور تحلیل شدہ خوراک کے درمیان ہوتا ہے۔ اسے یا تو ہر لقمے کو اسٹور کرنا ہوتا ہے یا پھر خون کے ذریعے سے ہضم ہو کر تحلیل ہو جانے کے عمل کی نگرانی کرنی ہوتی ہے۔ روزے کے ذریعے جگر توانائی بخش کھانے کو اسٹور کرنے کے عمل سے بڑی حد تک آزاد ہو جاتا ہے۔ اس طرح جگر اپنی توانائی خون میں گلوبولن (globulin) جو جسم کے محفوظ رکھنے والے امیون سسٹم کو تقویت دیتا ہے' کی پیداوار پر صَرف کر سکتا ہے۔ روزے کے ذریعے گلے اور خوراک کی نالی کے بے حد حساس اعضاء کو جو آرام نصیب ہوتا ہے' اس کی کوئی قیمت ادا نہیں کی جا سکتی۔

روزہ اور خلیہ

روزے کا سب سے اہم اثر خلیوں کے درمیان اور خلیوں کے اندرونی سیال مادوں کے درمیان توازن کو قائم رکھنے سے ہے۔ چونکہ روزے کے دوران مختلف سیال مادے مقدار میں کم ہو جاتے ہیں اس لیے خلیوں کے عمل میں بڑی حد تک سکون پیدا ہو جاتا ہے۔ اسی طرح لعاب دار جھلی کی بالائی سطح سے متعلق خلیے جنہیں اپی تھیلیل (epithelial) سیل کہا جاتا ہے اور جو جسم کی رطوبت کے متواتر اخراج کے ذمہ دار ہوتے ہیں' ان کو بھی صرف روزے کے ذریعے سے ہی آرام و سکون ملتا ہے۔ اس آرام و سکون کی وجہ سے ان کی صحت بہتر رہتی ہے اور یہ اپنے افعال کو زیادہ بہتر طریقے سے کر سکتے ہیں۔

روزہ اور قوتِ مدافعت

یہ ایک حقیقت ہے کہ روزے کی حالت میں انسان جب تمام تر معمولات کو بدل لیتا ہے اور رمضان المبارک کے دیگر احکام کو بھی بجا لاتا ہے تو اس کے مزاج و موڈ پر انتہائی مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں اور ناکامیوں سے بچنے کی ایک صورت یہ بھی ہوتی ہے کہ ہر کام اپنی تمام تر جزئیات کے ساتھ پایہ تکمیل کو پہنچے لیکن اس ہنگامہ خیز دنیا میں ایسا ہونا بہت مشکل بلکہ ناممکن ہے' ہاں یہ ضرور ہے کہ اتفاقات اور کرشمے اپنا رنگ دکھا سکتے ہیں۔ ہر فرد اپنی زندگی کے منفی پہلوؤں کو نظر انداز کر کے یا ہنس کے ٹال سکتا ہے اور اس کے اس کی صحت پر مثبت اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ہنس کر ہر غم کو ٹالا جا سکتا ہے اسی لیے کہا جاتا ہے کہ "ہنسی علاجِ غم ہے" اور روزہ رکھنے والا نا صرف خود خوش رہتا ہے بلکہ دیگر افراد کو بھی خوش رکھنے کا باعث بنتا ہے۔

روزے کی حالت میں جب نظام ہضم آرام کی حالت میں رہتا ہے تو اس کے حصے میں آنے والی عمومی توانائی جسم کے دیگر اعضاء کی طرف کام آ جاتی ہے۔ قوتِ مدافعت چونکہ کمزور جسم کی علامت ہے اور جب جسم صحت مند ہو گا تو قوتِ مدافعت بھی صحت مند اور مضبوط ہو گی۔ روزہ رکھنے والے افراد کی قوتِ مدافعت عموماً بڑھ جاتی ہے اور انسان کم سے کم بیماریوں کا شکار ہوتا ہے۔ عموماً لاحق ہونے والے امراض جیسے انفلوئنزا' کھانسی' بخار اور دیگر اس طرح کے متعدی

امراض سے روزہ دار کو تحفظ مل جاتا ہے کیونکہ روزہ رکھنے اور اس کے دیگر لوازمات کو اپنانے سے انسانی جسم میں قوتِ مدافعت کو دوام ملتا ہے جس کی وجہ سے یہ امراض کے خلاف سینہ سپر ہو جاتی ہے۔

روزہ اور کولیسٹرول رخون کی چکنائیاں

یہ تو سب جانتے ہیں کہ خون کی چکنائیوں یعنی کولیسٹرول (Cholestrol) کی کثرت دل کے امراض کا سبب بنتی ہے۔ مختلف تحقیقات سے یہ تصدیق ہوئی ہے کہ رمضان کے روزے رکھنے سے قلب دوست کولیسٹرول یعنی ایچ ڈی ایل (High Density Lipoprotein=HDL) میں 14 فیصد اضافہ ہو جاتا ہے جبکہ مُضرِ قلب کولیسٹرول یعنی ایل ڈی ایل (Low Density Lipoprotein=LDL) میں 12 فیصد کمی ہو جاتی ہے۔ اسی طرح ٹرائی گلیسرائیڈ (Triglycerides) بھی 30 فیصد کم ہو جاتے ہیں۔ رمضان المبارک کے مہینے میں ان تینوں چکنائیوں میں 8 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔

جسم کو کولیسٹرول دو ذرائع سے حاصل ہوتا ہے اول تو جگر میں یہ روزانہ 1000 ملی گرام بنائی جاتی ہے اور اندرون جسم انسانی ضروریات کے لیے یہ مناسب مقدار تصور کی جاتی ہے، اور اس کے علاوہ کولیسٹرول حاصل کرنے کا دوسرا ذریعہ انسانی خوراک ہے جو روزانہ غالباً 500 تا 2000 ملی گرام روزانہ کھائی جاتی ہے اور یہی زیادہ مقدار رگ و دل کے عوارض کا ایک بڑا سبب بنتی ہے۔ کھانے کے بعد اس کی نصف مقدار معدے اور آنتوں سے گزر کر خون میں جذب ہو جاتی ہے اور روغنی لحمیات کے ساتھ آمیزش کر کے خُون میں گردش کرتی ہے اور نصف مقدار بول و براز کے ذریعہ خارج ہو جاتی ہے۔

روزہ اور لمبی زندگی

عموماً سمجھا جاتا ہے کہ روزے کی حالت میں یا بھوکے رہنے سے کمزوری واقع ہو جاتی ہے بالخصوص مردانہ کمزوری کے حوالے سے یہ مغالطہ عام ہے کہ زیادہ کھانے پینے سے ہی جوانی قائم رہتی ہے اور لمبی زندگی ملتی ہے لیکن حالیہ تحقیقات سے ثابت ہوا ہے کہ روزے رکھنے سے اعادہ شباب ہوتا ہے یعنی جسم میں نئے سرے سے جوانی ولولے لینے لگتی ہے۔ مغربی ممالک میں زندگی کو دوام دینے اور امراض سے بچاؤ کے لیے فاقہ کے ذریعے سے علاج کو دن بدن ترقی مل رہی ہے اور عموماً معالجین فاقہ کے ذریعے سے علاج اور دیگر اسلامی احکام کی طرز پر ترتیب دیے گئے طریقوں سے مثبت نتائج حاصل کر رہے ہیں۔

روزہ اور موٹاپا

رمضان المبارک کے مہینے میں روزے رکھنے موٹاپے میں نمایاں کمی ہو جاتی ہے اس کی اصل وجہ جسم میں چربی کی کمی ہوتی ہے۔ رمضان کے آخری عشرے میں بالخصوص وزن کم ہونے لگتا ہے کیونکہ جسم خود کو استحالی طور پر ڈھالنے کی کوشش (Metabolic Adaptation) میں غذائی اجزاء جمع اور محفوظ کرنے لگتا ہے۔ رمضان کے تیس روزوں کے دوران انسانی بھوک متعدل یعنی نارمل ہو جاتی ہے اور باقاعدہ روزے رکھنے سے جسم جمع شدہ چربی خرچ کرنے لگتا ہے۔ روزوں کی وجہ سے خواتین کے مقابلے میں مردوں کے عضلات میں نمایاں کمی واقع ہونے لگتی ہے جس کی بنیادی وجہ کم خوراکی ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ خواتین کے مقابلے میں مردوں کے جسم میں چربی بھی کم ہوتی ہے۔ یہ بھی واضح ہونا چاہیے کہ زیادہ روغنی اور چربیلی غذاؤں سے افطاری و سحری کرنے سے وزن کم کرنے میں دُشواری بھی ہو جاتی ہے۔ رمضان کے مہینے میں وزن کم ہونے کے علاوہ کئی افراد میں وزن کی زیادتی بھی دیکھی گئی ہے، جس کی وجہ وہ مقوی ثقیل غذائیں ہوتی ہیں جو بالخصوص افطار کے وقت کھائی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ یہ بھی مشاہدہ ہے کہ رمضان میں مقوی اشیاء زیادہ تیار کی جاتی ہیں اور ان میں شربت اور میٹھی اشیاء کا بکثرت استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ رمضان میں عموماً جسمانی سرگرمیاں بھی کم ہو جاتی ہیں اور اس وجہ سے بھی افطاری کے

وقت مقوی اشیاء کھانے والے افراد کا وزن کم ہونے کی بجائے بڑھنے لگتا ہے۔

روزہ اور نظامِ ہضم

آکسفورڈ یونیورسٹی کے پروفیسر مور ہالڈ روزہ کے متعلق اپنا تجربہ بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ میں نے اسلامی علوم کا مطالعہ کیا ہے اور جب میں نے روزے کے متعلق پڑھا تو انتہائی حیرت زدہ ہوا کہ دینِ اسلام نے اپنے پیروکاروں کی صحت و تندرستی کے لیے کیسا بہترین ساماں کیا ہوا ہے' پروفیسر مذکور مزید کہتے ہیں کہ روزے کے احکام کو آزمائشی طور پر جب میں نے اپنے اُوپر لاگو کیا تو مجھے اپنے جسم میں عجیب وغریب تبدیلیاں محسوس ہوئیں اور ایسے لگا کہ جیسے میرے جسم کے سارے نظام renew ہو گئے ہیں۔

روزہ اور نظامِ خون

روزے کی حالت میں دن کے وقت خون کی مقدار میں کمی ہوجاتی ہے' یہ اثر دل کو انتہائی فائدہ مند آرام مہیا کرتا ہے۔ زیادہ اہم بات یہ ہے کہ خلیات کے درمیان انٹر سیلولر (intercellular) مائع کی مقدار میں کمی کی وجہ سے دل کے پٹھوں پر دباؤ کم ہوجاتا ہے۔ پٹھوں پر دباؤ جسے ڈایاسٹولک دباؤ کہا جاتا ہے' دل کے لیے انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ روزے کی حالت میں ڈایاسٹولک دباؤ ہمیشہ کم سطح پر رہتا ہے یعنی اس وقت دل آرام کی حالت میں ہوتا ہے۔ نیز موجودہ دَور میں جب ہر انسان تناؤ کی حالت میں رہتا ہے تو ڈایاسٹولک دباؤ بڑھنے لگتا ہے لیکن روزے کی حالت میں یہ پورا مہینہ جب مناسب دباؤ میں رہتا ہے تو دل کے پٹھوں کو تقویت ملتی ہے اور دورانِ خُون بھی نارمل رہتا ہے۔

روزہ اور یورک ایسڈ و بلڈ یوریا

جدید تحقیقات سے یہ بات پایہ ثبوت تک پہنچ چکی ہے کہ رمضان المبارک کے روزے رکھنے سے یورک ایسڈ اور بلڈ یوریا نارمل مقدار پر آجاتے ہیں۔ یہ بھی دیکھا گیا ہے کہ رمضان کے اختتام پر خون میں بلڈ یوریا اور یورک ایسڈ کی سطح بڑھ جاتی ہے۔ خون میں یورک ایسڈ بڑھنے کی وجہ جسم کے وزن میں کمی ہوتی ہے یا پھر اضافہ بھی اس کی وجہ ہوسکتا ہے۔ وزن میں کمی یا وزن کے معمول پر آجانے سے یورک ایسڈ نارمل ہوجاتا ہے۔ جسم کے وزن میں اضافے اور کمی دونوں ہی یورک ایسڈ کی مقدار پر اثرانداز ہوتے ہیں۔

نوٹ: اس مضمون کی تیاری میں مصنف (ڈاکٹر جاوید اقبال) کی کتاب ''روزہ اور صحت'' (شائع کردہ: ضیاالقرآن پبلشرز۔ لاہور) سے مدد لی گئی ہے۔

معروف روحانی سکالر علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری صاحب کی اب تک شائع ہونے والی کتب کی تفصیل

نمبر شمار	نام کتاب	موضوع کتاب	قیمت
1	ردِ سحر حصہ اول	سحر، جادو، ٹونہ، مسان، کالے علم اور تعویذات کے بداثرات کو ختم کرنے کے مستند طریق عملیات پر مبنی لاثانی تصنیف	250
2	ردِ سحر حصہ دوم	جادو ٹونہ، کالے علم، سفلی اعمال، بیر بکلوا کی چوکی اور گڈ امسان کے بداثرات کو جڑ سے ختم کر دینے والے قوی الاثر اعمال پر انمول تصنیف	125
3	ردِ سحر حصہ سوم	برسوں کے لاعلاج مسحور و معقود افراد کے لیے اک مژدہ جانفزا، ردِ سحر کے مجرب و مستند ترین نقوش پر مشتمل لاثانی تصنیف۔ کالے علم، جادو ٹونہ، سفلی اعمال کی چیرہ دستیوں اور ستم نوازیوں نیز گڈ امسان کے بداثرات کو جڑ سے ختم کرنے کے لیے اک ضربِ کلیمی	250
4	آسیبی قوتوں سے نجات	ارواح خبیثہ، جنات، بھوت پریت کی شر افشانیوں سے تحفظ اور تمام تر آسیبی امراض کے شافی و کافی علاج پر لاجواب و بے مثال شہرہ آفاق تصنیف	100
5	چھو منتر	سینہ بسینہ منتقل ہونے والے منتروں کے سربستہ رازوں کا انکشاف۔ محبوب و مطلوب کو مسخر و دیوانہ بنانے اور موہ لینے کے صدری گُر جو چھو منتر میں ہی آپ کو مل سکیں گے	100
6	فیضان القرآن	تسخیر خلائق، فتوحات، شفاء الامراض، قضائے حاجات، تسخیر ارواح حل المشکلات، غلبہ بر دشمنان، عزت و توقیر، ترقی روزگار اور کامیابی و کامرانی کے مجرب قرآنی اعمال و نقوش پر لاجواب و شہرہ آفاق تصنیف	300
7	مصباح الارواح	اشارات و نظارات، حاضرات الارواح، تسخیر موکلات و جنات، ملکۃ الجنات و شاہ جنات، تسخیر پریاں، شیاطین، تسخیرات ارواح خبیثہ سفلیہ، تسخیر ملوک سبعہ اور ان کی عفریت و ذریت کے مستند اعمال پر لاجواب و شہرہ آفاق لاثانی تصنیف	200
8	روحانی خطوط	عاملین و کاملین اور نامور حکماء کرام کے خاص الخاص عملیات و تعویذات اور مجربات کا گلدستہ جو انہوں نے اپنے خاص احباب کو بذریعہ خط عطا فرمایا	225
9	عکسِ لوحِ محفوظ	حروف مقطعات نورانیہ کی عالمانہ، صوفیانہ، محققانہ شرح و تشریح تفسیر و معانی اور حروف نورانیہ سے متعلقہ زکوٰۃ کے مستند طریق، شرف کواکب اور شعبہ ہائے زندگی کے مسائل کے حل سے متعلقہ مختلف اعمال و نقوش و تعویذات اور علم لدنی کے مخفی رازوں پر مشتمل بے مثال و لاجواب تصنیف	300
10	فیضان الحروف	حروف ابجد سے کام لینے کے سری قوانین، حروف کی حقیقت، تاثیر، خواص و افعال، قوت جاذبہ، روحانیات اور طلسمات، اعمال و نقوش اور الواح پر مبنی لاثانی و انمول تصنیف	350
11	ریکی ہیلنگ کورس	کائناتی شفاء انرجی "متبادل طریقہ علاج" جو جسمانی، روحانی، ذہنی اور نفسیاتی امراض کے لیے پوری دنیا میں جاری و ساری ہے۔ ریکی ہیلنگ پر اردو میں پہلی بے مثال لاثانی تصنیف	200
12	پیرانارمل علوم کا خلاصہ	ہپناٹزم، یوگا، کلر تھراپی، ارو ما تھراپی، میگنٹ تھراپی، مائنڈ پاور، چی پاور، این ایل پی اور دیگر ماورائی علوم پر مستند تحقیقی مضامین پر مبنی اردو میں پہلی تصنیف	250
13	معراجِ معرفت	طالب عشقِ حقیقی، سلوک و معرفت، طالب مولیٰ، راہِ فقر کے مسافر اور راہِ طریقت پر گامزن ہونے والے مبتدی حضرات کے لیے مشعلِ راہ، خضر نما، پیر کامل کا درجہ رکھنے والی لاثانی تصنیفِ لطیف	200
14	شاہراہِ طریقت	اکابر اولیاء کرام کی تعلیمات پر مبنی بصیرت افروز مرقع، مرشدانِ طریقت کے لیے پیر کامل کا درجہ رکھنے والی تصنیف	250
15	جہانِ تصوف	تصوف کی دنیا میں ایک گراں قدر اضافہ جسے رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا۔ تصوف کے انمول موتیوں کا ایک خوبصورت گلدستہ جس کی خوشبو ہر صوفی و سالک کی روح کو معطر کرتی ہے	300
16	کلیدِ رموزِ مخفی	زمانہ قدیم کی عبرانی، سریانی اور عربی نایاب دعوات مثلاً دعوت برہتیہ، دعوت جلجلوتیہ، دعوت خلخلۃ الھوا، دعوت قسم ناصور، دعائے قرشیہ، دعائے بشمخ، دعائے عجیب الاثر، حاضری مطلوب اور تسخیر مطلوب کے اعمال، اسمائے شمخیثہ اور دعوت صمدیہ کی تشریح شرح و ضاحت اور ان کے نایاب ترین اعمال۔ ارسال ہاتف اور تسخیر ارواح کے صدری اعمال اور طلسمات، ابن عربی و ابن سیناء پر مبنی ایک ایسی تحقیق جسے آنے والی کئی صدیوں تک یاد رکھا جائے گا۔ رُوحانی علوم و فنون کے وہ مخفی خزینے جن کی مشتاقانِ رُوحانیت کو برسوں سے تلاش تھی۔	500
17	مکاشفاتِ اسرار	علوم مصریہ، بابلیہ، یونانیہ اور عربیہ کے تناظر میں اسرار الحروف، الواح، الجواہر، علم الاوفاق، جفر الآثار اور ریاضات و دعوات پر مبنی جامع الفوائد و نادر کتاب (مصنف: فقیر غلام رسول عاملی نقشبندی، لاڑکانہ)	360
	مکمل سیٹ 17 کتب		4260

حال ہی میں شائع ہونے والی کتب "کلیدِ رموزِ مخفی" اور "جہان تصوف" ہیں۔ آج ہی اپنے آڈر سے آگاہ فرمائیں۔

بذریعہ ڈاک کتب پر ڈاک خرچہ الگ ہے

خیر اندیش

علامہ حکیم پیر صوفی غلام سرور شباب قادری

ادارہ فیضان روحانیات پاکستان، اسلام نگر حویلی لکھا ضلع اوکاڑہ پنجاب

0333-6974734,0300-4967412, www.roohaniyat.com

APRIL 2011

خوشخبری جنات نمبر

جنات کے موضوع پر بیش بہا معلومات اور منفرد اعمال کا خزانہ

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا پہلا خاص نمبر ''جنات نمبر'' آج ہی طلب فرمائیں

رسالہ عوام و خواص.........سب کے لئے.........یکساں مفید

قیمت 100 روپے

- جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج کے لئے بزرگانِ دین کے مجربات
- جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج کے لئے عاملین کاملین کے مجربات
- جنات کے متاثرہ مریضوں کی تشخیص کیسے کریں؟
- جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج میں کیا احتیاط کریں؟
- عاملین کے جنات سے متاثرہ مریضوں کے علاج کرنے کے واقعات
- جنات کے متاثرہ مریضوں کے علاج کے طریقے
- جنات کی متاثرہ جگہوں کے علاج کے طریقے
- جنات کو مریض کے اندر حاضر کرنے کے اعمال
- جنات کو جلانے کے اعمال معہ شرعی حیثیت
- جنات کو قید کرنے کے اعمال
- جنات سے حفاظت کے اعمال
- جنات کو دیکھنا ممکن ہے
- جنات کے متاثرہ مریضوں کا علاج صرف اہل افراد کو سکھائیں
- عامل جنات......ایک بہت بڑا محسن
- جنات کو تابع کرنے کے اعمال معہ شرعی حیثیت
- جنات کے عاملین کو نقصان پہنچانے کے واقعات



رسالہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے ذریعے بھیجا جائے گا۔

رسالہ حاصل کرنے کے لئے جلد رابطہ فرمائیں

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Facebook: fb.com/khazinaeruhaniyat
E-mail: magazine@darulamal.org

برائے رابطہ Ph # 042-35410586
Cell # 0322-4773786, 0332-4487877
خط و کتابت: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

OCOTBER 2011

خوشخبری
جادو ٹونہ نمبر

جادو ٹونہ کے موضوع پر دلچسپ اور اہم معلومات و اعمال پر مشتمل

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا دوسرا خاص نمبر ”جادو ٹونہ نمبر“ آج ہی طلب فرمائیں

رسالہ عوام و خواص.........سب کے لئے.........یکساں مفید

قیمت 70 روپے

- جادو سے نجات کے لئے بزرگانِ دین کے مجربات
- جادو سے نجات کے لئے عاملین کاملین کے مجربات
- جادو زدہ مریضوں کی تشخیص کیسے کریں؟
- جادو زدہ مریضوں کے علاج میں کیا احتیاط کریں؟
- جادو زدہ مریضوں کے علاج کے طریقے
- جادو زدہ جگہوں کے علاج کے طریقے
- جادو سے حفاظت کے اعمال
- جادو کہاں ہے؟ پتہ لگانے کا خاص عمل
- دینی اداروں پر ہونے والے سحر و جادو کے توڑ کا مجرب عمل
- ایک عرب عامل کا جادو کے توڑ کے لئے مجرب عمل
- جادو کی کاٹ کے بڑے اعمال:
ہانڈی، کالے بکرے، اونٹ کی ہڈی، کڑاہی، تھیلی والے اعمال
- عاملین کے جادو زدہ مریضوں کا علاج کرنے کے واقعات
- جادو زدہ مریضوں کا علاج صرف اہل افراد کو سکھائیں



رسالہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے ذریعے بھیجا جائے گا۔

رسالہ حاصل کرنے کے لئے جلد رابطہ فرمائیں

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Facebook: fb.com/khazinaeruhaniyat
E-mail: magazine@darulamal.org

برائے رابطہ
Ph # 042-35410586
Cell # 0322-4773786, 0332-4487877
خط و کتابت: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

OCTOBER 2012

خوشخبری


کشائش رزق نمبر

کشائش رزق، کاروبار کی ترقی کے اعمال پر مشتمل رسالہ

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا چوتھا خاص نمبر ''کشائش رزق نمبر'' اپنی مثال آپ ہے

رسالہ عوام و خواص سب کے لئے یکساں مفید

قیمت 120 روپے



- بے گمان رزق کا خاص عمل
- دولت مند اور امیر ہونے کے اعمال
- بندش رزق کا علاج
- بندش کاروبار کا علاج
- پھر کسر نکل جاتی ہے (کالم)
- تجارت......دین سے جدا نہیں
- رزق حلال اور اُس کے اثرات
- وسعتِ رزق کے خاص اعمال
- ادائیگی قرض کے اعمال
- قرض وصول کرنے کا خاص عمل
- تسخیر رزق......بندوبست قدرت
- نوکری و روزگار ملنے کے لئے
- رزق حرام پر دنیا و آخرت کے عبرتناک واقعات
- رزق حلال کی برکتیں
- رزق کی کنجیاں
- سیٹیاں بجاؤ (کالم)
- کشائش رزق کے اعمال
- کاروبار کی ترقی کے اعمال
- دکان کی ترقی کے اعمال
- غربت کا خاتمہ
- دستِ غیب کے اعمال
- خاص الخاص اعمال
- کشائش رزق کے اعمال
- نوکری و عہدہ سے متعلق اعمال
- کشائشِ رزق سے متعلق اولیاء اللہ کے ارشادات
- رزقِ حلال میں ترقی کیلئے علمِ جفر کا قیمتی تحفہ
- رزق سے متعلق کام کی باتیں
- استغفار کے ذریعے کشائشِ رزق
- غربت، افلاس ختم کرنے کے اعمال

رسالہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے ذریعے بھیجا جائے گا۔

رسالہ حاصل کرنے کے لئے جلد رابطہ فرمائیں

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Facebook: fb.com/khazinaeruhaniyat
E-mail: magazine@darulamal.org

برائے رابطہ Ph # 042-35410586
Cell # 0322-4773786, 0332-4487877
خط و کتابت: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

APRIL 2013

خوشخبری


شفائے جسمانی امراض نمبر

جسمانی، نفسیاتی بیماریوں سے شفاء پانے سے متعلق اعمال پر مشتمل خاص نمبر

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا پانچواں خاص نمبر ”شفائے جسمانی امراض نمبر“ اپنی مثال آپ ہے

رسالہ عوام و خواص سب کے لئے یکساں مفید

قیمت 120 روپے



عملیاتی مضامین

- نفسیاتی امراض کے روحانی علاج
- عام جسمانی بیماریوں کے روحانی علاج
- مردانہ امراض کے روحانی علاج
- زنانہ امراض کے روحانی علاج
- بچوں کے امراض کے روحانی علاج
- حافظے میں حیرت انگیز اضافہ حاصل کیجئے
- جان لیوا، مہلک اور بڑے سے بڑے امراض کے روحانی علاج
- گردے و مثانہ کے امراض کے روحانی علاج
- ذیابیطس کے روحانی علاج
- کینسر کے روحانی علاج
- قارئین کرام کے تجربات و تحریریں
- حروف سے شفاء کا مخفی طریقہ
- لوح خاص شفائے امراض
- جسمانی امراض کا روحانی علاج
- شفائے امراض کے خاص اعمال
- روحانی تشخیص کا خاص عمل
- روحانی علاج برائے ہیپاٹائٹس
- ہر مرض سے شفاء کے لئے خاص روحانی اعمال
- ہر طرح کے شرور و بیماریوں سے حفاظت کا انتہائی مجرب عمل
- امراضِ جگر (ہیپاٹائٹس) کے روحانی علاج
- ڈینگی کے روحانی علاج
- ٹی بی کے روحانی علاج
- عاملین کاملین کے شفائے امراض کے مجربات
- اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین کے روحانی تجربات
- لاعلاج امراض سے شفاء کے لئے خاص روحانی اعمال

اسلامی مضامین

- میں تیرا علاج ہوں
- عیادت مریض کے فضائل
- عیادت گزار مریض جلد ٹھیک کیوں ہوجاتے ہیں؟
- بیماریوں کے فضائل اور ان کا شرعی علاج
- زم زم سے شفایاب ہونے والے حضرات کے واقعات

طبی و متفرق مضامین

- طب نبوی ﷺ اور ہماری صحت
- بڑھاپا کیسے دور کریں؟
- لڑکا یا لڑکی...... اختیار مرد کا یا عورت کا؟
- عیادت کے لیے 12 مشورے
- آسان گھریلو علاج
- دماغ کی صلاحیت بڑھائیں
- شباب کے تقاضے اور جنسی امراض و علاج

رسالہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے ذریعے بھیجا جائے گا۔

رسالہ حاصل کرنے کے لئے جلد رابطہ فرمائیں

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Facebook: fb.com/khazinaeruhaniyat
E-mail: magazine@darulamal.org

برائے رابطہ
Ph # 042-35410586
Cell # 0322-4773786, 0332-4487877
خط و کتابت: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

OCTOBER 2013

خوشخبری

حُب و تسخیر نمبر

حُب و تسخیر کے مجرب عملیات پر مشتمل منفرد خاص نمبر

ماہنامہ خزینۂ روحانیات کا چھٹا خاص نمبر ''حُب و تسخیر نمبر'' اپنی مثال آپ ہے

- حُب کی تعریف...... جائز اور ناجائز حُب
- زوجین کے جھگڑوں سے نجات کے اعمال
- کمالاتِ جفر...... حب کا سربستہ راز
- عاملین کاملین کے تسخیر کے مجربات
- حُب کا مختصر مگر اچھوتا عمل
- حُب و تسخیر کا خاص الخاص عمل ''دعائے تسخیر وعقد المحبۃ''
- حُب و تسخیر کے لئے حروف صوامت کے مخفی و مجرب اعمال
- اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین کے تسخیر کے مجربات
- کسی کو اپنی طرف راغب کرنے کے اعمال
- تسخیر کے خاص خاص اعمال
- عام اجازت والے تسخیر کے اعمال
- بیوی مطیع اور فرمانبردار رہو
- اولاد کی فرمانبرداری کے اعمال
- اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین کے حب کے مجربات
- شوہر اور بیوی کی اصلاح کے لئے اعمال
- گھر والوں میں اتفاق و محبت اور جھگڑوں سے نجات کے اعمال
- عاملین کاملین کے حُب کے مجربات
- حُب کے خاص خاص اعمال
- زوجین میں محبت کے اعمال
- سسرالی جھگڑوں اور مسائل سے نجات
- کمالاتِ جفر...... عملِ تسخیر دنیا
- افسر اور حاکم کو راضی کرنے اور ان کی تسخیر کرنے کے اعمال
- عام اجازت والے حُب کے اعمال
- حُب کے مخفی اعمال
- حُب کے اعمال کے عامل بنیں
- حُب و تسخیر کے مجرب عملیات
- نادر روزگار...... عملِ حُب
- تسخیرِ قلوب کے اعمال

رسالہ عوام و خواص سب کے لئے یکساں مفید

قیمت: 70 روپے



رسالہ رجسٹرڈ ڈاک یا کوریئر کے ذریعے بھیجا جائے گا۔

رسالہ حاصل کرنے کے لئے جلد رابطہ فرمائیں

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Facebook: fb.com/khazinaeruhaniyat
E-mail: magazine@darulamal.org

برائے رابطہ Ph # 042-35410586
Cell # 0322-4773786, 0332-4487877

خط و کتابت: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570

تھیلی والا عمل

سخت جادو اور جنات سے نجات کا عمل۔ اس عمل کے پیچھے عامل جنات غیبی معاونت کرتے ہیں، جو جادو اور شیاطین، آسیب، خبیث جنات اور ہر طرح کے جادوگر...... چاہے وہ انسانوں میں سے ہو یا جنات وشیاطین میں سے...... سے لڑنے میں مہارت رکھتے ہیں۔

یہ عمل صرف ان عاملین کے لیے ہے، جنہوں نے بنیادی ریاضتیں کی ہوئی ہوں۔ اس عمل میں چالیس یوم کا چلّہ باپرہیز کیا جاتا ہے۔ کامیابی پر عامل، بڑے سے بڑے جادو اور جنات کا علاج آسانی سے کرسکتا ہے۔

ھدیہ اجازت عمل 11000 روپے۔

کڑاہی والا عمل

بڑے سے بڑے اور سخت سے سخت جادو اور جنات سے نجات کا عمل مجرب المجرب عمل۔ اس عمل میں گروہ در گروہ جنات اور شیاطین کڑاہی میں جلتے ہیں۔ چاہے وہ کتنے ہی بڑے جادوگر اور عامل ہوں، اس عمل کے سامنے ان کی طاقتیں کمزور پڑ جاتی ہیں۔ جو انسانی جادوگر پیچھے سے وار کررہا ہوتا ہے، اس کی طاقتیں بھی کڑاہی میں جل کر خاک ہوجاتی ہیں۔ اس عمل کو صرف بڑے عامل ہی کر سکتے ہیں۔ خاص کر ان جگہوں پر کیا جاتا ہے، جہاں جادو اور جنات نے بسیرا کرلیا ہو اور کسی طرح بھی نکلنے کا نام نہ لے رہے ہوں۔ اس عمل میں تین سے چار بڑے چلّے کروائے جاتے ہیں۔

ھدیہ اجازت عمل 50000 روپے۔

بکرے کے صدقے کا عمل

جب جنات یا جادو سخت نقصان دہ ہوجائیں تو ان کے علاج کے لیے بکرے کے صدقے کا خاص عمل کیا جاتا ہے۔ اس عمل کی برکت سے جادو اور جنات مریض کا جسم چھوڑ دیتے ہیں اور کسی قسم کا نقصان دیے بغیر چھوڑتے ہیں۔ یہ عمل ان مریضوں کے لیے کیا جاتا ہے، جو عرصے سے جادو اور جنات کے اثرات میں مبتلا رہ کر کئی طرح کے امراض کا شکار ہوگئے ہوں۔ اسی طرح اس عمل کو لاعلاج اور ڈاکٹروں سے مایوس مریضوں کے لیے بھی کیا جاتا ہے، جس سے شفاء کی ایک نئی امید مریضوں کو ملتی ہے۔ اس عمل میں ایک باپرہیز چلّہ کرنا پڑتا ہے۔

ھدیہ اجازت عمل 4100 روپے۔

اونٹ کی ہڈی والا عمل

اونٹ کی ہڈی کا مشہور عمل جو گھر سے جادو اور جنات کو نکالنے اور ان سے حفاظت کا خاص عمل ہے۔ اس عمل میں دو چلّے کرنے پڑتے ہیں۔ اس کے بعد عامل اس قابل ہوجاتا ہے کہ اونٹ کی ہڈی پڑھ کر دے اور مریض گھر میں رکھے تو بداثرات، جادو اور خبیث جنات گھر چھوڑ کر چلے جاتے ہیں۔

ھدیہ اجازت عمل 3100 روپے۔